مِنْ ذٰلِكَ	فَهُمْ	شُرَكَآءُ	فِي الثُّلُثِ	مِنْۢ بَعْدِ	وَصِيَّةٍ
اس سے	تو وہ	شریک ہیں	تیسرے حصہ میں	بعد	وصیت کے

تو سب ایک تہائی میں شریک ہوں گے (یہ تقسیم بھی) اس وصیت کے بعد (ہو گی) جو (وارثوں کو)

يُّوْصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۙ غَيْرَ مُضَآرٍّ ۚ وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ ۗ

يُّوْصٰى	بِهَآ	اَوْ دَيْنٍ	غَيْرَ	مُضَآرٍّ	وَصِيَّةً	مِّنَ اللّٰهِ
جو وصیت کر گیا ہو	اس کی	یا قرضہ	بغیر	نقصان کے	حکم ہے	اللہ کی طرف سے

نقصان پہنچائے بغیر کی گئی ہو یا قرض (کی ادائیگی) کے بعد، یہ اللہ کی طرف سے حکم ہے،

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ۗ (۱۲) تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۗ وَمَنْ يُّطِعِ

وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَلِيْمٌ	تِلْكَ	حُدُوْدُ	اللّٰهِ	وَ	مَنْ	يُّطِعِ
اور اللہ	علم والا	حلم والا ہے	یہ	حدیں ہیں	اللہ کی	اور	جو	اطاعت کرے گا

اور اللہ خوب علم و حلم والا ہے۔ یہ اللہ کی حدیں ہیں اور جو حکم مانے اللہ اور

Marfat.com

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	يُدْخِلْهُ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ
اللہ کی	اور اس کے رسول کی	داخل کرے گا اسے	باغوں میں	رواں ہیں	اس کے نیچے	نہریں

اللہ کے رسول کا اللہ اسے باغوں میں لے جائے گا جن کے نیچے

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۳﴾ وَمَنْ يَّعْصِ

خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	وَ	ذٰلِكَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ	وَ	مَنْ	يَّعْصِ
ہمیشہ رہیں	اس میں	اور	یہ ہے	کامیابی	بڑی	اور	جو	نافرمانی کرے

نہریں رواں ہمیشہ ان میں رہیں گے اور یہی ہے بڑی کامیابی۔ اور جو اللہ اور اس کے

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا

اللّٰهَ	وَ	رَسُوْلَهٗ	وَ	يَتَعَدَّ	حُدُوْدَهٗ	يُدْخِلْهُ	نَارًا	خَالِدًا
اللہ کی	اور	اس کے رسول کی	اور	گزر جائے	اس کی حدوں سے	داخل کرے گا اسے	آگ میں	ہمیشہ رہے

رسول کی نافرمانی کرے اور اس کی کل حدوں سے بڑھ جائے اللہ اسے آگ میں داخل کرے گا جس میں ہمیشہ رہے گا

ع
فِيْهَا ۠ وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۴﴾ وَالّٰتِيْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ

فِيْهَا	وَلَهٗ	عَذَابٌ	مُّهِيْنٌ	وَ	الّٰتِيْ	يَاْتِيْنَ	الْفَاحِشَةَ
اس میں	اور اس کے لئے	عذاب ہے	ذلیل کرنے والا	اور	وہ جو	ارتکاب کرے	بے حیائی کا

اور یہ اس کیلئے خواری کا عذاب ہے۔ اور تمہاری عورتوں میں سے جو بدکاری

مِنْ نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ ۚ فَاِنْ

مِنْ نِّسَآئِكُمْ	فَاسْتَشْهِدُوْا	عَلَيْهِنَّ	اَرْبَعَةً	مِّنْكُمْ	فَاِنْ
تمہاری عورتوں سے	تو گواہ کر لو تم	ان پر	چار آدمی	اپنے میں سے	تو اگر

کا ارتکاب کر بیٹھیں تو ان پر اپنے لوگوں میں سے چار مردوں کی گواہی طلب کرو پھر اگر وہ گواہی دے دیں

Marfat.com

شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ حَتّٰى يَتَوَفّٰهُنَّ

شَهِدُوْا	فَاَمْسِكُوْهُنَّ	فِي الْبُيُوْتِ	حَتّٰى	يَتَوَفّٰهُنَّ
وہ گواہی دیں	تو روکو ان کو	گھروں میں	یہاں تک کہ	اٹھالے ان کو

تو ان عورتوں کو گھروں میں بند کر دو یہاں تک کہ موت ان کے عرصۂ حیات کو پورا کر دے

الْمَوْتُ اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا ﴿۱۵﴾ وَالَّذٰنِ يَاْتِيٰنِهَا

الْمَوْتُ	اَوْ	يَجْعَلَ	اللّٰهُ	لَهُنَّ	سَبِيْلًا	وَ	الَّذٰنِ	يَاْتِيٰنِهَا
موت	یا	بنائے	اللہ	ان کے لئے	کوئی راہ	اور	وہ دو	جو ارتکاب کرے اس کا

یا اللہ ان کیلئے کوئی راہ (یعنی نیا حکم) مقرر فرما دے۔ اور تم میں سے جو بھی کوئی

مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ فَاِنْ تَابَا وَ اَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا

مِنْكُمْ	فَاٰذُوْهُمَا	فَاِنْ	تَابَا	وَ	اَصْلَحَا	فَاَعْرِضُوْا
تم میں سے	تو سزا دو ان کو	تو اگر	وہ توبہ کریں	اور	نیک ہو جائیں	تو درگزر کرو

دو بدکاری کا ارتکاب کریں تو ان دونوں کو ایذاء پہنچاؤ پھر اگر وہ توبہ کر لیں اور (اپنی) اصلاح کر لیں تو انہیں سزا دینے

عَنْهُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۱۶﴾ اِنَّمَا التَّوْبَةُ

عَنْهُمَا	اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	تَوَّابًا	رَّحِيْمًا	اِنَّمَا	التَّوْبَةُ
ان سے	بے شک	اللہ	ہے	توبہ قبول کرنے والا	مہربان	اس کے سوا نہیں کہ	توبہ

سے گریز کرو، بیشک اللہ بڑا توبہ قبول فرمانے والا مہربان ہے۔ وہ توبہ جس کا

عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ

عَلَى اللّٰهِ	لِلَّذِيْنَ	يَعْمَلُوْنَ	السُّوْٓءَ	بِجَهَالَةٍ	ثُمَّ	يَتُوْبُوْنَ
اللہ کے ذمہ ہے	ان کیلئے جو	کام کرتے ہیں	برے	نادانی سے	پھر	توبہ کرتے ہیں

اللہ نے وعدہ کیا صرف ان لوگوں کیلئے ہے جو نادانی کی وجہ سے گناہ کر بیٹھیں پھر جلدی سے توبہ کر لیں

Marfat.com

مِنۡ قَرِيۡبٍ فَاُولٰٓئِكَ يَتُوۡبُ اللّٰهُ عَلَيۡهِمۡ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

مِنۡ قَرِيۡبٍ	فَاُولٰٓئِكَ	يَتُوۡبُ	اللّٰهُ	عَلَيۡهِمۡ	وَ	كَانَ	اللّٰهُ
جلدی سے	تو یہی لوگ ہیں کہ	توبہ قبول کرتا ہے	اللہ	ان کی	اور	ہے	اللہ

تو وہ ایسے لوگ ہیں جن پر اللہ اپنی رحمت کے ساتھ رجوع فرماتا ہے اور اللہ خوب جاننے والا

عَلِيۡمًا حَكِيۡمًا ﴿۱۷﴾ وَلَيۡسَتِ التَّوۡبَةُ لِلَّذِيۡنَ يَعۡمَلُوۡنَ

عَلِيۡمًا	حَكِيۡمًا	وَ	لَيۡسَتِ	التَّوۡبَةُ	لِلَّذِيۡنَ	يَعۡمَلُوۡنَ
جاننے والا	حکمت والا	اور	نہیں	توبہ	ان کی جو	کام کریں

بہت حکمت والا ہے۔ اور (یہ) توبہ ان لوگوں کیلئے نہیں جو (مسلسل) گناہ کرتے رہتے ہیں

السَّيِّاٰتِ ۚ حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الۡمَوۡتُ قَالَ

السَّيِّاٰتِ	حَتّٰٓى	اِذَا	حَضَرَ	اَحَدَهُمُ	الۡمَوۡتُ	قَالَ
برے	یہاں تک کہ	جب	حاضر ہو	ایک ان کے کو	موت	کہے

یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کو موت آئے تو کہے میں نے اب توبہ کی

اِنِّىۡ تُبۡتُ الۡـٰٔنَ وَلَا الَّذِيۡنَ يَمُوۡتُوۡنَ وَهُمۡ كُفَّارٌ ؕ

اِنِّىۡ	تُبۡتُ	الۡـٰٔنَ	وَ	لَا	الَّذِيۡنَ	يَمُوۡتُوۡنَ	وَ	هُمۡ	كُفَّارٌ
بیشک میں	توبہ کرتا ہوں	اب	اور	نہ	ان کی جو	مریں	اور	وہ	کافر ہوں

اور نہ (یہ توبہ) ان لوگوں کیلئے ہے جو مر جاتے ہیں اس حال میں کہ وہ کافر ہیں،

اُولٰٓئِكَ اَعۡتَدۡنَا لَهُمۡ عَذَابًا اَلِيۡمًا ﴿۱۸﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ

اُولٰٓئِكَ	اَعۡتَدۡنَا	لَهُمۡ	عَذَابًا	اَلِيۡمًا	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيۡنَ
یہ لوگ ہیں کہ	ہم نے تیار کر رکھا ہے	ان کے لئے	عذاب	دردناک	اے	وہ لوگو جو

ان کیلئے ہم نے دردناک عذاب تیار کیا ہے۔ اے ایمان والو!

Marfat.com

اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا ۭ وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ

اٰمَنُوْا	لَا	يَحِلُّ	لَكُمْ	اَنْ	تَرِثُوْا	النِّسَآءَ	كَرْهًا	وَ	لَا	تَعْضُلُوْهُنَّ
ایمان لائے	نہیں	حلال	تم کو	یہ کہ	وارث بنو	عورتوں کے	زبردستی	اور	نہ	روکو ان کو

تمہیں حلال نہیں کہ عورتوں کے وارث بن جاؤ زبردستی اور عورتوں کو روکو نہیں

لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ

لِتَذْهَبُوْا	بِبَعْضِ	مَآ	اٰتَيْتُمُوْهُنَّ	اِلَّآ	اَنْ	يَّاْتِيْنَ
تاکہ لے لو تم	بعض حصہ	اس کا جو	دیا ہے ان کو	مگر	یہ کہ	وہ ارتکاب کریں

اس نیت سے کہ جو مہر اُن کو دیا تھا اس میں سے کچھ لے لو مگر اس

بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ

بِفَاحِشَةٍ	مُّبَيِّنَةٍ	وَعَاشِرُوْهُنَّ	بِالْمَعْرُوْفِ	فَاِنْ
بے حیائی کا	کھلم کھلا	اور برتاؤ کرو ان سے	اچھا	پھر اگر

وارت میں کہ کھلی بے حیائی کا کام کریں اور ان سے اچھا برتاؤ کرو پھر اگر

كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْئًا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ

كَرِهْتُمُوْهُنَّ	فَعَسٰٓى	اَنْ	تَكْرَهُوْا	شَيْئًا	وَّ	يَجْعَلَ	اللّٰهُ	فِيْهِ
ناپسند کرو تم ان کو	تو قریب ہے	یہ کہ	ناپسند کرو تم	کسی چیز کو	اور	کرے	اللہ	اس میں

وہ تمہیں پسند نہ آئیں تو قریب ہے کہ کوئی چیز تمہیں ناپسند ہو اللہ اس میں بہت

خَيْرًا كَثِيْرًا ﴿۱۹﴾ وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ

خَيْرًا	كَثِيْرًا	وَ	اِنْ	اَرَدْتُّمُ	اسْتِبْدَالَ	زَوْجٍ	مَّكَانَ
بھلائی	بہت	اور	اگر	ارادہ کرو تم	بدلنے کا	بیوی	جگہ

بھلائی رکھے۔ اور اگر تم ایک بیوی کے بدلے دوسری بدلنا چاہو اور اسے

Marfat.com

زَوْجٍ ۙ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ

زَوْجٍ	وَّاٰتَيْتُمْ	اِحْدٰىهُنَّ	قِنْطَارًا	فَلَا	تَاْخُذُوْا	مِنْهُ
بیوی کے	اور دیا تم نے	ایک ان کی کو	ڈھیر مال کا	تو نہ	لو	اس سے

ڈھیروں مال دے چکے ہو تو اس میں سے کچھ واپس نہ لو کیا

شَيْـًٔا ؕ اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۲۰﴾ وَكَيْفَ

شَيْـًٔا	اَتَاْخُذُوْنَهٗ	بُهْتَانًا	وَّاِثْمًا	مُّبِيْنًا	وَ	كَيْفَ
کچھ	کیا لیتے ہو	جھوٹ باندھ کر	اور گناہ	کھلے ہوئے سے	اور	کیونکر

اسے واپس لو گے جھوٹ باندھ کر اور کھلے گناہ سے۔ اور تم

تَاْخُذُوْنَهٗ وَقَدْ اَفْضٰى بَعْضُكُمْ اِلٰى بَعْضٍ وَّاَخَذْنَ

تَاْخُذُوْنَهٗ	وَقَدْ	اَفْضٰى	بَعْضُكُمْ	اِلٰى	بَعْضٍ	وَّ	اَخَذْنَ
لیتے ہو اس سے	اور بیشک	مل چکے ہیں (بے پردہ)	بعض تمہارا	طرف	بعض کے	اور	لے چکیں

اسے کیسے واپس لے سکتے ہو حالانکہ تم ایک دوسرے سے خلوت میں مل چکے ہو

مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۲۱﴾ وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ

مِنْكُمْ	مِّيْثَاقًا	غَلِيْظًا	وَ	لَا	تَنْكِحُوْا	مَا	نَكَحَ	اٰبَآؤُكُمْ
تم سے	عہد	مضبوط	اور	نہ	نکاح کرو	اس سے	جس سے نکاح کر چکے	باپ تمہارے

اور وہ تم سے پختہ عہد (بھی) لے چکی ہے۔ اور ان عورتوں سے نکاح نہ کرو جن سے تمہارے باپ

مِّنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّمَقْتًا ؕ

مِّنَ النِّسَآءِ	اِلَّا	مَا	قَدْ سَلَفَ	اِنَّهٗ	كَانَ	فَاحِشَةً	وَّ	مَقْتًا
عورتوں سے	مگر	وہ جو	ہو گزرا	بیشک یہ	ہے	بے حیائی	اور	غضب کی بات

دادا نکاح کر چکے ہوں مگر جو (اس حکم سے پہلے) گزر چکا (وہ معاف ہے) بے شک یہ بڑے بے حیائی اور غضب (کا باعث) ہے اور

Marfat.com

وَسَآءَ سَبِيلًا ﴿٢٢﴾ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَٰتُكُمْ وَبَنَٰتُكُمْ ع ۴ ۱۴

وَسَآءَ	سَبِيلًا	حُرِّمَتْ	عَلَيْكُمْ	أُمَّهَٰتُكُمْ	وَ	بَنَٰتُكُمْ
اور بری	راہ	حرام ہوئیں	تم پر	تمہاری مائیں	اور	تمہاری بیٹیاں

بہت برا طریقہ ہے۔ حرام کی گئیں تم پر تمہاری مائیں

وَأَخَوَٰتُكُمْ وَعَمَّٰتُكُمْ وَخَٰلَٰتُكُمْ وَبَنَٰتُ الْأَخِ وَبَنَٰتُ

وَ	أَخَوَٰتُكُمْ	وَعَمَّٰتُكُمْ	وَ	خَٰلَٰتُكُمْ	وَبَنَٰتُ	الْأَخِ	وَبَنَٰتُ
اور	تمہاری بہنیں	اور تمہاری پھوپھیاں	اور	تمہاری خالائیں	اور بیٹیاں	بھائی کی	اور بیٹیاں

اور تمہاری بیٹیاں اور تمہاری بہنیں اور تمہاری پھوپھیاں

الْأُخْتِ وَأُمَّهَٰتُكُمُ الَّٰتِىٓ أَرْضَعْنَكُمْ وَأَخَوَٰتُكُم

الْأُخْتِ	وَأُمَّهَٰتُكُمُ	الَّٰتِىٓ	أَرْضَعْنَكُمْ	وَأَخَوَٰتُكُم
بہن کی	اور تمہاری مائیں	وہ جو	دودھ پلائیں تم کو	اور تمہاری بہنیں

اور تمہاری خالائیں اور بھتیجیاں اور بھانجیاں اور تمہاری مائیں

مِّنَ الرَّضَٰعَةِ وَأُمَّهَٰتُ نِسَآئِكُمْ وَرَبَٰٓئِبُكُمُ

مِّنَ الرَّضَٰعَةِ	وَأُمَّهَٰتُ	نِسَآئِكُمْ	وَ	رَبَٰٓئِبُكُمُ
دودھ شریک	اور مائیں	تمہاری بیویوں کی	اور	بیٹیاں تمہای

جنہوں نے تمہیں دودھ پلایا اور تمہاری رضائی بہنیں

الَّٰتِى فِى حُجُورِكُم مِّن نِّسَآئِكُمُ الَّٰتِى

الَّٰتِى	فِى	حُجُورِكُم	مِّن نِّسَآئِكُمُ	الَّٰتِى
وہ جو	میں	گودوں تمہاری ہیں	تمہاری عورتوں سے	وہ جو

اور تمہاری عورتوں کی مائیں اور ان کی بیٹیاں

Marfat.com

دَخَلْتُمْ بِهِنَّ ۫ فَاِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ

دَخَلْتُمْ	بِهِنَّ	فَاِنْ	لَّمْ	تَكُوْنُوْا	دَخَلْتُمْ
صحبت کی ہو تم نے	ان سے	پھر اگر	نہ	ہو تم کہ	صحبت کی تم نے

جو تمہاری پرورش میں ہیں تمہاری ان بیویوں سے جن سے تم صحبت کر چکے ہو

بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ ۫ وَ حَلَآئِلُ

بِهِنَّ	فَلَا	جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ	وَ	حَلَآئِلُ
ان سے	تو نہیں	گناہ	تم پر	اور	بیویاں

تو اگر تم نے ان سے صحبت نہ کی ہو تو (ان کی بیٹیوں سے نکاح کرنے میں)

اَبْنَآئِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ ۙ وَ اَنْ

اَبْنَآئِكُمُ	الَّذِيْنَ	مِنْ اَصْلَابِكُمْ	وَ	اَنْ
تمہارے بیٹوں کی	وہ جو	تمہاری نسل سے ہوں	اور	یہ کہ

تم پر کوئی گناہ نہیں اور (حرام کی گئیں تم پر) تمہارے

تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ

تَجْمَعُوْا	بَيْنَ	الْاُخْتَيْنِ	اِلَّا	مَا	قَدْ سَلَفَ
اکٹھا کرو تم	درمیان	دو بہنوں کو	مگر	جو	پہلے گزر چکا

نسلی بیٹوں کی بیویاں اور یہ کہ تم جمع کرو دو بہنوں کو

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۲۳﴾ ۙ

اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا
بیشک	اللہ	ہے	بخشنے والا	مہربان

مگر جو گزر چکا بے شک اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔

Marfat.com

الجزء ۵

وَّالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۚ كِتٰبَ اللّٰهِ

وَ	الْمُحْصَنٰتُ	مِنَ النِّسَآءِ	اِلَّا	مَا	مَلَكَتْ	اَيْمَانُكُمْ	كِتٰبَ	اللّٰهِ
اور	شوہر والیاں	عورتوں میں سے	مگر	جو	مالک ہوئے	تمہارے ہاتھ	نوشتہ ہے	اللہ کا

اور (تم پر حرام کی گئیں) وہ عورتیں جو دوسروں کے نکاح میں ہوں مگر (کافروں کی وہ عورتیں) جن کے تم مالک ہو جاؤ (یہ حکم) تم پر اللہ کا

عَلَيْكُمْ ۚ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ

عَلَيْكُمْ	وَ	اُحِلَّ	لَكُمْ	مَّا	وَرَآءَ	ذٰلِكُمْ	اَنْ	تَبْتَغُوْا	بِاَمْوَالِكُمْ
تم پر	اور	حلال ہیں	تمہارے لئے	جو	سوا	اس کے	یہ کہ	ڈھونڈو	اپنے مال سے

فرض کیا ہوا ہے اور حلال کی گئیں تمہارے لئے (وہ سب عورتیں) جو ان کے علاوہ ہیں کہ تم طلب کرو اپنے مال کے عوض اس حال میں کہ تم

مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ۗ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ

مُّحْصِنِيْنَ	غَيْرَ	مُسٰفِحِيْنَ	فَمَا	اسْتَمْتَعْتُمْ	بِهٖ	مِنْهُنَّ	فَاٰتُوْهُنَّ
قید میں لانے کو	نہ کہ	شہوت رانی کو	تو جو	فائدہ حاصل کرو	ان سے	ان میں سے	تو دو ان کو

عورتوں کو اپنے نکاح میں لانے والے ہو نہ یہ کہ تم نفس کی خواہش پوری کرنے والے ہو پھر جن عورتوں سے (نکاح کر کے) مہر کے عوض

اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ۗ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ

اُجُوْرَهُنَّ	فَرِيْضَةً	وَ	لَا	جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ	فِيْمَا	تَرٰضَيْتُمْ	بِهٖ
مہران کے	مقرر شدہ	اور	نہیں	گناہ	تم پر	اس میں جو	رضامند ہو	اس پر

تم نے فائدہ اٹھالیا تو ان کے مہر انہیں ادا کر دو (اللہ کا) فریضہ ہے اور تم پر کوئی گناہ نہیں اس چیز میں جس پر تم آپس میں راضی ہو گئے مہر

مِنْۢ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۲۴﴾ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ

مِنْۢ بَعْدِ	الْفَرِيْضَةِ	اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	عَلِيْمًا	حَكِيْمًا	وَ	مَنْ	لَّمْ	يَسْتَطِعْ
سے بعد	مقرر کرنے کے	بیشک	اللہ	ہے	جاننے والا	حکمت والا	اور	جو	نہ	طاقت رکھے

مقرر ہونے کے بعد بے شک اللہ بہت جاننے والا بڑی حکمت والا ہے۔ اور جو شخص تم میں سے

Marfat.com

مِنۡكُمۡ طَوۡلًا اَنۡ يَّنۡكِحَ الۡمُحۡصَنٰتِ الۡمُؤۡمِنٰتِ فَمِنۡ مَّا مَلَكَتۡ

مِنۡكُمۡ	طَوۡلًا	اَنۡ	يَّنۡكِحَ	الۡمُحۡصَنٰتِ	الۡمُؤۡمِنٰتِ	فَمِنۡ	مَّا	مَلَكَتۡ
تم میں سے	مقدور	یہ کہ	نکاح کرے	آزاد	مومنہ سے	تو ان سے	جو	مالک ہوئے

آزاد مسلمان عورتوں سے نکاح کرنے کی پوری وسعت و طاقت نہ رکھتا ہو تو وہ مسلمان کنیزوں سے جن کے تم مالک ہو

اَيۡمَانُكُمۡ مِّنۡ فَتَيٰتِكُمُ الۡمُؤۡمِنٰتِ‌ؕ وَاللّٰهُ اَعۡلَمُ بِاِيۡمَانِكُمۡ‌ؕ

اَيۡمَانُكُمۡ	مِّنۡ فَتَيٰتِكُمُ	الۡمُؤۡمِنٰتِ	وَ	اللّٰهُ	اَعۡلَمُ	بِاِيۡمَانِكُمۡ
تمہارے ہاتھ	تمہاری کنیزیں	مومنہ	اور	اللہ	خوب جانتا ہے	تمہارے ایمان

(اپنا نکاح کرلے) اللہ تعالیٰ تمہارے ایمان کو خوب جانتا ہے تم ایک دوسرے (کی جنس، اولاد آدم) سے ہو اس لیے (ان کنیزوں

بَعۡضُكُمۡ مِّنۡۢ بَعۡضٍ‌ ۚ فَانۡكِحُوۡهُنَّ بِاِذۡنِ اَهۡلِهِنَّ

بَعۡضُكُمۡ	مِّنۡۢ بَعۡضٍ	فَانۡكِحُوۡهُنَّ	بِاِذۡنِ	اَهۡلِهِنَّ
بعض تمہارا	بعض سے ہے	تو نکاح کرو ان سے	اجازت سے	ان کے مالکوں کی

سے) ان کے مالکوں کی اجازت سے نکاح کرلو

وَاٰتُوۡهُنَّ اُجُوۡرَهُنَّ بِالۡمَعۡرُوۡفِ مُحۡصَنٰتٍ غَيۡرَ مُسٰفِحٰتٍ

وَ	اٰتُوۡهُنَّ	اُجُوۡرَهُنَّ	بِالۡمَعۡرُوۡفِ	مُحۡصَنٰتٍ	غَيۡرَ	مُسٰفِحٰتٍ
اور	دو ان کو	مہر ان کے	دستور کے مطابق	پاک دامنوں کو	نہ کہ	بدچلن

اور (شرعی) دستور کے مطابق ان کے مہر ان کو دو وہ پاک دامن ہوں نہ کہ اعلانیہ بدکاری کرنے والیاں

وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخۡدَانٍ‌ ۚ فَاِذَاۤ اُحۡصِنَّ فَاِنۡ اَتَيۡنَ بِفَاحِشَةٍ

وَّ	لَا	مُتَّخِذٰتِ	اَخۡدَانٍ	فَاِذَاۤ	اُحۡصِنَّ	فَاِنۡ	اَتَيۡنَ	بِفَاحِشَةٍ
اور	نہ	پکڑنے والیاں	یاروں کو	تو جب	قبضہ میں آجائیں	تو اگر	آئیں	بے حیائی کی طرف

نہ خفیہ آشنائی کرنے والیاں پس جب یہ کنیزیں نکاح میں آجائیں پھر اگر وہ بے حیائی کا کام کریں

Marfat.com

فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ

فَعَلَيْهِنَّ	نِصْفُ	مَا	عَلَى	الْمُحْصَنٰتِ	مِنَ الْعَذَابِ	ذٰلِكَ	لِمَنْ
تو ان پر	آدھا ہے	جو	اوپر	آزاد عورتوں کے ہے	سزا سے	یہ	اس کیلئے ہے

تو جو سزا آزاد عورتوں پر ہے ان پر اس سزا کی آدھی سزا ہے کنیزوں سے نکاح کا یہ حکم تم میں سے ان لوگوں کیلئے ہے جنہیں گناہ اور تکلیف

خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ ۭ وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

خَشِيَ	الْعَنَتَ	مِنْكُمْ	وَ	اَنْ	تَصْبِرُوْا	خَيْرٌ	لَّكُمْ	وَ	اللّٰهُ	غَفُوْرٌ
جو ڈرے	زنا سے	تم میں سے	اور	اگر	صبر کرو تو	بہتر ہے	تمہارے لئے	اور	اللہ	بخشنے والا

میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہو اور تمہارا صبر کرنا بہت بہتر ہے اور اللہ بہت بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ۝۲۵ يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِيْنَ مِنْ ع

رَّحِيْمٌ	يُرِيْدُ	اللّٰهُ	لِيُبَيِّنَ	لَكُمْ	وَ	يَهْدِيَكُمْ	سُنَنَ	الَّذِيْنَ
مہربان ہے	چاہتا ہے	اللہ	کہ بیان کرے	تمہارے لئے	اور	دکھائے تم کو	طریقہ	ان کا

مہربان ہے۔ اللہ چاہتا ہے کہ اپنے احکام تمہارے لئے بیان کر دے اور تمہیں ان لوگوں کے طریقہ پر چلائے

قَبْلِكُمْ وَيَتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۲۶ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ

مِنْ قَبْلِكُمْ	وَ	يَتُوْبَ	عَلَيْكُمْ	وَ	اللّٰهُ	عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ	وَ	اللّٰهُ	يُرِيْدُ	اَنْ
جو تم سے پہلے تھے	اور	رجوع کرے	تم پر	اور	اللہ	علم والا حکمت والا ہے	اور	اللہ	چاہتا ہے	یہ کہ

جو تم سے پہلے تھے اور تم پر اپنی رحمت سے رجوع فرمائے اور اللہ علم و حکمت والا ہے۔ اور اللہ تم پر مہربانی

يَّتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۣ وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ اَنْ تَمِيْلُوْا

يَّتُوْبَ	عَلَيْكُمْ	وَ	يُرِيْدُ	الَّذِيْنَ	يَتَّبِعُوْنَ	الشَّهَوٰتِ	اَنْ	تَمِيْلُوْا
رجوع کرے	تم پر	اور	چاہتے ہیں	وہ جو	پیروی کرتے ہیں	خواہشوں کی	یہ کہ	جھکو تم

فرمانا چاہتا ہے اور جو لوگ خواہشات (نفسانی) کی پیروی کر رہے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ تم راہ راست سے

Marfat.com

مَيۡلًا عَظِيۡمًا ﴿۲۷﴾ يُرِيۡدُ اللّٰهُ اَنۡ يُّخَفِّفَ عَنۡكُمۡ ۚ وَخُلِقَ الۡاِنۡسَانُ

مَيۡلًا	عَظِيۡمًا	يُرِيۡدُ	اللّٰهُ	اَنۡ	يُّخَفِّفَ	عَنۡكُمۡ	وَ	خُلِقَ	الۡاِنۡسَانُ
جھکنا	بہت	چاہتا ہے	اللہ	یہ کہ	تخفیف کرے	تم سے	اور	پیدا کیا گیا	انسان

جھک کر بہت دور نکل جاؤ۔ اللہ چاہتا ہے کہ تم سے بوجھ ہلکا کر دے کیونکہ انسان کمزور پیدا

ضَعِيۡفًا ﴿۲۸﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَاۡكُلُوۡۤا اَمۡوَالَكُمۡ بَيۡنَكُمۡ

ضَعِيۡفًا	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيۡنَ	اٰمَنُوۡا	لَا	تَاۡكُلُوۡۤا	اَمۡوَالَكُمۡ	بَيۡنَكُمۡ
کمزور	اے	لوگو جو	ایمان لائے ہو	نہ	کھاؤ	اپنے مال	آپس میں

کیا گیا ہے۔ اے ایمان والو! نہ کھاؤ اپنے مال آپس میں ناحق لیکن یہ کہ تجارت ہو

بِالۡبَاطِلِ اِلَّاۤ اَنۡ تَكُوۡنَ تِجَارَةً عَنۡ تَرَاضٍ مِّنۡكُمۡ ۟ وقف وَلَا تَقۡتُلُوۡۤا

بِالۡبَاطِلِ	اِلَّاۤ	اَنۡ	تَكُوۡنَ	تِجَارَةً	عَنۡ تَرَاضٍ	مِّنۡكُمۡ	وَ	لَا	تَقۡتُلُوۡۤا
ناحق	مگر	یہ کہ	ہو	تجارت	رضامندی سے	تم میں	اور	نہ	قتل کرو

تمہاری آپس کی رضامندی سے اور نہ ہلاک کرو اپنے آپ کو بے شک

اَنۡفُسَكُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمۡ رَحِيۡمًا ﴿۲۹﴾ وَمَنۡ يَّفۡعَلۡ ذٰلِكَ عُدۡوَانًا

اَنۡفُسَكُمۡ	اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	بِكُمۡ	رَحِيۡمًا	وَ	مَنۡ	يَّفۡعَلۡ	ذٰلِكَ	عُدۡوَانًا
اپنی جانوں کو	بیشک	اللہ	ہے	تم پر	مہربان	اور	جو	کرے	ایسا	زیادتی

اللہ تم پر بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اور جو ایسا کرے زیادتی اور ظلم کی بناء پر تو

وَّظُلۡمًا فَسَوۡفَ نُصۡلِيۡهِ نَارًا ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيۡرًا ﴿۳۰﴾ اِنۡ

وَ	ظُلۡمًا	فَسَوۡفَ	نُصۡلِيۡهِ	نَارًا	وَ	كَانَ	ذٰلِكَ	عَلَى	اللّٰهِ	يَسِيۡرًا	اِنۡ
اور	ظلم سے	تو عنقریب	داخل کریں گے ہم اسے	آگ میں	اور	ہے	یہ	اوپر	اللہ کے	آسان	اگر

عنقریب ہم اسے آگ میں پہنچا دیں گے اور یہ اللہ پر بالکل آسان ہے۔ اگر

Marfat.com

تَجْتَنِبُوْا كَبٰٓئِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ

تَجْتَنِبُوْا	كَبٰٓئِرَ	مَا	تُنْهَوْنَ	عَنْهُ	نُكَفِّرْ	عَنْكُمْ	سَيِّاٰتِكُمْ	وَنُدْخِلْكُمْ
بچتے رہو	بڑے گناہوں سے	جو	روکے گئے ہوتم	اس سے	دور کردیں گے ہم	تم سے	تمہاری برائیاں	اور داخل کریں گے ہم تم کو

بچتے رہو کبیرہ گناہوں سے جن کی تمہیں ممانعت ہے تو تمہارے اور گناہ ہم بخش دیں گے اور تمہیں

مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ﴿٣١﴾ وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰى

مُّدْخَلًا	كَرِيْمًا	وَ	لَا	تَتَمَنَّوْا	مَا	فَضَّلَ	اللّٰهُ	بِهٖ	بَعْضَكُمْ	عَلٰى
جگہ	اچھی میں	اور	نہ	آرزو کرو	اس کی جو	بڑائی دی	اللہ نے	اس سے	بعض کو	اوپر

عزت کی جگہ داخل کریں گے ۔ اور اس کی آرزو نہ کرو جس سے اللہ نے تم میں ایک کو دوسرے پر

بَعْضٍ ؕ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ؕ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا

بَعْضٍ	لِلرِّجَالِ	نَصِيْبٌ	مِّمَّا	اكْتَسَبُوْا	وَ	لِلنِّسَآءِ	نَصِيْبٌ	مِّمَّا
بعض کے	مردوں کے لئے	حصہ ہے	اس سے جو	کمائیں وہ	اور	عورتوں کے لئے	حصہ ہے	اس سے جو

بڑائی دی مردوں کیلئے ان کی کمائی سے حصہ ہے اور عورتوں کیلئے ان کی

اكْتَسَبْنَ ؕ وَسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ

اكْتَسَبْنَ	وَسْئَلُوا	اللّٰهَ	مِنْ فَضْلِهٖ	اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	بِكُلِّ	شَيْءٍ
وہ کمائیں	اور مانگو	اللہ سے	اس کے فضل سے	بیشک	اللہ	ہے	ہر	چیز کو

کمائی سے حصہ ہے اور اللہ سے اس کا فضل مانگو بے شک اللہ سب کچھ

عَلِيْمًا ﴿٣٢﴾ وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ؕ

عَلِيْمًا	وَ	لِكُلٍّ	جَعَلْنَا	مَوَالِيَ	مِمَّا	تَرَكَ	الْوَالِدٰنِ	وَ	الْاَقْرَبُوْنَ
جاننے والا	اور	ہر ایک کے لئے	بنائے ہم نے	وارث	اس سے جو	چھوڑ جائیں	ماں باپ	اور	قرابت والے

جانتا ہے ۔ اور ہم نے سب کیلئے ماں باپ اور قریبی رشتہ داروں کے چھوڑے ہوئے مال میں حقدار

Marfat.com

وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى

وَ	الَّذِيْنَ	عَقَدَتْ	اَيْمَانُكُمْ	فَاٰتُوْهُمْ	نَصِيْبَهُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	عَلٰى
اور	وہ جن سے	تمہارا حلف	بندھ چکا	تو دو ان کو	ان کا حصہ	بیشک	اللہ	ہے	اوپر

(یعنی وارث) مقرر کر دیئے ہیں اور جن سے تمہارا معاہدہ ہو چکا ہے سو انہیں ان کا حصہ دے دو بے شک اللہ

كُلِّ شَیْءٍ شَهِيْدًا ۝۳۳ اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ

كُلِّ	شَیْءٍ	شَهِيْدًا	اَلرِّجَالُ	قَوّٰمُوْنَ	عَلٰى	النِّسَآءِ	بِمَا	فَضَّلَ
ہر	چیز کے	نگران	مرد	افسر ہیں	اوپر	عورتوں کے	اس وجہ سے کہ	فضیلت دی

ہر چیز کا مشاہدہ فرمانے والا ہے۔ مرد عورتوں پر محافظ و منتظم ہیں اس لئے کہ اللہ نے ان میں سے بعض کو

اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ؕ

اللّٰهُ	بَعْضَهُمْ	عَلٰى	بَعْضٍ	وَّ	بِمَآ	اَنْفَقُوْا	مِنْ اَمْوَالِهِمْ
اللہ نے	ان کے بعض کو	اوپر	بعض کے	اور	اس لئے کہ	خرچ کرتے ہیں	اپنے مالوں سے

بعض پر فضیلت دی ہے اور اس وجہ سے (بھی) کہ مرد (ان پر) اپنے مال خرچ کرتے ہیں پس نیک بیویاں اطاعت شعار ہوتی ہیں

فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ؕ وَالّٰتِیْ

فَالصّٰلِحٰتُ	قٰنِتٰتٌ	حٰفِظٰتٌ	لِّلْغَيْبِ	بِمَا	حَفِظَ	اللّٰهُ	وَ	الّٰتِیْ
تو نیک عورتیں	ادب والیاں	حفاظت کرنے والیاں	غائبانہ	جیسی کہ	حفاظت کرائی	اللہ نے	اور	وہ عورتیں

شوہروں کی عدم موجودگی میں اللہ کی حفاظت کے ساتھ (اپنی عزت کی) حفاظت کرنے والی ہوتی ہیں اور تمہیں جن عورتوں کی

تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِی الْمَضَاجِعِ

تَخَافُوْنَ	نُشُوْزَهُنَّ	فَعِظُوْهُنَّ	وَاهْجُرُوْهُنَّ	فِی	الْمَضَاجِعِ
کہ تم ڈرو	ان کی نافرمانی سے	تو ان کو نصیحت کرو	اور علیحدہ کر دو ان کو	میں	بستروں

نافرمانی و سرکشی کا اندیشہ ہو تو انہیں نصیحت کرو اور (اگر نہ سمجھیں تو) انہیں خوابگاہوں میں (خود سے) علیحدہ کر دو

Marfat.com

وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ

وَ	اضْرِبُوْهُنَّ	فَاِنْ	اَطَعْنَكُمْ	فَلَا	تَبْغُوْا	عَلَيْهِنَّ	سَبِيْلًا	اِنَّ	اللّٰهَ
اور	مارو ان کو	تو اگر	کہا مانیں تمہارا	تو نہ	چاہو	ان پر	کوئی راستہ	بیشک	اللہ

اور (اگر پھر بھی اصلاح پذیر نہ ہوں تو) انہیں (تادیباً ہلکا سا) مارو پھر اگر وہ تمہاری فرمانبردار ہو جائیں تو ان پر (ظلم کا) کوئی راستہ تلاش نہ

كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ﴿۳۴﴾ وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ

كَانَ	عَلِيًّا	كَبِيْرًا	وَ	اِنْ	خِفْتُمْ	شِقَاقَ	بَيْنِهِمَا	فَابْعَثُوْا	حَكَمًا	مِّنْ اَهْلِهٖ
ہے	بلند	بڑا	اور	اگر	تم ڈرو	نا اتفاقی سے	درمیان ان کے	تو مقرر کرو	ایک پنچ	مرد کے لواحقین سے

کرو بے شک اللہ سب سے بلند سب سے بڑا ہے۔ اور اگر تمہیں اندیشہ ہو ان دونوں کے درمیان اختلاف کا تو مقرر کرو ایک منصف،

اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ

وَ	حَكَمًا	مِّنْ اَهْلِهَا	اِنْ	يُّرِيْدَآ	اِصْلَاحًا	يُّوَفِّقِ	اللّٰهُ
اور	ایک پنچ	عورت کے لواحقین سے	اگر	ارادہ کریں وہ	صلح کا	تو میل کردے گا	اللہ

مرد کے رشتہ داروں سے، اور ایک منصف عورت کے رشتہ داروں سے اگر وہ دونوں منصف ارادہ کریں صلح کرانے کا تو اللہ اتفاق پیدا کردے گا ان

بَيْنَهُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ﴿۳۵﴾ وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا

بَيْنَهُمَا	اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	عَلِيْمًا	خَبِيْرًا	وَ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	وَ	لَا	تُشْرِكُوْا
ان کے درمیان	بیشک	اللہ	ہے	جاننے والا	خبردار	اور	بندگی کرو	اللہ کی	اور	نہ	شریک ٹھہراؤ

دونوں کے درمیان بیشک اللہ خوب جاننے والا نہایت خبر رکھنے والا ہے۔ اور اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ

بِهٖ شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِی الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى

بِهٖ	شَيْـًٔا	وَّ	بِالْوَالِدَيْنِ	اِحْسَانًا	وَّ	بِذِی الْقُرْبٰى	وَ	الْيَتٰمٰى
اس کا	کسی کو	اور	ماں باپ کے ساتھ	احسان کرنا	اور	قرابت والوں سے	اور	یتیموں

کسی چیز کو شریک نہ بناؤ اور ماں باپ کے ساتھ نیکی کرو اور قرابت والوں اور یتیموں

Marfat.com

وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ

وَ	الْمَسٰكِيْنِ	وَ	الْجَارِ	ذِي الْقُرْبٰى	وَالْجَارِ	الْجُنُبِ	وَ	الصَّاحِبِ
اور	مسکینوں	اور	ہمسائے	قریب والے سے	اور ہمسائے	دور کے	اور	ساتھی

اور مسکینوں اور قرابت والے پڑوسی اور اجنبی پڑوسی اور مجلس کے ساتھی اور

بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ

بِالْجَنْۢبِ	وَ	ابْنِ السَّبِيْلِ	وَمَا	مَلَكَتْ	اَيْمَانُكُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا	يُحِبُّ
پاس کے	اور	مسافروں سے	اور جن کے	مالک ہوئے	تمہارے ہاتھ	بیشک	اللہ	نہیں	پسند کرتا

مسافر کے ساتھ اور ان (غلام باندیوں) کے ساتھ جن کے تم مالک ہوئے

مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرَا ۙ ﴿۳۶﴾ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ

مَنْ	كَانَ	مُخْتَالًا	فَخُوْرًا ۴	الَّذِيْنَ	يَبْخَلُوْنَ	وَ	يَاْمُرُوْنَ	النَّاسَ
اس کو جو	ہو	اترانے والا	فخر کرنے والا	وہ جو	بخل کرتے ہیں	اور	حکم دیتے ہیں	لوگوں کو

بے شک اللہ دوست نہیں رکھتا مغرور متکبر کو۔ جو لوگ بخل کرتے ہیں اور اوروں سے بخل کیلئے کہتے ہیں

بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ وَاَعْتَدْنَا

بِالْبُخْلِ	وَ	يَكْتُمُوْنَ	مَآ	اٰتٰىهُمُ	اللّٰهُ	مِنْ فَضْلِهٖ	وَ	اَعْتَدْنَا
بخل کا	اور	چھپاتے ہیں	جو	دیا ان کو	اللہ نے	اپنے فضل سے	.اور	تیار کیا ہم نے

اور اللہ نے جو انہیں اپنے فضل سے دیا ہے اسے چھپاتے ہیں اور کافروں کیلئے

لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۚ ﴿۳۷﴾ وَالَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ

لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابًا	مُّهِيْنًا	وَ	الَّذِيْنَ	يُنْفِقُوْنَ	اَمْوَالَهُمْ	رِئَآءَ
کافروں کے لئے	عذاب	ذلت کا	اور	وہ جو	خرچ کرتے ہیں	اپنے مال	دکھاوے کو

ہم نے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اور وہ جو اپنے مال لوگوں کے دکھاوے

Marfat.com

النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ يَّكُنِ

النَّاسِ	وَ	لَا	يُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَ	لَا	بِالْيَوْمِ	الْاٰخِرِ	وَ	مَنْ	يَّكُنِ
لوگوں کے	اور	نہیں	ایمان لاتے	اللہ پر	اور	نہ	دن	پچھلے پر	اور	جو	ہو

کو خرچ کرتے ہیں اور ایمان نہیں لاتے اللہ اور قیامت پر اور جس کا

الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَآءَ قَرِيْنًا ﴿۳۸﴾ وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ

الشَّيْطٰنُ	لَهٗ	قَرِيْنًا	فَسَآءَ	قَرِيْنًا	وَمَاذَا	عَلَيْهِمْ	لَوْ	اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ
شیطان	اس کا	ساتھی	تو برا ہے	ساتھی	اور کیا ہے انہیں	ان پر	اگر	ایمان لاتے	اللہ پر

دوست شیطان ہوا تو کتنا برا دوست ہے۔ اور کیا نقصان تھا اگر وہ اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان لے آتے

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ﴿۳۹﴾

وَ	الْيَوْمِ	الْاٰخِرِ	وَ	اَنْفَقُوْا	مِمَّا	رَزَقَهُمُ	اللّٰهُ	وَ	كَانَ	اللّٰهُ	بِهِمْ	عَلِيْمًا
اور	دن	قیامت پر	اور	خرچ کرتے	اس سے جو	دیا ان کو	اللہ نے	اور	ہے	اللہ	ان کو	جاننے والا

اور جو کچھ اللہ نے انہیں دیا تھا اس میں سے (اس کی راہ میں) خرچ کرتے اور اللہ ان (کے حال) سے خوب واقف ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا

اِنَّ	اللّٰهَ	لَا	يَظْلِمُ	مِثْقَالَ	ذَرَّةٍ	وَ	اِنْ	تَكُ	حَسَنَةً	يُّضٰعِفْهَا
بیشک	اللہ	نہیں	ظلم کرتا	مقدار	ذرہ کے	اور	اگر	ہو	نیکی	تو دو چند کرتا ہے اسے

بے شک اللہ ذرہ برابر بھی ظلم نہیں کرتا اور اگر کوئی نیکی ہو تو اسے دو گنا کر دیتا ہے

وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ

وَيُؤْتِ	مِنْ لَّدُنْهُ	اَجْرًا	عَظِيْمًا	فَكَيْفَ	اِذَا	جِئْنَا	مِنْ	كُلِّ	اُمَّةٍ
اور دیتا ہے	اسے اپنے پاس سے	اجر	بڑا	تو کیسی ہوگی	جب	لائیں ہم	ہر	ایک	امت سے

اور اپنے پاس سے بڑا اجر عطا فرماتا ہے۔ تو کیا حال ہوگا جب ہم لائیں گے ہر اُمت سے ایک

Marfat.com

بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا ﴿۴۱﴾ يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ

بِشَهِيْدٍ	وَ	جِئْنَا	بِكَ	عَلٰى	هٰٓؤُلَآءِ	شَهِيْدًا	يَوْمَئِذٍ	يَوَدُّ	الَّذِيْنَ
گواہ	اور	لائیں ہم	تمہیں	اوپر	ان کے	گواہ	اس دن	تمنا کریں گے	وہ جو

گواہ اور لائیں گے ہم آپ کو (اے محبوب ﷺ!) ان پر (نگران) گواہ بنا کر۔ اس دن تمنا کریں گے وہ لوگ

كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ؕ وَلَا يَكْتُمُوْنَ

كَفَرُوْا	وَ	عَصَوُا	الرَّسُوْلَ	لَوْ	تُسَوّٰى	بِهِمُ	الْاَرْضُ	وَ	لَا	يَكْتُمُوْنَ
کافر ہوئے	اور	نافرمانی کی	رسول کی	کاش کہ	برابر کردی جائے	ان پر	زمین	اور	نہ	چھپا سکیں گے

جنہوں نے کفر کیا اور رسول کی نافرمانی کی کاش (انہیں مٹی میں دبا کر) ان پر زمین ہموار کردی جائے اور اللہ سے

اللّٰهَ حَدِيْثًا ﴿۴۲﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ

اللّٰهَ	حَدِيْثًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَقْرَبُوا	الصَّلٰوةَ	وَ	اَنْتُمْ
[اُن]سے	کوئی بات	اے	وہ لوگو جو	ایمان لائے ہو	نہ قریب جاؤ	نماز کے	جبکہ	تم

وہ کوئی بات نہ چھپا سکیں گے۔ اے ایمان والو! نشہ کی حالت میں نماز کے پاس نہ جاؤ

سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِيْ سَبِيْلٍ

سُكٰرٰى	حَتّٰى	تَعْلَمُوْا	مَا	تَقُوْلُوْنَ	وَ	لَا جُنُبًا	اِلَّا	عَابِرِيْ	سَبِيْلٍ
[نشہ] میں ہو	یہاں تک کہ	جانو تم	جو	کہتے ہو تم	اور	نہ ناپاک	مگر	مسافر	راستہ کا

[ج]ب تک اتنا ہوش نہ ہو کہ جو کہو اسے سمجھو اور نہ جنابت کی حالت میں

[حَتّٰى] تَغْتَسِلُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ

[حَتّٰى]	تَغْتَسِلُوْا	وَ	اِنْ	كُنْتُمْ	مَرْضٰٓى	اَوْ	عَلٰى	سَفَرٍ	اَوْجَآءَ	اَحَدٌ
[...]تک	غسل کرے	اور	اگر	ہو تم	بیمار	یا	اوپر	سفر کے	یا آئے	کوئی

[جب تک] غسل نہ کر لو مگر سفر کی حالت میں اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں یا

Marfat.com

مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآىِٕطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا

مِّنْكُمْ	مِّنَ الْغَآىِٕطِ	اَوْ	لٰمَسْتُمُ	النِّسَآءَ	فَلَمْ	تَجِدُوْا	مَآءً	فَتَيَمَّمُوْا
تم میں سے	قضائے حاجت سے	یا	چھوا تم نے	عورتوں کو	پھر نہ	پاؤ	پانی	تو تیمم کرو

تم میں سے کوئی قضائے حاجت سے فارغ ہو کر آیا یا تم نے عورتوں کے ساتھ مباشرت کی اور پانی نہ پایا تو

صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

صَعِيْدًا	طَيِّبًا	فَامْسَحُوْا	بِوُجُوْهِكُمْ	وَاَيْدِيْكُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ
مٹی	پاک سے	تو مسح کرو	اپنے منہ کا	اور اپنے ہاتھوں کا	بیشک	اللہ	ہے

پاک مٹی سے تیمم کرو تو اپنے منہ اور ہاتھوں کا مسح کرو بے شک اللہ

عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿۴۳﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ

عَفُوًّا	غَفُوْرًا	اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ	اُوْتُوْا	نَصِيْبًا	مِّنَ الْكِتٰبِ
معاف کرنے والا	بخشنے والا	کیا نہ دیکھا تم نے	طرف	ان کی جو	دیئے گئے	ایک حصہ	کتاب کا

معاف فرمانے والا بخشنے والا ہے۔ کیا تم نے انہیں نہ دیکھا جن کو کتاب سے ایک حصہ ملا وہ گمراہی خرید

يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۴۴﴾ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

يَشْتَرُوْنَ	الضَّلٰلَةَ	وَيُرِيْدُوْنَ	اَنْ	تَضِلُّوا	السَّبِيْلَ	وَ	اللّٰهُ	اَعْلَمُ
خرید لیتے ہیں	گمراہی	اور چاہتے ہیں	یہ کہ	گمراہ ہو جاؤ تم	راہ سے	اور	اللہ	خوب جانتا ہے

لیتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ تم بھی راہ سے بہک جاؤ۔ اور اللہ تمہارے

بِاَعْدَآىِٕكُمْ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ﴿۴۵﴾ مِنَ الَّذِيْنَ

بِاَعْدَآىِٕكُمْ	وَ	كَفٰى	بِاللّٰهِ	وَلِيًّا	وَّ	كَفٰى	بِاللّٰهِ	نَصِيْرًا	مِنَ الَّذِيْنَ
تمہارے دشمنوں کو	اور	کافی ہے	اللہ	والی	اور	کافی ہے	اللہ	مددگار	کچھ وہ ہیں

دشمنوں کو خوب جانتا ہے اور اللہ (بطور) کار ساز کافی ہے اور اللہ (بطور) مددگار کافی ہے۔ اور کچھ یہودی

Marfat.com

هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا

هَادُوْا	يُحَرِّفُوْنَ	الْكَلِمَ	عَنْ مَّوَاضِعِهٖ	وَ	يَقُوْلُوْنَ	سَمِعْنَا	وَ	عَصَيْنَا
یہودی	جو بدل ڈالتے ہیں	کلمات کو	اس کی جگہ سے	اور	کہتے ہیں	ہم نے سنا	اور	نہ مانا

(توراۃ کے) کلمات کو اپنے (اصل) مقامات سے پھیر دیتے ہیں اور کہتے ہیں ہم نے سن لیا اور نہیں مانا اور (یہ بھی کہتے ہیں) سنیے!

وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا لَيًّا بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِي الدِّيْنِ ؕ

وَاسْمَعْ	غَيْرَ	مُسْمَعٍ	وَ	رَاعِنَا	لَيًّا	بِاَلْسِنَتِهِمْ	وَ	طَعْنًا	فِي الدِّيْنِ
اور سنیے	نہ	سنائے جائیں	اور	راعنا کہتے ہیں	پھیر کر	اپنی زبانوں کو	اور	طعن کرتے ہیں	دین میں

(معاذ اللہ) آپ کو سنوایا نہ جائے اور اپنی زبانیں مروڑ کر دین میں طعنہ زنی کرتے ہوئے "راعنا" کہتے ہیں اور اگر وہ لوگ (اس کی جگہ)

وَلَوْ اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ

وَ	لَوْ	اَنَّهُمْ	قَالُوْا	سَمِعْنَا	وَ	اَطَعْنَا	وَاسْمَعْ	وَ	انْظُرْنَا	لَكَانَ	خَيْرًا	لَّهُمْ
اور	اگر	یہ کہ وہ	کہتے	ہم نے سنا	اور	ہم نے مانا	اور سنیں	اور	ہم پر نظر فرمائیں	تو ہوتا	بہتر	انکے لیے

یہ کہتے کہ ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی اور (حضور! ہماری گذارش) سنیے اور ہماری طرف نظر (کرم) فرمایئے تو یہ ان کیلئے بہتر ہوتا

وَاَقْوَمَ ۙ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۴۶﴾ يٰۤاَيُّهَا

وَ	اَقْوَمَ	وَ	لٰكِنْ	لَّعَنَهُمُ	اللّٰهُ	بِكُفْرِهِمْ	فَلَا	يُؤْمِنُوْنَ	اِلَّا	قَلِيْلًا	يٰۤاَيُّهَا
اور	قوی تر	اور	لیکن	ان کو لعنت کی	اللہ نے	بوجہ کفر ان کے	تو نہیں	ایمان لائینگے	مگر	تھوڑے	اے

اور (یہ قول بھی) درست اور مناسب ہوتا لیکن اللہ نے ان کے کفر کے باعث ان پر لعنت کی بہت کم لوگوں کے سوا وہ ایمان نہیں لاتے۔ اے

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ

الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْكِتٰبَ	اٰمِنُوْا	بِمَا	نَزَّلْنَا	مُصَدِّقًا	لِّمَا	مَعَكُمْ	مِّنْ قَبْلِ
وہ جو	دیئے گئے ہو	کتاب	ایمان لاؤ	اس پر جو	ہم نے اتارا	تصدیق کرتا	اس کی جو	تمہارے ساتھ ہے	پہلے سے

کتاب والو! ایمان لاؤ اس پر جو ہم نے نازل کیا اس حال میں کہ وہ تمہارے ساتھ والی (اصل) کتاب کی تصدیق کرتا ہے اس سے

Marfat.com

اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰٓى اَدْبَارِهَآ اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّآ

اَنْ	نَّطْمِسَ	وُجُوْهًا	فَنَرُدَّهَا	عَلٰٓى	اَدْبَارِهَآ	اَوْ نَلْعَنَهُمْ	كَمَا	لَعَنَّآ
اس سے کہ	بگاڑیں ہم	چہرے	تو پھیر دیں ان کو	اوپر	پیٹھوں ان کی کے	لعنت کریں ہم ان پر	جیسے	لعنت کی ہم نے

پہلے کہ ہم چہروں کے نقوش مٹا دیں پھر انہیں پھیر دیں ان کی پیٹھ کی جانب یا ہم لعنت کریں ان پر جس طرح ہم نے

اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿٤٧﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ

اَصْحٰبَ	السَّبْتِ	وَ	كَانَ	اَمْرُ	اللّٰهِ	مَفْعُوْلًا	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا	يَغْفِرُ
اصحاب	ہفتہ کو	اور	ہے	حکم	اللہ کا	پورا ہونے والا	بیشک	اللہ	نہیں	بخشتا

لعنت کی ہفتہ کے دن والوں پر اور اللہ کا حکم پورا ہو کر رہتا ہے۔ بے شک اللہ نہیں معاف کرتا

اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ

اَنْ	يُّشْرَكَ	بِهٖ	وَ	يَغْفِرُ	مَا دُوْنَ	ذٰلِكَ	لِمَنْ	يَّشَآءُ	وَ	مَنْ	يُّشْرِكْ
یہ کہ	شرک کیا جائے	اسکے ساتھ	اور	بخشے گا	جو کم ہے	اس سے	جسے	چاہے	اور	جو	شرک کرے

اس بات کو کہ اس کے ساتھ شرک کیا جائے اور بخش دیتا ہے جو اس سے کم ہو جس کیلئے چاہے اور جس نے اللہ کے ساتھ شرک کیا

بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا ﴿٤٨﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ

بِاللّٰهِ	فَقَدِ	افْتَرٰٓى	اِثْمًا	عَظِيْمًا	اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ	يُزَكُّوْنَ
اللہ کے ساتھ	تو بیشک	باندھا اس نے	گناہ	بڑا	کیا نہ دیکھا آپ نے	طرف	ان کی جو	پاک بناتے ہیں

تو بے شک اس نے بہت بڑے گناہ کا بہتان باندھا۔ کیا آپ نے انہیں نہ دیکھا جو خود اپنی پاکیزگی بیان کرتے ہیں

اَنْفُسَهُمْ ؕ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّىْ مَنْ يَّشَآءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿٤٩﴾ اُنْظُرْ

اَنْفُسَهُمْ	بَلِ	اللّٰهُ	يُزَكِّىْ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَلَا	يُظْلَمُوْنَ	فَتِيْلًا	اُنْظُرْ
اپنے آپ کو	بلکہ	اللہ	ستھرا کرتا ہے	جسے	چاہے	اور نہ	ظلم کیے جائیں گے	دانہ خرما کے ڈورے کے برابر	دیکھو

بلکہ اللہ جسے چاہے پاک کرے اور ان پر ظلم نہ ہو گا دانہ خرما کے ڈورے کے برابر۔ دیکھو

Marfat.com

كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ وَكَفٰى بِهٖٓ اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿٥٠﴾ ع اَلَمْ

كَيْفَ	يَفْتَرُوْنَ	عَلَى	اللّٰهِ	الْكَذِبَ	وَ	كَفٰى	بِهٖٓ	اِثْمًا	مُّبِيْنًا	اَلَمْ
کیسا	باندھ رہے ہیں	اوپر	اللہ کے	جھوٹ	اور	کافی ہے	ان کیلئے	گناہ	صریح	کیا نہ

کیسا اللہ پر جھوٹ باندھ رہے ہیں اور یہ واضح گناہ کافی ہے۔ کیا آپ

تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ

تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ	اُوْتُوْا	نَصِيْبًا	مِّنَ الْكِتٰبِ	يُؤْمِنُوْنَ	بِالْجِبْتِ
دیکھا آپ نے	طرف	ان کی جو	دیے گئے	ایک حصہ	کتاب کا	ایمان لاتے ہیں	بت پر

نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں (آسمانی) کتاب کا حصہ دیا گیا ہے (پھر بھی) وہ بتوں

وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰٓؤُلَاۗءِ اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ

وَالطَّاغُوْتِ	وَ	يَقُوْلُوْنَ	لِلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	هٰٓؤُلَاۗءِ	اَهْدٰى	مِنَ الَّذِيْنَ
اور شیطان پر	اور	کہتے ہیں	ان کے متعلق	جو کافر ہیں	یہ	زیادہ ہدایت والے ہیں	ان سے جو

اور شیطان پر ایمان رکھتے ہیں اور کافروں کے بارے میں کہتے ہیں کہ مسلمانوں کی نسبت یہ (کافر)

اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ﴿٥١﴾ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۭ وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ

اٰمَنُوْا	سَبِيْلًا	اُولٰۗىِٕكَ	الَّذِيْنَ	لَعَنَهُمُ	اللّٰهُ	وَ	مَنْ	يَّلْعَنِ	اللّٰهُ	فَلَنْ
ایمان لائے	راہ سے	یہ	وہ ہیں کہ	لعنت کی ان پر	اللہ نے	اور	جس پر	لعنت کرے	اللہ	تو ہرگز

زیادہ سیدھی راہ پر ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی اور جس پر اللہ لعنت کرے تو اس کیلئے ہرگز

تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ﴿٥٢﴾ اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ

تَجِدَ لَهٗ	نَصِيْرًا	اَمْ	لَهُمْ	نَصِيْبٌ	مِّنَ الْمُلْكِ	فَاِذًا	لَّا	يُؤْتُوْنَ
نہ پائے گا تو اس کیلئے	کوئی مددگار	کیا	ہے ان کا	کوئی حصہ	ملک میں سے	تو اس وقت	نہ	دیں

کوئی مددگار نہ پائیں گے۔ کیا ان کا کوئی حصہ ہے ملک میں اگر ایسا ہو تو وہ لوگوں کو تل

Marfat.com

النَّاسَ نَقِيۡرًا ۙ﴿۵۳﴾ اَمۡ يَحۡسُدُوۡنَ النَّاسَ عَلٰى مَاۤ اٰتٰٮهُمُ اللّٰهُ مِنۡ

النَّاسَ	نَقِيۡرًا	اَمۡ	يَحۡسُدُوۡنَ	النَّاسَ	عَلٰى	مَاۤ	اٰتٰٮهُمُ	اللّٰهُ	مِنۡ
لوگوں کو	تل بھر	کیا	وہ حسد کرتے ہیں	لوگوں سے	اوپر	اس کے جو	دیا ان کو	اللہ نے	اپنے

برابر (بھی) کوئی چیز نہ دیں۔ یا وہ حسد کرتے ہیں لوگوں سے اس پر جو اللہ نے انہیں اپنے

فَضۡلِهٖ ۚ فَقَدۡ اٰتَيۡنَاۤ اٰلَ اِبۡرٰهِيۡمَ الۡكِتٰبَ وَالۡحِكۡمَةَ وَاٰتَيۡنٰهُمۡ مُّلۡكًا

فَضۡلِهٖ	فَقَدۡ	اٰتَيۡنَاۤ	اٰلَ	اِبۡرٰهِيۡمَ	الۡكِتٰبَ	وَ	الۡحِكۡمَةَ	وَ	اٰتَيۡنٰهُمۡ	مُّلۡكًا
فضل سے	تو بیشک	دی ہم نے	آل	ابراہیم کو	کتاب	اور	حکمت	اور	دیا ہم نے ان کو	ملک

فضل سے دیا تو بے شک ہم نے آلِ ابراہیم کو کتاب و حکمت دی اور ہم نے ان کو بڑا

عَظِيۡمًا ﴿۵۴﴾ فَمِنۡهُمۡ مَّنۡ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ صَدَّ عَنۡهُ ؕ وَكَفٰى

عَظِيۡمًا	فَمِنۡهُمۡ	مَّنۡ	اٰمَنَ	بِهٖ	وَ	مِنۡهُمۡ	مَّنۡ	صَدَّ	عَنۡهُ	وَكَفٰى
بڑا	تو بعض ان میں سے	وہ ہیں جو	ایمان لائے	اس پر	اور	بعض	وہ ہیں جو	رک گئے	اس سے	اور کافی ہے

ملک دیا۔ تو ان میں کوئی اس پر ایمان لایا اور کسی نے اس سے منہ پھیرا اور ان کیلئے جہنم کی بھڑکتی ہوئی

بِجَهَنَّمَ سَعِيۡرًا ﴿۵۵﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِاٰيٰتِنَا سَوۡفَ نُصۡلِيۡهِمۡ نَارًا ؕ

بِجَهَنَّمَ	سَعِيۡرًا	اِنَّ	الَّذِيۡنَ	كَفَرُوۡا	بِاٰيٰتِنَا	سَوۡفَ	نُصۡلِيۡهِمۡ	نَارًا
دوزخ	بھڑکتی ہوئی	بیشک	جنہوں نے	انکار کیا	ہماری آیتوں سے	عنقریب	داخل کریں گے ہم ان کو	آگ میں

آگ کافی ہے۔ جنہوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا عنقریب ہم ان کو آگ میں داخل کریں گے

كُلَّمَا نَضِجَتۡ جُلُوۡدُهُمۡ بَدَّلۡنٰهُمۡ جُلُوۡدًا غَيۡرَهَا لِيَذُوۡقُوا

كُلَّمَا	نَضِجَتۡ	جُلُوۡدُهُمۡ	بَدَّلۡنٰهُمۡ	جُلُوۡدًا	غَيۡرَهَا	لِيَذُوۡقُوا
جب بھی	پک جائیں گی	کھالیں ان کی	بدل دیں گے ہم ان کی	کھالیں	ان کے سوا	تا کہ چکھیں

جب ان کی جلدیں جل جائیں گی ہم انہیں دوسری کھالوں سے بدل دیں گے کہ عذاب کا مزہ لیں

Marfat.com

الْعَذَابَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۵۶﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

الْعَذَابَ	اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	عَزِيْزًا	حَكِيْمًا	وَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا
عذاب	بیشک	اللہ	ہے	غالب	حکمت والا	اور	وہ جو	ایمان لائے	اور	عمل کئے

بے شک اللہ غالب حکمت والا ہے۔ اور جو لوگ ایمان لائے

الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

الصّٰلِحٰتِ	سَنُدْخِلُهُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ
نیک	داخل کریں گے ہم ان کو	باغوں میں کہ	رواں ہیں	ان کے نیچے	نہریں

اور نیک عمل کرتے رہے تو ہم انہیں بہشتوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں رواں ہیں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ لَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۫ وَّنُدْخِلُهُمْ

خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اَبَدًا	لَهُمْ	فِيْهَآ	اَزْوَاجٌ	مُّطَهَّرَةٌ	وَ	نُدْخِلُهُمْ
ہمیشہ رہیں گے	اس میں	دوام	ان کے لئے	ان میں	بیویاں ہیں	پاک	اور	داخل کرینگے ہم ان کو

وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے ان کیلئے وہاں پاکیزہ بیویاں ہوں گی اور ہم ان کو بہت گھنے سائے

ظِلًّا ظَلِيْلًا ﴿۵۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا ۙ

ظِلًّا	ظَلِيْلًا	اِنَّ	اللّٰهَ	يَاْمُرُكُمْ	اَنْ	تُؤَدُّوا	الْاَمٰنٰتِ	اِلٰٓى	اَهْلِهَا
سایہ ہی	سایہ میں	بیشک	اللہ	حکم دیتا ہے تم کو	یہ کہ	ادا کرو تم	امانتیں	طرف	ان کے اہل کے

میں داخل کریں گے۔ اے لوگو! بے شک اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں انکی لوگوں کے سپرد کرو جو ان کے اہل ہیں

وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا

وَ	اِذَا	حَكَمْتُمْ	بَيْنَ	النَّاسِ	اَنْ	تَحْكُمُوْا	بِالْعَدْلِ	اِنَّ	اللّٰهَ	نِعِمَّا
اور	جب	فیصلہ کرو تم	درمیان	لوگوں کے	یہ کہ	فیصلہ کرو تم	انصاف سے	بیشک	اللہ	اچھی

اور جب تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو عدل کے ساتھ فیصلہ کیا کرو بے شک اللہ تمہیں کیا ہی اچھی نصیحت فرماتا ہے

Marfat.com

يَعِظُكُمْ بِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًاۢ بَصِيْرًا ﴿۵۸﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

يَعِظُكُمْ	بِهٖ	اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	سَمِيْعًا	بَصِيْرًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا
نصیحت کرتا ہے	اس میں	بیشک	اللہ	ہے	سننے والا	دیکھنے والا	اے	وہ جو	ایمان لائے ہو

بے شک اللہ خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہے۔ اے ایمان والو!

اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ

اَطِيْعُوا	اللّٰهَ	وَ	اَطِيْعُوا	الرَّسُوْلَ	وَ	اُولِي	الْاَمْرِ	مِنْكُمْ	فَاِنْ
پیروی کرو	اللہ کی	اور	پیروی کرو	رسول کی	اور	صاحب	حکومت کی	جو تم میں سے ہو	تو اگر

اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی اور ان کی جو تم میں سے امر والے ہوں پھر اگر

تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ

تَنَازَعْتُمْ	فِيْ شَيْءٍ	فَرُدُّوْهُ	اِلَى	اللّٰهِ	وَ	الرَّسُوْلِ	اِنْ	كُنْتُمْ	تُؤْمِنُوْنَ
جھگڑا ہو تمہارا	کسی چیز میں	تو لوٹا دو اسے	طرف	اللہ	اور	رسول کی	اگر	ہو تم	ایمان رکھتے

تم جھگڑا کرو کسی چیز میں تو اسے لوٹا دو اللہ اور اس کے رسول کی طرف اگر تم ایمان رکھتے ہو

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ﴿۵۹﴾ ع اَلَمْ تَرَ اِلَى ع ۸ ۵

بِاللّٰهِ	وَ	الْيَوْمِ	الْاٰخِرِ	ذٰلِكَ	خَيْرٌ	وَّاَحْسَنُ	تَاْوِيْلًا	اَلَمْ	تَرَ	اِلَى
اللہ پر	اور	دن	قیامت پر	یہ	بہتر ہے	اور اچھا	انجام	کیا نہ	دیکھا آپ نے	طرف

اللہ اور قیامت کے دن پر یہ بہتر ہے اور اس کا انجام سب سے اچھا ہے۔ کیا آپ نے نہیں

اَلَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ

الَّذِيْنَ	يَزْعُمُوْنَ	اَنَّهُمْ	اٰمَنُوْا	بِمَآ	اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	وَمَآ	اُنْزِلَ	مِنْ قَبْلِكَ
ان کی جو	گمان کرتے تھے کہ	وہ	ایمان لائے	اس پر جو	اترا	تمہاری طرف	اور جو	اترا	تم سے پہلے

دیکھا ان لوگوں کو جو دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ ایمان لائے اس پر جو نازل ہوا آپ کی طرف اور جو آپ سے پہلے نازل ہوا

Marfat.com

قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ

يُرِيْدُوْنَ	اَنْ	يَّتَحَاكَمُوْٓا	اِلَى	الطَّاغُوْتِ	وَ	قَدْ	اُمِرُوْٓا	اَنْ
چاہتے ہیں	یہ کہ	مقدمے لے جائیں	طرف	شیطان کی	اور	بیشک	حکم ملا تھا انہیں	یہ کہ

وہ چاہتے ہیں کہ اپنے مقدمے لے جائیں شیطان کی طرح حالانکہ انہیں حکم دیا گیا تھا کہ اس کا انکار کریں

يَّكْفُرُوْا بِهٖ ۭ وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ۝۶۰ وَاِذَا

يَّكْفُرُوْا	بِهٖ	وَ	يُرِيْدُ	الشَّيْطٰنُ	اَنْ	يُّضِلَّهُمْ	ضَلٰلًا	بَعِيْدًا	وَاِذَا
انکار کریں	اس کا	اور	چاہتا ہے	شیطان	یہ کہ	گمراہ کرے ان کو	گمراہی	دور کی	اور جب

اور شیطان چاہتا ہے کہ انہیں بہکا کر (ہدایت سے) بہت دور گمراہی (کی راہ) پر لے جائے۔ اور جب

قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ

قِيْلَ	لَهُمْ	تَعَالَوْا	اِلٰى	مَآ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	وَ	اِلَى	الرَّسُوْلِ	رَاَيْتَ	الْمُنٰفِقِيْنَ
کہا جاتا ہے	ان کو	آؤ	طرف	اس کے جو	اتارا	اللہ نے	اور	طرف	رسول کی تو	دیکھ کر تم کو	منافقوں

ان سے کہا جائے کہ اللہ کی نازل کی ہوئی کتاب اور رسول کی طرف آؤ تو تم دیکھو گے کہ منافق تم سے

يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا ۝۶۱ فَكَيْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا

يَصُدُّوْنَ	عَنْكَ	صُدُوْدًا	فَكَيْفَ	اِذَآ	اَصَابَتْهُمْ	مُّصِيْبَةٌ	بِمَا
منہ موڑے ہوئے	تم سے	پھر جاتے ہیں	تو کیسا ہوگا	جب	پہنچے گی ان کو	مصیبت	سبب اس کے جو

منہ موڑ کر پھر جاتے ہیں۔ کیسی ہو گی جب ان پر کوئی مصیبت پڑے بدلا اس کا جو

قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ جَاۗءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ ڰ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ

قَدَّمَتْ	اَيْدِيْهِمْ	ثُمَّ	جَاۗءُوْكَ	يَحْلِفُوْنَ	بِاللّٰهِ	اِنْ	اَرَدْنَآ	اِلَّآ
پہلے کر چکے	ان کے ہاتھ	پھر	پھر آئیں وہ تمہارے پاس	قسم کھاتے ہوئے	اللہ کی	کہ نہیں	ارادہ کیا ہم نے	مگر

ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجا پھر اے محبوب ﷺ تمہارے حضور حاضر ہوں اللہ کی قسم کھاتے کہ ہمارا مقصود تو

Marfat.com

اِحۡسَانًا وَّتَوۡفِيۡقًا ﴿۶۲﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ يَعۡلَمُ اللّٰهُ مَا فِيۡ قُلُوۡبِهِمۡ ق

اِحۡسَانًا	وَّتَوۡفِيۡقًا	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيۡنَ	يَعۡلَمُ	اللّٰهُ	مَا	فِيۡ قُلُوۡبِهِمۡ
بھلائی	اور میل کا	یہ	وہ ہیں کہ	جانتا ہے	اللہ	جو	انکے دلوں میں ہے

بھلائی اور موافقت کا ہی تھا۔ یہ وہ (منافق اور مفسد) لوگ ہیں کہ اللہ ان کے دلوں کی ہر بات کو خوب جانتا ہے

فَاَعۡرِضۡ عَنۡهُمۡ وَعِظۡهُمۡ وَقُلۡ لَّهُمۡ فِيۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ قَوۡلًاۢ بَلِيۡغًا ﴿۶۳﴾

فَاَعۡرِضۡ	عَنۡهُمۡ	وَ	عِظۡهُمۡ	وَ	قُلۡ	لَّهُمۡ	فِيۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ	قَوۡلًاۢ	بَلِيۡغًا
تو چشم پوشی کرو	ان سے	اور	نصیحت کرو انکو	اور	فرماؤ	ان کیلئے	ان کے حق میں	بات	رسائی کی

پس آپ ان سے چشم پوشی فرمایئے اور انہیں نصیحت کرتے رہیے اور ان سے ان کے بارے میں مؤثر گفتگو فرماتے رہیے۔

وَمَاۤ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذۡنِ اللّٰهِ ؕ وَلَوۡ اَنَّهُمۡ اِذۡ

وَمَاۤ	اَرۡسَلۡنَا	مِنۡ رَّسُوۡلٍ	اِلَّا	لِيُطَاعَ	بِاِذۡنِ	اللّٰهِ	وَ	لَوۡ	اَنَّهُمۡ	اِذۡ
اور نہیں	بھیجا ہم نے	کوئی رسول	مگر	اس لیے کہ پیروی ہو اس کی	حکم سے	اللہ کے	اور	اگر	وہ	جب

اور ہم نے کوئی پیغمبر نہیں بھیجا مگر اس لئے کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جائے اور (اے حبیب ﷺ!) اگر وہ لوگ جب اپنی

ظَّلَمُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ جَآءُوۡكَ فَاسۡتَغۡفَرُوا اللّٰهَ وَاسۡتَغۡفَرَ لَهُمُ

ظَّلَمُوۡۤا	اَنۡفُسَهُمۡ	جَآءُوۡكَ	فَاسۡتَغۡفَرُوا	اللّٰهَ	وَاسۡتَغۡفَرَ	لَهُمُ
ظلم کر بیٹھیں	اپنی جانوں پر	آئیں آپ کے پاس	تو معافی چاہیں	اللہ سے	اور شفاعت فرمائے	ان کیلئے

جانوں پر ظلم کر بیٹھے تھے آپ کی خدمت میں حاضر ہو جاتے اور اللہ سے معافی مانگتے اور رسول (ﷺ) بھی ان کیلئے مغفرت طلب کرتے تو

الرَّسُوۡلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيۡمًا ﴿۶۴﴾ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ

الرَّسُوۡلُ	لَوَجَدُوا	اللّٰهَ	تَوَّابًا	رَّحِيۡمًا	فَلَا وَرَبِّكَ	لَا	يُؤۡمِنُوۡنَ
رسول	تو پائیں	اللہ کو	توبہ قبول کرنے ولا	مہربان	قسم ہے آپ کے رب کی	نہیں	مومن ہوں گے

وہ (اس وسیلہ اور شفاعت کی بناء پر) ضرور اللہ کو توبہ قبول فرمانے والا نہایت مہربان پاتے۔ تو (اے محبوب ﷺ) آپ کے رب کی

Marfat.com

حَتّٰی یُحَکِّمُوْكَ فِیْمَا شَجَرَ بَیْنَهُمْ ثُمَّ لَا یَجِدُوْا فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ

حَتّٰی	یُحَکِّمُوْكَ	فِیْمَا	شَجَرَ	بَیْنَهُمْ	ثُمَّ	لَا	یَجِدُوْا	فِیْٓ	اَنْفُسِهِمْ
جب تک	حاکم نہ مانیں آپ کو	اس میں جو	جھگڑا ہو	ان کے درمیان	پھر	نہ	پائیں	میں	اپنی جانوں

قسم وہ لوگ مسلمان نہیں ہو سکتے یہاں تک کہ حاکم مانیں آپ کو ہر اس جھگڑے میں جو ان کے درمیان پیدا ہوا پھر نہ پائیں وہ

حَرَجًا مِّمَّا قَضَیْتَ وَیُسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ﴿۶۵﴾ وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَیْهِمْ اَنِ

حَرَجًا	مِّمَّا	قَضَیْتَ	وَ	یُسَلِّمُوْا	تَسْلِیْمًا	وَ	لَوْ	اَنَّا	كَتَبْنَا	عَلَیْهِمْ	اَنِ
کوئی تنگی	اس سے جو	آپ فیصلہ کریں ان میں	اور	مان لیں	پورا ماننا	اور	اگر	ہم	فرض کریں	ان پر	یہ کہ

اپنے دلوں میں کوئی تنگی ہر اس فیصلے سے جو آپ نے کیا اور بخوشی دل سے مان لیں۔ اور اگر ہم فرض کر دیتے ان پر کہ قتل کرو

اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِیَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِیْلٌ

اقْتُلُوْٓا	اَنْفُسَكُمْ	اَوِ	اخْرُجُوْا	مِنْ دِیَارِكُمْ	مَّا	فَعَلُوْهُ	اِلَّا	قَلِیْلٌ
قتل کرو	اپنی جانوں کو	یا	نکل جاؤ	اپنے گھروں سے تو	نہ	کرتے ایسا	مگر	تھوڑے

اپنی جانوں کو یا نکل جاؤ اپنے گھروں سے تو اس پر عمل نہ کرتے مگر ان میں سے تھوڑے لوگ

مِّنْهُمْ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا یُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَیْرًا لَّهُمْ

مِّنْهُمْ	وَ	لَوْ	اَنَّهُمْ	فَعَلُوْا	مَا	یُوْعَظُوْنَ	بِهٖ	لَكَانَ	خَیْرًا	لَّهُمْ
ان میں سے	اور	اگر	وہ	کرتے	جو	نصیحت دیے جاتے	اس کی	تو ہوتا	بھلا	ان کیلئے

اور اگر وہ کرتے جس کی انہیں نصیحت کی جاتی ہے تو ان کیلئے بہتر ہوتا اور زیادہ مضبوط (ایمان پر)

وَاَشَدَّ تَثْبِیْتًا ﴿۶۶﴾ وَّاِذًا لَّاٰتَیْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا عَظِیْمًا ﴿۶۷﴾

وَ	اَشَدَّ	تَثْبِیْتًا	وَّ	اِذًا	لَّاٰتَیْنٰهُمْ	مِّنْ لَّدُنَّآ	اَجْرًا	عَظِیْمًا
اور	مضبوطی سے	جمنا	اور	ایسا کریں گے تو	دیں گے ہم انہیں	اپنے پاس سے	اجر	بڑا

ثابت قدم رہنے میں۔ اور ایسا ہوتا تو ضرور ہم انہیں اپنے پاس سے بڑا ثواب دیتے۔

Marfat.com

وَّلَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۶۸﴾ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ

وَّلَهَدَيْنٰهُمْ	صِرَاطًا	مُّسْتَقِيْمًا	وَ	مَنْ	يُّطِعِ	اللّٰهَ	وَالرَّسُوْلَ
اور ہدایت کریں گے ہم ان کو	راہ	سیدھی کی	اور	جو	پیروی کرے	اللہ کی	اور رسول کی

اور ضرور ان کو سیدھی راہ کی ہدایت کرتے۔ اور جو کوئی اللہ اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ

فَاُولٰٓئِكَ	مَعَ	الَّذِيْنَ	اَنْعَمَ	اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	مِّنَ النَّبِيّٖنَ	وَالصِّدِّيْقِيْنَ
تو یہ وہ ہیں	جو ساتھ ہوں	ان کے	جن پر انعام کیا	اللہ نے	ان پر	نبیوں سے	اور صدیقوں سے

کی اطاعت کرے تو یہی لوگ (روزِ قیامت) ان (ہستیوں) کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ نے (خاص) انعام فرمایا ہے جو کہ

وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ﴿۶۹﴾ ط ذٰلِكَ

وَ	الشُّهَدَآءِ	وَ	الصّٰلِحِيْنَ	وَ	حَسُنَ	اُولٰٓئِكَ	رَفِيْقًا	ذٰلِكَ
اور	شہیدوں سے	اور	نیکوں سے	اور	اچھی ہے	یہ	رفاقت	یہ

انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین ہیں اور یہ بہت اچھے ساتھی ہیں۔ یہ

الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ط وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ﴿۷۰﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ع ۹ ۱۱ ۲

الْفَضْلُ	مِنَ اللّٰهِ	وَ	كَفٰى	بِاللّٰهِ	عَلِيْمًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
فضل	اللہ کا ہے	اور	کافی ہے	اللہ	جاننے والا	اے	وہ جو	ایمان لائے ہو

فضل (خاص) اللہ کی طرف سے ہے اور اللہ جاننے والا کافی ہے۔ اے ایمان والو!

خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ﴿۷۱﴾ وَاِنَّ مِنْكُمْ

خُذُوْا	حِذْرَكُمْ	فَانْفِرُوْا	ثُبَاتٍ	اَوِ	انْفِرُوْا	جَمِيْعًا	وَ	اِنَّ	مِنْكُمْ
پکڑو	بچاؤ اپنا	تو نکلو	جدا جدا	یا	نکلو	جمع ہو کر	اور	بیشک	تم میں سے

اپنے بچاؤ کا سامان لے لو پھر (دشمن کی طرف) جماعتیں بن کر جاؤ یا اکٹھے ہو کر چلو۔ اور بے شک کہ

Marfat.com

وَاِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ ۚ فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ اِذْ

لَمَنْ	لَّيُبَطِّئَنَّ	فَاِنْ	اَصَابَتْكُمْ	مُّصِيْبَةٌ	قَالَ	قَدْ	اَنْعَمَ	اللّٰهُ	عَلَيَّ	اِذْ
وہ بھی ہے جو	دیر کرتا ہے	تو اگر	پہنچے تم کو	کوئی مصیبت	کہتا ہے	بیشک	انعام کیا	اللہ نے	مجھ پر	جبھی تو

تم میں کوئی وہ (گروہ بھی شامل ہے) جو ضرور دیر لگائے گا پھر اگر تمہیں کوئی مصیبت پہنچ جائے تو وہ کہے گا کہ اللہ نے مجھ پر بڑا

لَمْ اَكُنْ مَّعَهُمْ شَهِيْدًا ﴿۷۲﴾ وَلَئِنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ

لَمْ	اَكُنْ	مَّعَهُمْ	شَهِيْدًا	وَ	لَئِنْ	اَصَابَكُمْ	فَضْلٌ	مِّنَ اللّٰهِ	لَيَقُوْلَنَّ
نہیں	ہوا میں	ان کے ساتھ	حاضر	اور	اگر	پہنچے تم کو	فضل	اللہ سے	تو کہے

انعام کیا کہ میں ان کے ساتھ موجود نہ تھا۔ اور اگر تمہیں اللہ کا فضل ملے تو ضرور کہے گویا تم میں اس میں

كَاَنْ لَّمْ تَكُنْۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهٗ مَوَدَّةٌ يّٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ فَوْزًا

كَاَنْ	لَّمْ	تَكُنْ	بَيْنَكُمْ	وَ	بَيْنَهٗ	مَوَدَّةٌ	يّٰلَيْتَنِيْ	كُنْتُ	مَعَهُمْ	فَاَفُوْزَ	فَوْزًا
گویا کہ	نہیں	ہے	تم میں	اور	اس میں	محبت	کاش کہ	ہوتا میں	ان کے ساتھ	تو پہنچتا میں	مراد

کوئی دوستی نہ تھی (یہ بات) اے کاش میں ان کے ساتھ ہوتا تو بڑی

عَظِيْمًا ﴿۷۳﴾ فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا

عَظِيْمًا	فَلْيُقَاتِلْ	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	الَّذِيْنَ	يَشْرُوْنَ	الْحَيٰوةَ	الدُّنْيَا
بڑی کو	تو لڑیں	اللہ کی راہ میں	وہ جو	بیچتے ہیں	زندگی	دنیا کی

مراد پاتا۔ تو انہیں اللہ کی راہ میں لڑنا چاہئے جو دنیا کی زندگی بیچ کر

بِالْاٰخِرَةِ ؕ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ

بِالْاٰخِرَةِ	وَمَنْ	يُّقَاتِلْ	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	فَيُقْتَلْ	اَوْ	يَغْلِبْ	فَسَوْفَ
آخرت کے بدلے	اور جو	لڑے	اللہ کی راہ میں	تو مارا جائے	یا	غالب آئے	تو جلدی

آخرت لیتے ہیں اور جو اللہ کی راہ میں لڑے پھر مارا جائے یا غالب آئے تو عنقریب

Marfat.com

نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۷۴﴾ وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

نُؤْتِيْهِ	اَجْرًا	عَظِيْمًا	وَ	مَا	لَكُمْ	لَا	تُقَاتِلُوْنَ	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
دیں گے ہم اسے	اجر	بڑا	اور	کیا ہے	تم کو	نہیں	لڑتے تم	اللہ کی راہ میں

ہم انہیں بڑا ثواب دیں گے۔ اور (مسلمانو!) تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ کی راہ

وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ

وَ	الْمُسْتَضْعَفِيْنَ	مِنَ الرِّجَالِ	وَ	النِّسَآءِ	وَالْوِلْدَانِ	الَّذِيْنَ	يَقُوْلُوْنَ
اور	کمزور	مردوں سے	اور	عورتوں سے	اور بچوں سے	وہ جو	کہتے ہیں

میں (غلبۂ دین کیلئے) اور ان بے بس (مظلوم و مقہور) مردوں، عورتوں اور بچوں (کی آزادی) کیلئے جنگ نہیں کرتے جو (ظلم و

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ

انکاری ہیں اور وہ تکبر کرنے والے لوگ ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ جانتا ہے

يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ﴿۲۳﴾

يَعْلَمُ	مَا	يُسِرُّوْنَ	وَ	مَا	يُعْلِنُوْنَ	اِنَّهٗ	لَا يُحِبُّ	الْمُسْتَكْبِرِيْنَ
جانتا ہے	جو	وہ چھپاتے ہیں	اور	جو	وہ ظاہر کرتے ہیں	بیشک	نہیں پسند کرتا	مغروروں کو

جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور جو ظاہر کرتے ہیں بے شک وہ تکبر کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۙ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾

وَ	اِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	مَّاذَآ	اَنْزَلَ	رَبُّكُمْ	قَالُوْٓا	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ
اور	جب	کہا جاتا ہے	ان کو	کیا	اتارا	تمہارے رب نے	تو کہتے ہیں	کہانیاں	اگلوں کی

اور جب ان سے کہا جائے تمہارے رب نے کیا نازل کیا؟ کہیں گے پہلے لوگوں کی کہانیاں۔

لِيَحْمِلُوْٓا اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۙ وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ

لِيَحْمِلُوْٓا	اَوْزَارَهُمْ	كَامِلَةً	يَّوْمَ	الْقِيٰمَةِ	وَ	مِنْ اَوْزَارِ	الَّذِيْنَ
تاکہ اٹھائیں	اپنے بوجھ	پورے	دن	قیامت کے	اور	کچھ بوجھ	ان کے

تاکہ وہ قیامت کے دن اپنے بوجھ بھی پورے پورے اُٹھائیں اور اُن لوگوں کے بوجھوں میں سے

يُضِلُّوْنَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿۲۵﴾ ع قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ

يُضِلُّوْنَهُمْ	بِغَيْرِ	عِلْمٍ	اَلَا	سَآءَ	مَا	يَزِرُوْنَ	قَدْ	مَكَرَ	الَّذِيْنَ
جن کو گمراہ کرتے ہیں	بغیر	علم کے	سن لو	برا ہے	جو	بوجھ اٹھاتے ہیں	بیشک	فریب کیا	ان لوگوں جو

بھی جن کو وہ علم کے بغیر گمراہ کرتے ہیں۔ یاد رکھو! بہت بُرا ہے وہ بوجھ جو یہ اُٹھاتے ہیں۔ جو لوگ ان سے پہلے تھے یقیناً

Marfat.com

مِّنْ قَبْلِهِمْ فَاَتَى اللّٰهُ بُنْيَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ

مِّنْ قَبْلِهِمْ	فَاَتَى	اللّٰهُ	بُنْيَانَهُمْ	مِّنَ الْقَوَاعِدِ	فَخَرَّ	عَلَيْهِمُ	السَّقْفُ
ان سے پہلے تھے	تو لیا	اللہ نے	ان کی تعمیروں کو	بنیادوں سے	تو گر پڑی	ان پر	چھت

اُنہوں نے بھی چالیں چلیں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اُن کی عمارت کو بنیادوں سے اُکھاڑ دیا۔ پھر چھت

مِنْ فَوْقِهِمْ وَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۶﴾ ثُمَّ يَوْمَ

مِنْ فَوْقِهِمْ	وَ	اَتٰىهُمُ	الْعَذَابُ	مِنْ حَيْثُ	لَا يَشْعُرُوْنَ	ثُمَّ	يَوْمَ
ان کے اوپر سے	اور	آیا ان کے پاس	عذاب	ایسی جگہ سے کہ	وہ نہیں سمجھتے تھے	پھر	دن

ان کے اوپر سے ان پر گر پڑی۔ اور وہاں سے ان پر عذاب آ گیا جہاں سے ان کو خیال بھی نہیں تھا۔ پھر روزِ قیامت کو

الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ

الْقِيٰمَةِ	يُخْزِيْهِمْ	وَ	يَقُوْلُ	اَيْنَ	شُرَكَآءِيَ	الَّذِيْنَ	كُنْتُمْ	تُشَآقُّوْنَ
قیامت کے	ان کو رسوا کریگا	اور	فرمائے گا	کہاں ہیں	میرے شریک	وہ	کہ تھے تم	جھگڑتے

وہ انہیں رسوا کرے گا اور فرمائے گا کہاں ہیں میرے وہ شریک جن کیلئے تم آپس میں جھگڑا کیا کرتے تھے؟

فِيْهِمْ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوْٓءَ عَلَى

فِيْهِمْ	قَالَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْعِلْمَ	اِنَّ	الْخِزْيَ	الْيَوْمَ	وَالسُّوْٓءَ	عَلَى الْكٰفِرِيْنَ
ان کے متعلق	تو کہیں گے	وہ جنہیں	دیا گیا	علم	بیشک	رسوائی	آج کے دن	اور برائی	کافروں پر ہے

وہ جنہیں علم دیا گیا تھا کہیں گے رسوائی اور برائی آج ان

الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۷﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ص

الَّذِيْنَ	تَتَوَفّٰىهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	ظَالِمِيْٓ	اَنْفُسِهِمْ
وہ جو کہ	جان نکالتے ہیں ان کی	فرشتے	کہ وہ ظلم کرنے والے ہیں	اپنی جانوں پر

کافروں کا انجام ہے۔ جن کی جان فرشتے ایسی حالت میں نکالتے ہیں کہ وہ اپنے اوپر ظلم کر رہے ہوتے تھے

Marfat.com

فَاَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ

فَاَلْقَوُا	السَّلَمَ	مَا	كُنَّا	نَعْمَلُ	مِنْ سُوْٓءٍ	بَلٰى	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلِيْمٌ	بِمَا	كُنْتُمْ
تو وہ ڈالیں گے	صلح	نہیں	تھے ہم	عمل کرتے	برے	کیوں نہیں	بیشک	اللہ	جانتا ہے	جو	تھے تم

اب وہ فرمانبرداری کا دم بھریں گے ہم کوئی برائی نہیں کرتے تھے کیوں نہیں! اللہ جانتا ہے جو تم

تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾ فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ فَلَبِئْسَ

تَعْمَلُوْنَ	فَادْخُلُوْٓا	اَبْوَابَ	جَهَنَّمَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	فَلَبِئْسَ
عمل کرتے	تو داخل ہو جاؤ	دروازوں میں	جہنم کے	ہمیشہ رہنے والے	اس میں	تو برا ہے

کیا کرتے تھے۔ تو جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ ہمیشہ اس میں رہو تو کیا ہی برا ٹھکانا ہے

مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ؕ

مَثْوَى	الْمُتَكَبِّرِيْنَ	وَ	قِيْلَ	لِلَّذِيْنَ	اتَّقَوْا	مَاذَآ	اَنْزَلَ	رَبُّكُمْ
ٹھکانہ	مغروروں کا	اور	کہا جائے	ان کو	جو پرہیزگار ہیں	کیا	اتارا	تمہارے رب نے

تکبر کرنے والوں کا۔ اور ڈرنے والوں سے کہا گیا تمہارے رب نے

قَالُوْا خَيْرًا ؕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ وَلَدَارُ

قَالُوْا	خَيْرًا	لِلَّذِيْنَ	اَحْسَنُوْا	فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا	حَسَنَةٌ	وَلَدَارُ
بولے	بھلائی	ان کے لیے	جو نیک ہیں	اس دنیا میں	بھلائی ہے	اور یقیناً گھر

کیا نازل کیا؟ انہوں نے کہا بھلائی! جن لوگوں نے نیکی کی اس دنیا میں ان کیلئے بھلائی ہے اور بے شک آخرت کا گھر سب سے

الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ؕ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۰﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا

الْاٰخِرَةِ	خَيْرٌ	وَ	لَنِعْمَ	دَارُ	الْمُتَّقِيْنَ	جَنّٰتُ	عَدْنٍ	يَّدْخُلُوْنَهَا
آخرت کا	بہتر ہے	اور	اچھا ہے	گھر	پرہیزگاروں کا	باغ ہیں	ہمیشہ کے	داخل ہوں گے اس میں

بہتر ہے اور البتہ وہ کیا ہی اچھا گھر ہے پرہیزگاروں کا۔ ہمیشہ کی جنتیں جن میں وہ داخل ہوں گے

Marfat.com

تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِیْهَا مَا یَشَآءُوْنَ ؕ كَذٰلِكَ

تَجْرِیْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	لَهُمْ	فِیْهَا	مَا	یَشَآءُوْنَ	كَذٰلِكَ
چلتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	ان کے لیے ہے	اس میں	جو کچھ	وہ چاہیں	اسی طرح

ان کے نیچے نہریں رواں ہیں انہیں وہاں جو چاہیں ملے گا

یَجْزِی اللّٰهُ الْمُتَّقِیْنَ ﴿۳۱﴾ الَّذِیْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَیِّبِیْنَ ۙ

یَجْزِی	اللّٰهُ	الْمُتَّقِیْنَ	الَّذِیْنَ	تَتَوَفّٰىهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	طَیِّبِیْنَ
بدلہ دیتا ہے	اللہ	پرہیزگاروں کو	وہ جو کہ	فوت کرتے ہیں ان کو	فرشتے	عمدگی سے

اللہ ایسا ہی صلہ دیتا ہے پرہیزگاروں کو۔ جن کی روحیں فرشتے اس حال میں قبض کرتے ہیں کہ وہ پاک ہوتے ہیں۔ وہ کہتے

یَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَیْكُمُ ۙ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۲﴾ هَلْ

یَقُوْلُوْنَ	سَلٰمٌ	عَلَیْكُمُ	ادْخُلُوا	الْجَنَّةَ	بِمَا	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ	هَلْ
کہتے ہیں	سلام ہو	تم پر	داخل ہو جاؤ	جنت میں	بدلہ اس کا کہ	تھے تم	عمل کرتے	کیا

ہیں کہ سلامتی ہو تم پر جنت میں داخل ہو جاؤ ان اعمال کے بدلے میں جو تم کیا کرتے تھے۔ کیا

یَنْظُرُوْنَ اِلَّاۤ اَنْ تَاْتِیَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ یَاْتِیَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ كَذٰلِكَ

یَنْظُرُوْنَ	اِلَّاۤ	اَنْ	تَاْتِیَهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	اَوْ	یَاْتِیَ	اَمْرُ	رَبِّكَ	كَذٰلِكَ
انتظار کرتے ہیں	مگر	یہ کہ	آئیں ان کے پاس	فرشتے	یا	آئے	عذاب	تمہارے رب کا	اسی طرح

یہ لوگ صرف اس بات کا انتظار کر رہے ہیں کہ فرشتے ان کے پاس آ جائیں یا تمہارے رب کا حکم پہنچ جائے

فَعَلَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ

فَعَلَ	الَّذِیْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	وَ	مَا	ظَلَمَهُمُ	اللّٰهُ	وَ	لٰكِنْ	كَانُوْۤا	اَنْفُسَهُمْ
کیا	انہوں نے	جو ان سے پہلے تھے	اور	نہیں	ظلم کیا ان پر	اللہ نے	اور	لیکن	تھے وہ	اپنی جانوں پر

اسی طرح ان سے پہلے لوگوں نے بھی کیا اور اللہ نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ خود اپنے اوپر

Marfat.com

يَظْلِمُوْنَ ﴿٣٣﴾ فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا

يَظْلِمُوْنَ	فَاَصَابَهُمْ	سَيِّاٰتُ	مَا عَمِلُوْا	وَحَاقَ	بِهِمْ	مَّا	كَانُوْا
ظلم کرتے	تو پہنچائی ان کو	برائی	اس کی جو عمل کیے انہوں نے	اور گھیرا	ان کو	اس نے	جو تھے وہ

ظلم کرتے تھے۔ پھر جو کچھ انہوں نے کیا اس کی برائیاں ان پر آ پڑیں اور جس چیز کی وہ ہنسی اڑاتے تھے

بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٣٤﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا عَبَدْنَا ع ٥

بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ	اَشْرَكُوْا	لَوْ	شَآءَ	اللّٰهُ	مَا	عَبَدْنَا
اسکے ساتھ	ہنسی کرتے	اور کہا	انہوں نے جو	مشرک ہوئے	اگر	چاہتا	اللہ	تو نہ	عبادت کرتے ہم

اس نے انہیں گھیر لیا۔ اور مشرکوں نے کہا اگر اللہ چاہتا تو ہم اس کے سوا کسی چیز کی عبادت نہ کرتے اور نہ

مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ نَّحْنُ وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ دُوْنِهٖ

مِنْ دُوْنِهٖ	مِنْ شَيْءٍ	نَّحْنُ	وَ	لَآ	اٰبَآؤُنَا	وَ	لَا	حَرَّمْنَا	مِنْ دُوْنِهٖ
اس کے سوا	کسی چیز کی	ہم	اور	نہ	ہمارے باپ دادا	اور	نہ	حرام کرتے ہم	اس کے سوا

ہمارے باپ دادا اور اس (کے حکم) کے بغیر ہم کسی چیز کو حرام نہ ٹھہراتے

مِنْ شَيْءٍ ۭ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ فَهَلْ عَلَى

مِنْ	شَيْءٍ	كَذٰلِكَ	فَعَلَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	فَهَلْ	عَلَى
کوئی	چیز	اسی طرح	کیا	انہوں نے جو	ان سے پہلے تھے	تو کیا ہے	اوپر

اسی طرح کیا ان لوگوں نے جو ان سے پہلے تھے تو رسولوں پر اس کے سوا کیا ہے

الرُّسُلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿٣٥﴾ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ

الرُّسُلِ	اِلَّا	الْبَلٰغُ	الْمُبِيْنُ	وَ	لَقَدْ	بَعَثْنَا	فِيْ	كُلِّ	اُمَّةٍ	رَّسُوْلًا	اَنِ
رسولوں کے	مگر	پہنچانا	صاف	اور	بیشک	بھیجے ہم نے	ہر	ایک	امت میں	رسول	یہ کہ

بجز صاف صاف پہنچا دینے کے۔ اور بے شک ہم نے ہر امت میں رسول بھیجے کہ ایک

Marfat.com

اُعْبُدُوا اللّٰهَ وَ اجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ هَدَى اللّٰهُ

اُعْبُدُوا	اللّٰهَ	وَ	اجْتَنِبُوا	الطَّاغُوْتَ	فَمِنْهُمْ	مَّنْ	هَدَى	اللّٰهُ
عبادت کرو	اللہ کی	اور	بچو	شیطان سے	تو بعض ان سے	وہ ہیں جن کو	ہدایت کی	اللہ نے

اللہ کی عبادت کرو اور شیطان سے بچو تو ان میں سے بعض کو اللہ نے ہدایت دی

وَمِنْهُمْ مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ ؕ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ

وَمِنْهُمْ	مَّنْ	حَقَّتْ	عَلَيْهِ	الضَّلٰلَةُ	فَسِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ
اور بعض ان سے	وہ ہیں کہ	حق ہوئی	اس پر	گمراہی	تو پھرو	زمین میں

اور بعض پر ان میں سے گمراہی ثابت ہوئی تو زمین میں چلو پھرو

فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۳۶﴾ اِنْ تَحْرِصْ عَلٰى

فَانْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُكَذِّبِيْنَ	اِنْ	تَحْرِصْ	عَلٰى
پھر دیکھو	کیسا ہوا	ہوا	انجام	جھٹلانے والوں کا	اگر	آپ حریص ہوں	اوپر

پھر دیکھو جھٹلانے والوں کا کیسا انجام ہوا۔ اگر آپ ان کے ہدایت کی حریص

هُدٰىهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ يُّضِلُّ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۳۷﴾

هُدٰىهُمْ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	لَا	يَهْدِيْ	مَنْ	يُّضِلُّ	وَمَا	لَهُمْ	مِّنْ	نّٰصِرِيْنَ
انکی ہدایت کی	تو بیشک	اللہ تعالیٰ	نہیں	ہدایت دیتا	اسے جو	گمراہ کرے	اور نہیں	ان کے لیے	کوئی	مددگار

ہوں تو بے شک اللہ ہدایت نہیں دیتا جسے وہ گمراہ کرے اور ان کا کوئی مددگار بھی نہیں۔

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ ؕ بَلٰى

وَ	اَقْسَمُوْا	بِاللّٰهِ	جَهْدَ	اَيْمَانِهِمْ	لَا	يَبْعَثُ	اللّٰهُ	مَنْ	يَّمُوْتُ	بَلٰى
اور	قسم کھائی انہوں نے	اللہ کی	مضبوط	اپنی قسمیں	نہیں	اٹھائے گا	اللہ	اسے جو	مرے گا	کیوں نہیں

اور یہ لوگ اللہ کی پکی قسمیں کھاتے ہیں کہ جو مرجائے گا اللہ اسے زندہ نہیں کرے گا کیوں نہیں

Marfat.com

وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾ لِيُبَيِّنَ لَهُمُ

وَعْدًا	عَلَيْهِ	حَقًّا	وَ	لٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا	يَعْلَمُوْنَ	لِيُبَيِّنَ	لَهُمُ
وعدہ ہے	اس پر	سچا	اور	لیکن	اکثر	لوگ	نہیں	جانتے	تاکہ بیان کرے	ان کے لیے

یہ اس کے ذمہ ایک پکا وعدہ ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ (یہ اس لئے ہو گا) تاکہ وہ لوگوں

الَّذِيْ يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ كَانُوْا

الَّذِيْ	يَخْتَلِفُوْنَ	فِيْهِ	وَ	لِيَعْلَمَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْٓا	اَنَّهُمْ	كَانُوْا
وہ جو کہ	اختلاف کرتے ہیں	اس میں	اور	جلدی جانیں گے	وہ جو	کافر ہوئے	بیشک وہ	تھے

پر وہ بات جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں واضح کر دے اور تاکہ کافر جان لیں

كٰذِبِيْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ

كٰذِبِيْنَ	اِنَّمَا	قَوْلُنَا	لِشَيْءٍ	اِذَآ	اَرَدْنٰهُ	اَنْ	نَّقُوْلَ	لَهٗ	كُنْ
جھوٹے	اسکے سوا نہیں	کہ ہمارا کہنا	کسی چیز کو	جب	ارادہ کریں ہم اس کا	یہ کہ	ہم کہیں	اس کو	ہو جا

کہ وہ جھوٹے تھے۔ ہماری بات تو کسی چیز کیلئے جب ہم اس کا ارادہ کر لیتے ہیں صرف یہ ہوتی ہے کہ ہم اس سے فرما دیتے ہیں

فَيَكُوْنُ ﴿۴۰﴾ ع وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا ع ۵

فَيَكُوْنُ	وَ	الَّذِيْنَ	هَاجَرُوْا	فِي اللّٰهِ	مِنْۢ بَعْدِ	مَا ظُلِمُوْا
تو ہو جاتی ہے	اور	وہ جنہوں نے	ہجرت کی	اللہ کی راہ میں	پیچھے	اسکے جو ظلم کیے گئے

"ہو جا" اور وہ ہو جاتی ہے۔ اور وہ لوگ جنہوں نے مظلوم ہونے کے بعد اللہ کی راہ میں ہجرت کی

لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا وقف لازم

لَنُبَوِّئَنَّهُمْ	فِي الدُّنْيَا	حَسَنَةً	وَلَاَجْرُ	الْاٰخِرَةِ	اَكْبَرُ	لَوْ كَانُوْا
ہم ضرور جگہ دیں گے انہیں	دنیا میں	اچھی	اور یقیناً اجر	آخرت کا	بہت بڑا ہے	کاش وہ

ہم ضرور انہیں دنیا میں اچھا ٹھکانا دیں گے اور آخرت کا اجر یقیناً بڑا ہے

Marfat.com

يَعْلَمُوْنَ ﴿٤١﴾ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿٤٢﴾ وَمَآ

يَعْلَمُوْنَ	الَّذِيْنَ	صَبَرُوْا	وَ	عَلٰى	رَبِّهِمْ	يَتَوَكَّلُوْنَ	وَ	مَآ
جانتے ہوں	وہ جنہوں نے	صبر کیا	اور	اوپر	اپنے رب کے	وہ بھروسہ کرتے ہیں	اور	نہیں

کاش وہ جانتے۔ (وہ ہجرت کرنے والے) جنہوں نے صبر کیا اور (وہ) اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔ اور ہم نے

اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ

اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ	اِلَّا	رِجَالًا	نُّوْحِيْٓ	اِلَيْهِمْ	فَسْـَٔلُوْٓا	اَهْلَ الذِّكْرِ
بھیجا ہم نے	آپ سے پہلے	مگر	مرد	وحی کرتے ہم	ان کی طرف	تو پوچھو	علم والوں سے

آپ سے پہلے آدمی ہی رسول بنا کر بھیجے جن کی طرف ہم وحی کرتے تھے تو اے لوگو! علم والوں سے پوچھو

اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٤٣﴾ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ ؕ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ

اِنْ	كُنْتُمْ	لَا	تَعْلَمُوْنَ	بِالْبَيِّنٰتِ	وَ	الزُّبُرِ	وَ	اَنْزَلْنَآ	اِلَيْكَ	الذِّكْرَ
اگر	تم ہو	نہیں	جانتے	روشن دلیلیں	اور	کتابیں لے کر	اور	اتارا ہم نے	آپ کی طرف	ذکر

اگر تمہیں علم نہیں۔ ہم نے ان کو بھیجا تھا روشن دلیلیں اور کتابیں لے کر اور اے محبوب ﷺ ہم نے آپ کی طرف یہ نصیحت

لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿٤٤﴾ اَفَاَمِنَ

لِتُبَيِّنَ	لِلنَّاسِ	مَا نُزِّلَ	اِلَيْهِمْ	وَ	لَعَلَّهُمْ	يَتَفَكَّرُوْنَ	اَفَاَمِنَ
تاکہ آپ بیان کریں	لوگوں کیلئے	جو اترا	ان کی طرف	اور	تاکہ وہ	سوچیں	کیا مطمئن ہیں

نازل کی کہ آپ لوگوں سے بیان کر دیں جو ان کی طرف نازل کیا اور تاکہ وہ غور وفکر کرتے رہیں۔ تو کیا وہ لوگ جو

النصف

الَّذِيْنَ مَكَرُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ

الَّذِيْنَ	مَكَرُوا	السَّيِّاٰتِ	اَنْ	يَّخْسِفَ	اللّٰهُ	بِهِمُ	الْاَرْضَ
وہ جنہوں نے	فریب کیے	برے	یہ کہ	دھنسا دے	اللہ	ان کو	زمین میں

بُری چالیں چلتے ہیں اس بات سے نڈر ہو گئے ہیں کہ اللہ انہیں زمین میں دھنسا دے

Marfat.com

اَوۡ يَاۡتِيَهُمُ الۡعَذَابُ مِنۡ حَيۡثُ لَا يَشۡعُرُوۡنَ ﴿۴۵﴾ اَوۡ يَاۡخُذَهُمۡ فِىۡ

فِىۡ تَقَلُّبِهِمۡ	يَاۡخُذَهُمۡ	اَوۡ	لَا يَشۡعُرُوۡنَ	مِنۡ حَيۡثُ	الۡعَذَابُ	يَاۡتِيَهُمُ	اَوۡ
ان کے چلتے پھرتے میں	پکڑے ان کو	یا	کہ نہ سمجھیں	ایسی جگہ سے	عذاب	آئے ان کے پاس	یا

یا انہیں وہاں سے عذاب آ جائے جہاں سے انہیں خیال بھی نہ ہو۔ یا وہ انہیں چلتے پھرتے پکڑ لے

تَقَلُّبِهِمۡ فَمَا هُمۡ بِمُعۡجِزِيۡنَ ﴿۴۶﴾ اَوۡ يَاۡخُذَهُمۡ عَلٰى تَخَوُّفٍ ؕ فَاِنَّ

فَاِنَّ	عَلٰى تَخَوُّفٍ	يَاۡخُذَهُمۡ	اَوۡ	بِمُعۡجِزِيۡنَ	هُمۡ	فَمَا
پھر بیشک	ڈرنے پر	پکڑے ان کو	یا	عاجز کرنے والے	وہ	پھر نہیں

پھر وہ (اللہ کو) عاجز کرنے والے نہیں۔ یا (ان کے) خوف زدہ ہونے پر انہیں پکڑ لے تو بیشک

رَبَّكُمۡ لَرَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۴۷﴾ اَوَلَمۡ يَرَوۡا اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنۡ شَىۡءٍ

شَىۡءٍ	مِنۡ	اللّٰهُ	خَلَقَ	مَا	اِلٰى	يَرَوۡا	اَوَلَمۡ	رَّحِيۡمٌ	لَرَءُوۡفٌ	رَبَّكُمۡ
بھی چیز	کوئی	اللہ نے	پیدا کی	اس کی جو	طرف	دیکھا انہوں نے	کیا نہیں	رحم کرنے والا	مہربان ہے	تمہارا رب

تمہارا رب بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے۔ کیا انہوں نے نہ دیکھا کہ جو چیز اللہ نے پیدا کی ہے اس کے سائے داہنے

يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الۡيَمِيۡنِ وَ الشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمۡ

هُمۡ	وَ	لِّلّٰهِ	سُجَّدًا	الشَّمَآئِلِ	وَ	عَنِ الۡيَمِيۡنِ	ظِلٰلُهٗ	يَّتَفَيَّؤُا
وہ	اور	اللہ کو	سجدہ کرتے ہوئے	بائیں سے	اور	دائیں	ان کے سائے	تو جھکتے ہیں

اور بائیں جھکتے ہیں اللہ کو سجدہ کرتے ہوئے اس حال میں کہ وہ

دٰخِرُوۡنَ ﴿۴۸﴾ وَلِلّٰهِ يَسۡجُدُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ مِنۡ دَآبَّةٍ

مِنۡ دَآبَّةٍ	فِى الۡاَرۡضِ	مَا	وَ	فِى السَّمٰوٰتِ	مَا	يَسۡجُدُ	لِلّٰهِ	وَ	دٰخِرُوۡنَ
جاندار	زمین میں ہے	جو	اور	آسمانوں میں ہے	جو چیز	سجدہ کرتے ہیں	اللہ کے لیے	اور	ذلیل ہوں

عاجزی کا اظہار کرتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کے لیے سجدہ کرتے ہیں جتنی چلنے والی چیزوں میں سے آسمانوں میں ہیں اور زمین میں

Marfat.com

وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۴۹﴾ يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ

وَ	الْمَلٰٓئِكَةُ	وَ	هُمْ	لَا	يَسْتَكْبِرُوْنَ	يَخَافُوْنَ	رَبَّهُمْ
اور	فرشتے	اور	وہ	نہیں	غرور کرتے	خوف کرتے ہیں	اپنے رب کا

ہیں اور فرشتے بھی اور وہ تکبر نہیں کرتے۔ اور اپنے اوپر اپنے رب کا

ع ۱۴ السجدة ۳

مِنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ السجدة ع وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ

مِنْ فَوْقِهِمْ	وَيَفْعَلُوْنَ	مَا	يُؤْمَرُوْنَ	وَقَالَ	اللّٰهُ	لَا	تَتَّخِذُوْٓا	اِلٰهَيْنِ
اپنے اوپر سے	اور کرتے ہیں	جو	حکم دیے جاتے ہیں	اور فرمایا	اللہ نے	نہ	بناؤ	خدا

خوف کرتے ہیں اور وہی کرتے ہیں جو انہیں حکم ہو۔ اور اللہ نے فرمایا کہ دو معبود نہ بناؤ یقیناً

اثْنَيْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ﴿۵۱﴾ وَلَهٗ مَا فِي

اثْنَيْنِ	اِنَّمَا	هُوَ	اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	فَاِيَّايَ	فَارْهَبُوْنِ	وَ	لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ
دو	اس کے سوا نہیں کہ	وہ	خدا	ایک ہے	تو خاص مجھ سے	ڈرو	اور	اسی کا ہے	جو	آسمانوں میں ہے

وہ ایک ہی معبود ہے پھر مجھ ہی سے ڈرو۔ اور آسمانوں اور زمین میں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَهُ الدِّيْنُ وَاصِبًا ۭ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ﴿۵۲﴾

وَالْاَرْضِ	وَ	لَهُ	الدِّيْنُ	وَاصِبًا	اَفَغَيْرَ	اللّٰهِ	تَتَّقُوْنَ
اور زمین میں	اور	اسی کا	دین	لازم ہے	کیا سوائے	اللہ کے	ڈرتے ہو

جو کچھ ہے اسی کا ہے اور ہمیشہ کی اطاعت اسی کا حق ہے پھر کیا تم اللہ کے سوا کسی اور سے ڈرتے ہو؟

وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ

وَ	مَا	بِكُمْ	مِّنْ نِّعْمَةٍ	فَمِنَ اللّٰهِ	ثُمَّ	اِذَا	مَسَّكُمُ	الضُّرُّ	فَاِلَيْهِ
اور	جو بھی	تمہارے پاس	نعمت ہے	کی طرف سے	پھر	جب	پہنچتی ہے	تکلیف	تو اسی کی

اور تمہارے پاس جو نعمت ہے تو وہ سب اللہ کی طرف سے ہے پھر جب تمہیں تکلیف پہنچتی ہے تو تم اسی کی

Marfat.com

تَجْـَٔرُوْنَ ۝٥٣ ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ

تَجْـَٔرُوْنَ	ثُمَّ	اِذَا	كَشَفَ	الضُّرَّ	عَنْكُمْ	اِذَا	فَرِيْقٌ	مِّنْكُمْ	بِرَبِّهِمْ
پناہ لیتے ہو	پھر	جب	دور کرتا ہے	تکلیف	تم سے	تو تب	ایک گروہ	تم میں سے	اپنے رب سے

طرف فریاد کرتے ہو۔ پھر جب وہ تم سے تکلیف دور کر دیتا ہے تو یکا یک تم میں سے ایک گروہ اپنے رب کا شریک

يُشْرِكُوْنَ ۝٥٤ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۭ فَتَمَتَّعُوْا ۣ فَسَوْفَ

يُشْرِكُوْنَ	لِيَكْفُرُوْا	بِمَآ	اٰتَيْنٰهُمْ	فَتَمَتَّعُوْا	فَسَوْفَ
شرک کرتا ہے	تا کہ انکار کریں	اس کا	جو دیا ہم نے تمہیں	تو فائدہ اٹھاؤ	تو عنقریب

ٹھہرانے لگتا ہے۔ کہ ہماری دی نعمتوں کی ناشکری کریں جو ہم نے ان کو عطا کی تھیں اور تھوڑے سے فائدے اٹھالو کہ عنقریب

تَعْلَمُوْنَ ۝٥٥ وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ۭ تَاللّٰهِ

تَعْلَمُوْنَ	وَ	يَجْعَلُوْنَ	لِمَا	لَا	يَعْلَمُوْنَ	نَصِيْبًا	مِّمَّا	رَزَقْنٰهُمْ	تَاللّٰهِ
جانو گے تم	اور	بناتے ہیں	اس کیلئے	نہیں	جانتے	حصہ	اس سے جو	دی ہوئی روزی	خدا کی قسم

جان جاؤ گے۔ جن کی حقیقت کو نہیں جانتے ان چیزوں کیلئے ہماری دی ہوئی روزی میں سے حصہ مقرر کرتے ہیں خدا کی قسم تم

لَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ۝٥٦ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ

لَتُسْـَٔلُنَّ	عَمَّا	كُنْتُمْ	تَفْتَرُوْنَ	وَ	يَجْعَلُوْنَ	لِلّٰهِ	الْبَنٰتِ	سُبْحٰنَهٗ
ضرور سوال ہوگا	اس سے جو	تم	جھوٹ باندھتے تھے	اور	بناتے ہیں	اللہ کے لیے	بیٹیاں	وہ پاک ہے

سے ضرور سوال ہونا ہے جو کچھ جھوٹ باندھتے تھے۔ اور وہ اللہ کیلئے بیٹیاں ٹھہراتے ہیں (حالانکہ) وہ پاک ہے اور

وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ۝٥٧ وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ

وَلَهُمْ	مَّا	يَشْتَهُوْنَ	وَ	اِذَا	بُشِّرَ	اَحَدُهُمْ	بِالْاُنْثٰى	ظَلَّ	وَجْهُهٗ
اور ان کیلئے	جو	وہ چاہیں	اور	جب	خبر دیا جاتا ہے	کوئی ان کا	لڑکی کی	تو ہو جاتا ہے	اس کا منہ

ان کے لیے وہ کچھ ہے جو وہ چاہتے ہیں۔ اور جب ان میں سے کسی کو لڑکی کی بشارت دی جاتی ہے تو اس کا چہرہ سیاہ پڑ

Marfat.com

مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ﴿٥٨﴾ يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ؕ

مُسْوَدًّا	وَّ	هُوَ	كَظِيْمٌ	يَتَوَارٰى	مِنَ الْقَوْمِ	مِنْ سُوْٓءِ	مَا	بُشِّرَ	بِهٖ
سیاہ	اور	وہ ہوتا ہے	غصہ میں بھرا ہوا	چھپتا ہے	قوم سے	برائی	اس کی ہے	جو خبر دیا گیا	اس کی

جاتا ہے اور اس کا دل غم سے بھرا ہوا ہوتا ہے۔ لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے اسے برا سمجھنے کی وجہ سے جس کی اسے

اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ ؕ اَلَا سَآءَ مَا

اَيُمْسِكُهٗ	عَلٰى	هُوْنٍ	اَمْ	يَدُسُّهٗ	فِى التُّرَابِ	اَلَا	سَآءَ	مَا
کیا روک رکھے اسے	اوپر	ذلت کے	یا	دبا دے اسے	مٹی میں	خبردار	برا ہے	جو

بشارت دی گئی ہے (سوچتا ہے) کہ ذلت برداشت کرکے اسے روک لے یا اسے مٹی میں دبا دے سن لو وہ بہت ہی

يَحْكُمُوْنَ ﴿٥٩﴾ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَلِلّٰهِ

يَحْكُمُوْنَ	لِلَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	مَثَلُ	السَّوْءِ	وَ	لِلّٰهِ
فیصلہ کرتے ہیں	ان کے لیے	جو نہیں ایمان لاتے	آخرت پر	مثال ہے	بری	اور	اللہ کے لیے

برا فیصلہ کرتے ہیں۔ انہی لوگوں کا برا حال ہے جو آخرت پر ایمان نہیں لاتے اور اللہ کی شان سب سے بلند ہے

ع ۱۰ ۱۳ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٦٠﴾ ع وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ

الْمَثَلُ	الْاَعْلٰى	وَ	هُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	وَ	لَوْ	يُؤَاخِذُ	اللّٰهُ	النَّاسَ
مثال ہے	بلند	اور	وہ	غالب ہے	حکمت والا	اور	اگر	پکڑے	اللہ	لوگوں کو

اور وہی بڑی زبردست قوت والا بڑی حکمت والا ہے۔ اور اگر اللہ لوگوں کو ان کے ظلم

بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ

بِظُلْمِهِمْ	مَّا	تَرَكَ	عَلَيْهَا	مِنْ دَآبَّةٍ	وَّ	لٰكِنْ	يُّؤَخِّرُهُمْ
ان کے ظلم پر	تو نہ	چھوڑے	اس پر	کوئی چلنے والا	اور	لیکن	وہ مہلت دیتا ہے ان کو

پر گرفت کرتا تو زمین پر کوئی چلنے والا نہیں چھوڑتا لیکن انہیں مقررہ

Marfat.com

إِلَىٰٓ أَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَإِذَا جَآءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَـْٔخِرُونَ سَاعَةً

اِلٰٓى اَجَلٍ	مُّسَمًّى	فَاِذَا	جَآءَ	اَجَلُهُمْ	لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ	سَاعَةً
ایک وقت تک	مقرر کی ہوئی	تو جب	آجاتا ہے	ان کا وقت	تو نہیں پیچھے ہٹتے	ایک گھڑی

وعدے تک مہلت دیتا ہے پھر جب ان کا وعدہ آئے گا نہ ایک گھڑی پیچھے ہٹیں

وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ﴿٦١﴾ وَيَجْعَلُونَ لِلَّهِ مَا يَكْرَهُونَ وَتَصِفُ

وَ	لَا	يَسْتَقْدِمُوْنَ	وَ	يَجْعَلُوْنَ	لِلّٰهِ	مَا	يَكْرَهُوْنَ	وَتَصِفُ
اور	نہ	آگے بڑھتے ہیں	اور	بناتے ہیں	اللہ کے لیے	جو	براجانتے ہیں	اور بیان کرتی ہیں

نہ آگے بڑھیں۔ اور وہ اللہ تعالیٰ کے لیے وہ کچھ مقرر کرتے ہیں جو خود ناپسند کرتے ہیں۔ اور ان کی زبانیں

أَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ أَنَّ لَهُمُ الْحُسْنَىٰ ۖ لَا جَرَمَ أَنَّ لَهُمُ النَّارَ

اَلْسِنَتُهُمُ	الْكَذِبَ	اَنَّ	لَهُمُ	الْحُسْنٰى	لَا جَرَمَ	اَنَّ	لَهُمُ	النَّارَ
ان کی زبانیں	جھوٹ	کہ بیشک	ان کے لیے	بھلائی ہے	لازما	یقینا	ان کے لیے	آگ ہے

جھوٹ بیان کرتی ہیں کہ یقیناً ان کے لیے بھلائی ہے۔ لازماً ان کے لیے آگ ہے اور یقیناً وہ اس میں آگے

وَأَنَّهُم مُّفْرَطُونَ ﴿٦٢﴾ تَاللَّهِ لَقَدْ أَرْسَلْنَآ إِلَىٰٓ أُمَمٍ مِّن قَبْلِكَ فَزَيَّنَ

وَ	اَنَّهُمْ	مُّفْرَطُوْنَ	تَاللّٰهِ	لَقَدْ	اَرْسَلْنَآ	اِلٰٓى	اُمَمٍ	مِّنْ قَبْلِكَ	فَزَيَّنَ
اور	بیشک وہ	آگے بھیجے جائینگے	خدا کی قسم	بیشک	بھیجے ہم نے	طرف	امتوں کی	آپ سے پہلے	تو خوشنما بنائے

بھیجے جانے والے ہیں۔ اللہ کی قسم! ہم نے (اے رسول ﷺ!) آپ ﷺ سے پہلی امتوں میں بھی رسول بھیجے مگر (لوگوں کو)

لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٦٣﴾

لَهُمُ	الشَّيْطٰنُ	اَعْمَالَهُمْ	فَهُوَ	وَلِيُّهُمُ	الْيَوْمَ	وَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ
ان کے لیے	شیطان نے	ان کے عمل	تو وہ	ان کا رفیق ہے	آج کے دن	اور	ان کے لیے	عذاب ہے	دردناک

شیطان نے ان کے عمل خوبصورت بنا کر دکھا دیئے سو آج وہی ان کا رفیق ہے اور ان کیلئے دردناک عذاب ہے۔

Marfat.com

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِى اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ

وَ	مَآ	اَنْزَلْنَا	عَلَيْكَ	الْكِتٰبَ	اِلَّا	لِتُبَيِّنَ	لَهُمُ	الَّذِى	اخْتَلَفُوْا	فِيْهِ
اور	نہیں	اتاری ہم نے	آپ پر	کتاب	مگر	تاکہ آپ ظاہر کرو	ان کے لیے	وہ کہ	اختلاف کرتے ہیں	اس میں

اور ہم نے آپ پر صرف اس لئے کتاب نازل کی ہے تاکہ آپ لوگوں پر وہ بات جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں

وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٦٤﴾ وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

وَ	هُدًى	وَّ	رَحْمَةً	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ	وَاللّٰهُ	اَنْزَلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً
اور	ہدایت	اور	رحمت	واسطے قوم	مومن کے	اور اللہ نے	اتارا	آسمان سے	پانی

واضح کردیں اور وہ ایمان والے لوگوں کیلئے ہدایت اور رحمت ہو۔ اور اللہ نے آسمان سے پانی برسایا تو زمین کو اس کے مردہ

فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۗ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ

فَاَحْيَا	بِهِ	الْاَرْضَ	بَعْدَ	مَوْتِهَا	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لِّقَوْمٍ
تو زندہ کیا	اس سے	زمین کو	بعد	اس کی موت کے	کہ بیشک	اس میں	نشانی ہے	واسطے قوم کے

ہونے کے بعد اس (پانی) سے زندہ کر دیا بیشک اس میں ضرور نشانی ہے ان لوگوں کیلئے

يَّسْمَعُوْنَ ﴿٦٥﴾ ع وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۗ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ ع ۸ ۱۴

يَّسْمَعُوْنَ	وَ	اِنَّ	لَكُمْ	فِى الْاَنْعَامِ	لَعِبْرَةً	نُسْقِيْكُمْ	مِّمَّا	فِيْ بُطُوْنِهٖ
جو سنتے ہیں	اور	بیشک	تمہارے لیے	چوپایوں میں	یقیناً عبرت ہے	پلاتے ہیں ہم تمہیں	اس سے	جو اس کے پیٹوں میں ہے

جو سنتے ہیں۔ اور بے شک جانداروں میں تمہارے لئے مقام غور ہے ہم تمہیں پلاتے ہیں اس چیز میں سے

مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿٦٦﴾ وَمِنْ

مِنْ بَيْنِ	فَرْثٍ	وَّدَمٍ	لَّبَنًا	خَالِصًا	سَآئِغًا	لِّلشّٰرِبِيْنَ	وَ	مِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ
درمیان	گوبر	اور خون کے	دودھ	خالص	خوشگوار	پینے والوں کے لیے	اور	کھجور کے پھلوں

جو ان کے پیٹ میں ہے گوبر اور خون کے درمیان سے خالص دودھ پینے والوں کیلئے خوشگوار ہے۔ اور کھجور

Marfat.com

ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا

وَ	الْاَعْنَابِ	تَتَّخِذُوْنَ	مِنْهُ	سَكَرًا	وَّ	رِزْقًا
اور	انگور سے	بناتے ہو	اس سے	نبیذ	اور	رزق

اور انگور کے پھلوں میں سے کہ اس سے نشہ آور چیزیں بناتے ہو اور اچھا

حَسَنًا ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى

حَسَنًا	اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لِّقَوْمٍ	يَّعْقِلُوْنَ	وَ	اَوْحٰى	رَبُّكَ	اِلَى
اچھا	بیشک اس میں	نشانی ہے	واسطے قوم	عقلمند کے	اور	الہام کیا	آپ کے رب نے	طرف

رزق بھی بے شک اس میں نشانی ہے عقل والوں کیلئے۔ اور آپ کے رب نے شہد کی

النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِیْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا

النَّحْلِ	اَنِ	اتَّخِذِیْ	مِنَ الْجِبَالِ	بُيُوْتًا	وَّ	مِنَ الشَّجَرِ	وَ	مِمَّا
شہد کی مکھی کے	یہ کہ	بنا	پہاڑوں میں	گھر	اور	درختوں پر	اور	اس سے جو

مکھی کو الہام کیا کہ پہاڑوں میں گھر بنا اور درختوں

يَعْرِشُوْنَ ﴿۶۸﴾ ثُمَّ كُلِیْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِیْ سُبُلَ رَبِّكِ

يَعْرِشُوْنَ	ثُمَّ	كُلِیْ	مِنْ كُلِّ	الثَّمَرٰتِ	فَاسْلُكِیْ	سُبُلَ	رَبِّكِ
مکان بناتے ہیں	پھر	کھا	ہر طرح کے	پھل	پھر چل	راستوں پر	اپنے رب کے

میں چھتوں میں۔ پھر ہر طرح کے پھل کھا اور اپنے رب کے آسان مقرر رستوں پر چلتی جا

ذُلُلًا ؕ يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ

ذُلُلًا	يَخْرُجُ	مِنْ بُطُوْنِهَا	شَرَابٌ	مُّخْتَلِفٌ	اَلْوَانُهٗ	فِيْهِ	شِفَآءٌ
نرمی سے	نکلتا ہے	اس کے پیٹوں میں سے	شربت	مختلف ہیں	اس کے رنگ	اس میں	شفاء ہے

ان کے پیٹوں سے مختلف رنگوں کا شربت نکلتا ہے جس میں لوگوں کیلئے شفا ہے

Marfat.com

لِلنَّاسِ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَ اللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ

لِلنَّاسِ	اِنَّ	فِیْ ذٰلِكَ	لَاٰیَةً	لِّقَوْمٍ	یَّتَفَكَّرُوْنَ	وَ	اللّٰهُ	خَلَقَكُمْ	ثُمَّ
لوگوں کے لیے	بیشک	اس میں	نشانی ہے	واسطے قوم	سمجھدار کے	اور	اللہ نے	تمہیں پیدا کیا	پھر

بیشک اس میں ان لوگوں کیلئے جو غوروفکر کرتے ہیں ایک نشانی ہے۔ اور اللہ ہی نے تمہیں پیدا کیا پھر وہ تمہیں

یَتَوَفّٰىكُمْ ۚ وَ مِنْكُمْ مَّنْ یُّرَدُّ اِلٰۤى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَیْ لَا یَعْلَمَ بَعْدَ

یَتَوَفّٰىكُمْ	وَ	مِنْكُمْ	مَّنْ	یُّرَدُّ	اِلٰۤى	اَرْذَلِ	الْعُمُرِ	لِكَیْ لَا	یَعْلَمَ	بَعْدَ
تمہیں مارے گا	اور	بعض تم میں سے	وہ ہے جو	پھیرا جاتا ہے	طرف	ناقص	عمر کے	تا کہ نہ	جانے	بعد

موت دیتا ہے اور تم میں سے کوئی ناقص عمر کو پہنچ جاتا ہے کہ جاننے کے بعد

عِلْمٍ شَیْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌ قَدِیْرٌ ﴿۷۰﴾ وَ اللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى

عِلْمٍ	شَیْـًٔا	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلِیْمٌ	قَدِیْرٌ	وَ	اللّٰهُ	فَضَّلَ	بَعْضَكُمْ	عَلٰى
جاننے کے	کچھ بھی	بیشک	اللہ	جاننے والا ہے	قدرت والا	اور	اللہ نے	بڑائی دی	بعض تمہارے کو	اوپر

کچھ نہیں جانتا بیشک اللہ علم والا، قدرت والا ہے۔ اور اللہ نے تمہارے بعض کو بعض پر

بَعْضٍ فِی الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِیْنَ فُضِّلُوْا بِرَآدِّیْ رِزْقِهِمْ عَلٰى مَا مَلَكَتْ

بَعْضٍ	فِی الرِّزْقِ	فَمَا	الَّذِیْنَ	فُضِّلُوْا	بِرَآدِّیْ	رِزْقِهِمْ	عَلٰى	مَا مَلَكَتْ
بعض کے	رزق میں	پھر نہیں	وہ جو	بڑائی دیے گئے	لوٹانے والے	اپنا رزق	اوپر	ان کے جو مالک ہیں انکے

رزق میں فراخی عطا فرمائی تو جنہیں فراخی عطا کی گئی تو وہ اپنا رزق ان (غلام، باندیوں) پر لوٹانے والے نہیں

اَیْمَانُهُمْ فَهُمْ فِیْهِ سَوَآءٌ ؕ اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ یَجْحَدُوْنَ ﴿۷۱﴾

اَیْمَانُهُمْ	فَهُمْ	فِیْهِ	سَوَآءٌ	اَفَبِنِعْمَةِ	اللّٰهِ	یَجْحَدُوْنَ
دائیں ہاتھ	تو وہ	اس میں	برابر ہوں	تو کیا نعمت	الٰہی کا	وہ انکار کرتے ہیں

جو ان کی ملکیت میں ہیں کہ وہ سب اس میں برابر ہو جائیں تو کیا وہ اللہ کی نعمت کا انکار کرتے ہیں؟

ع ۹

Marfat.com

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ

وَ	اللّٰهُ	جَعَلَ	لَكُمْ	مِّنْ اَنْفُسِكُمْ	اَزْوَاجًا	وَّ	جَعَلَ	لَكُمْ	مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ
اور	اللہ نے	بنائیں	تمہارے لیے	تمہاری جانوں میں سے	بیویاں	اور	بنائے	تمہارے لیے	تمہاری بیویوں سے

اور اللہ نے تم میں سے تمہاری بیویاں بنائیں اور تمہارے لیے تمہاری بیویوں سے بیٹے اور پوتے

بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ

بَنِيْنَ	وَحَفَدَةً	وَّ	رَزَقَكُمْ	مِّنَ الطَّيِّبٰتِ	اَفَبِالْبَاطِلِ
بیٹے	اور پوتے	اور	رزق دیا تم کو	پاکیزہ چیزوں کا	کیا باطل کے ساتھ

نواسے پیدا کیے اور تمہیں پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا تو کیا وہ باطل پر یقین رکھتے ہیں

يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۲﴾ لا وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ

يُؤْمِنُوْنَ	وَ	بِنِعْمَتِ	اللّٰهِ	هُمْ	يَكْفُرُوْنَ	وَيَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ
وہ ایمان لاتے	اور	ساتھ نعمت	اللہ کے	وہ	انکار کرتے ہیں	اور پوجتے ہیں	سوائے

اور اللہ کی نعمت کا وہ انکار کرتے ہیں؟ اور اللہ کے سوا ایسوں کو پوجتے ہیں

اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَيْـًٔا

اللّٰهِ	مَا لَا	يَمْلِكُ	لَهُمْ	رِزْقًا	مِّنَ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	شَيْـًٔا
اللہ کے	ان کو جو نہیں	مالک ہیں	ان کے لیے	رزق کے	آسمانوں سے	اور زمین سے	کسی چیز کے

جو انہیں آسمان اور زمین سے کچھ بھی روزی دینے کا اختیار نہیں رکھتے

وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿۷۳﴾ ج فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ

وَّ	لَا	يَسْتَطِيْعُوْنَ	فَلَا	تَضْرِبُوْا	لِلّٰهِ	الْاَمْثَالَ	اِنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	وَ	اَنْتُمْ
اور	نہیں	طاقت رکھتے	تو نہ	بیان کرو	اللہ کے لیے	مثالیں	تحقیق	اللہ	جانتا ہے	اور	تم

اور نہ کچھ کر سکتے ہیں۔ پھر تم اللہ تعالیٰ کے لیے مثالیں نہ بیان کرو۔ یقیناً اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور تم

Marfat.com

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۴﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ

لَا تَعْلَمُوْنَ	ضَرَبَ	اللّٰهُ	مَثَلًا	عَبْدًا	مَّمْلُوْكًا	لَّا يَقْدِرُ	عَلٰى شَيْءٍ
نہیں جانتے	بیان فرمائی	اللہ نے	مثال	بندے	غلام کی	جو نہیں قادر	کسی چیز پر

نہیں جانتے۔ اللہ ایک مثال بیان فرماتا ہے ایک غلام بندہ ہے جو کسی شے پر قدرت نہیں رکھتا اور ایک وہ ہے جسے

وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّ

وَّ	مَنْ	رَّزَقْنٰهُ	مِنَّا	رِزْقًا	حَسَنًا	فَهُوَ	يُنْفِقُ	مِنْهُ	سِرًّا	وَّ
اور	وہ جو	رزق دیا ہم نے اسے	اپنی طرف سے	رزق	اچھا	تو وہ	خرچ کرتا ہے	اس سے	چھپے	اور

ہم نے اپنی طرف سے عمدہ رزق دیا ہے پھر وہ اسے چھپا کر اور کھل کر خرچ کرتا ہے

جَهْرًا ؕ هَلْ يَسْتَوٗنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾

جَهْرًا	هَلْ	يَسْتَوٗنَ	اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	بَلْ	اَكْثَرُهُمْ	لَا	يَعْلَمُوْنَ
ظاہر	کیا	برابر ہیں	سب تعریف	اللہ کے لیے ہے	بلکہ	اکثر ان کے	نہیں	علم رکھتے

کیا وہ برابر ہیں؟ ہرگز نہیں تعریف اللہ کے لیے ہے مگر ان میں سے اکثر کو علم نہیں۔

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى

وَضَرَبَ	اللّٰهُ	مَثَلًا	رَّجُلَيْنِ	اَحَدُهُمَآ	اَبْكَمُ	لَا	يَقْدِرُ	عَلٰى
اور بیان فرمائی	اللہ نے	مثال	دو آدمیوں کی	ان میں ایک	گونگا ہے	نہیں	طاقت رکھتا	اوپر

اور اللہ ایک مثال بیان فرماتا ہے دو آدمی ہیں ان میں ایک گونگا ہے جو کسی شے پر قدرت نہیں رکھتا

شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ ؕ هَلْ

شَيْءٍ	وَّ	هُوَ	كَلٌّ	عَلٰى	مَوْلٰىهُ	اَيْنَمَا	يُوَجِّهْهُّ	لَا يَاْتِ	بِخَيْرٍ	هَلْ
کسی چیز کے	اور	وہ	بوجھ ہے	اوپر	اپنے مالک کے	جہاں کہیں	بھیجے	نہیں لاتا	بھلائی	کیا

اور اپنے آقا پر بوجھ ہے جہاں کہیں وہ اسے بھیجتا ہے وہ کوئی بھلائی نہیں لاتا

Marfat.com

يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَ مَنْ يَّأْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَ هُوَ عَلٰى صِرَاطٍ

يَسْتَوِيْ	هُوَ	وَ	مَنْ	يَّأْمُرُ	بِالْعَدْلِ	وَ	هُوَ	عَلٰى	صِرَاطٍ
برابر ہے	وہ	اور	وہ جو	حکم دیتا ہے	انصاف کا	اور	وہ	اوپر	راہ

کیا وہ اور وہ جو عدل کا حکم دیتا ہے اور جو سیدھے

مُسْتَقِيْمٍ ﴿۷۶﴾ ع وَ لِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَآ اَمْرُ ع

مُسْتَقِيْمٍ	وَ	لِلّٰهِ	غَيْبُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَ	مَآ	اَمْرُ
سیدھی کے ہے	اور	اللہ کے لیے ہے	غیب	آسمانوں	اور زمین کا	اور	نہیں	معاملہ

رستے پر ہے برابر ہیں؟ اور اللہ ہی کیلئے ہیں آسمانوں اور زمینوں کے سب غیب اور قیامت کا واقع ہونا نہیں ہے

السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

السَّاعَةِ	اِلَّا	كَلَمْحِ	الْبَصَرِ	اَوْ	هُوَ	اَقْرَبُ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ
قیامت کا	مگر	جیسے جھپکنا	آنکھ کا	یا	وہ	قریب تر ہے	بیشک	اللہ	اوپر	ہر	چیز کے

مگر ایک پلک جھپکنے کی طرح بلکہ وہ اس سے بھی قریب تر ہے بے شک اللہ جو چاہے اس پر

قَدِيْرٌ ﴿۷۷﴾ وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْئًا ۙ

قَدِيْرٌ	وَ	اللّٰهُ	اَخْرَجَكُمْ	مِّنْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ	لَا	تَعْلَمُوْنَ	شَيْئًا
قادر ہے	اور	اللہ نے	پیدا تم کو	تمہاری ماؤں کے پیٹوں سے	نہیں	جانتے تھے تم	کچھ بھی

قادر ہے۔ اور اللہ نے تمہاری ماؤں کے پیٹ سے تمہیں پیدا کیا کہ تم کچھ نہ جانتے تھے

وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾

وَّجَعَلَ	لَكُمُ	السَّمْعَ	وَالْاَبْصَارَ	وَ	الْاَفْـِٕدَةَ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ
اور بنائے	تمہارے لیے	کان	اور آنکھیں	اور	دل	تاکہ تم	شکر کرو

اور تمہارے کان اور آنکھیں اور دل بنائے تاکہ تم شکر بجا لاؤ۔

Marfat.com

اَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ ۭ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا

اَلَمْ	يَرَوْا	اِلَى	الطَّيْرِ	مُسَخَّرٰتٍ	فِيْ جَوِّ	السَّمَآءِ	مَا	يُمْسِكُهُنَّ	اِلَّا
کیا نہیں	دیکھا انہوں نے	طرف	پرندوں کی	کہ تابع ہیں	فضاء	آسمانی میں	نہیں	تھامتا ان کو	مگر

کیا انہوں نے پرندے نہیں دیکھے تابع کیے ہوئے ہیں آسمان کی فضاء میں انہیں کوئی نہیں تھامتا سوا

اللّٰهُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٧٩﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ

اللّٰهُ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ	وَ	اللّٰهُ	جَعَلَ	لَكُمْ
اللہ	بیشک	اس میں	نشانیاں ہیں	واسطے قوم	مومن کے	اور	اللہ نے	بنائے	تمہارے لیے

اللہ کے بیشک اس میں نشانیاں ہیں ایمان والوں کیلئے۔ اور اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے

مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا

مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ	سَكَنًا	وَّجَعَلَ	لَكُمْ	مِّنْ جُلُوْدِ	الْاَنْعَامِ	بُيُوْتًا	تَسْتَخِفُّوْنَهَا
تمہارے گھروں میں	سکون	اور بنائے	تمہارے لیے	چمڑوں سے	جانوروں کے	گھر	ہلکا پاتے ہو تم ان کو

تمہارے گھر کو مقام سکون بنایا۔ اور اُس نے تمہارے لیے جانوروں کی کھالوں سے ایسے گھر بنائے

يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا

يَوْمَ	ظَعْنِكُمْ	وَ	يَوْمَ	اِقَامَتِكُمْ	وَ	مِنْ اَصْوَافِهَا	وَاَوْبَارِهَا
دن	اپنے سفر کے	اور	دن	اپنے ٹھہرنے کے	اور	ان کی اون سے	اور پشم سے

جنہیں تم اپنے سفر کے دن اور اپنے قیام کے دن ہلکا پاتے ہو۔ اور اس نے اُن کی صوف اون اور بالوں سے

وَاَشْعَارِهَآ اَثَاثًا وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿٨٠﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا

وَ	اَشْعَارِهَا	اَثَاثًا	وَّ	مَتَاعًا	اِلٰى حِيْنٍ	وَاللّٰهُ	جَعَلَ	لَكُمْ	مِّمَّا
اور	ان کے بالوں سے	انکے سامان ہے	اور	فائدہ	ایک مدت تک	اور اللہ نے	بنائے	تمہارے لیے	ایسے جو

پہننے کی چیزیں اور فائدے کی چیزیں بنائیں ایک مقررہ مدت تک کے لیے۔ اور اللہ ہی نے تمہارے لئے ان چیزوں سے جو

Marfat.com

خَلَقَ ظِلٰلًا وَّ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّ جَعَلَ لَكُمُ

خَلَقَ	ظِلٰلًا	وَّ	جَعَلَ	لَكُمْ	مِّنَ الْجِبَالِ	اَكْنَانًا	وَّ	جَعَلَ	لَكُمُ
پیدا کیے	سائے	اور	بنائیں	تمہارے لیے	پہاڑوں میں	چھپنے کی جگہیں	اور	بنایا	تمہارے لیے

اس نے پیدا کی ہیں سائے بنائے اور پہاڑوں میں تمہارے لیے پناہ گاہیں بنائیں اور تمہارے لیے

سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ يُتِمُّ

سَرَابِيْلَ	تَقِيْكُمُ	الْحَرَّ	وَسَرَابِيْلَ	تَقِيْكُمْ	بَاْسَكُمْ	كَذٰلِكَ	يُتِمُّ
لباس جو	بچاتا ہے تمہیں	گرمی سے	اور لباس	بچاتا ہے تمہیں	تمہاری لڑائی سے	اسی طرح	پوری کرتا ہے

ایسے لباس بنائے جو تمہیں گرمی سے بچاتے ہیں اور وہ لباس جو تمہاری لڑائی میں تمہیں بچاتے ہیں اس طرح اللہ

نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ﴿٨١﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ

نِعْمَتَهٗ	عَلَيْكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تُسْلِمُوْنَ	فَاِنْ	تَوَلَّوْا	فَاِنَّمَا	عَلَيْكَ	الْبَلٰغُ
اپنی نعمت	تم پر	تاکہ تم	تسلیم کرو	پھر اگر	پھریں	تو صرف	آپ کے ذمہ	پہنچانا ہے

تم پر اپنی نعمت پوری کرتا ہے کہ شاید تم فرمانبردار بنو۔ پھر اگر وہ منہ موڑ لیں تو (اے رسول ﷺ!) آپ کے ذمے تو صرف صاف

الْمُبِيْنُ ﴿٨٢﴾ يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ

الْمُبِيْنُ	يَعْرِفُوْنَ	نِعْمَتَ اللّٰهِ	ثُمَّ	يُنْكِرُوْنَهَا	وَاَكْثَرُهُمُ
صاف	پہچانتے ہیں	اللہ تعالیٰ کی نعمت کو	پھر	انکار کرتے ہیں	اور ان میں کے اکثر

صاف پیغام کو پہنچا دینا ہے۔ اللہ کی نعمت کو پہچانتے ہیں پھر اس کا انکار کرتے ہیں اور ان میں

الْكٰفِرُوْنَ ﴿٨٣﴾ ع وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ ع

الْكٰفِرُوْنَ	وَ	يَوْمَ	نَبْعَثُ	مِنْ كُلِّ	اُمَّةٍ	شَهِيْدًا	ثُمَّ	لَا	يُؤْذَنُ
کافر ہیں	اور	جس دن	اٹھائیں گے ہم	ہر ایک	امت سے	گواہ	پھر	نہ	اجازت دی جائے گی

اکثر کافر ہیں۔ اور جس دن ہر امت میں سے اٹھائیں گے ہم ایک گواہ پھر کافروں کو (عذر پیش کرنے کی) اجازت نہیں دی

Marfat.com

لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا

لِلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَ	لَا	هُمْ	يُسْتَعْتَبُوْنَ	وَ	اِذَا	رَاَ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا
ان کو جو	کافر ہیں	اور	نہ	وہ	منائے جائیں	اور	جب	دیکھیں	وہ جو	ظلم کرنیوالے

جائے گی اور نہ ان سے اللہ کو راضی کرنے کا مطالبہ کیا جائے گا۔ اور ظلم کرنے والے جب عذاب دیکھ لیں گے

الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۸۵﴾ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ

الْعَذَابَ	فَلَا	يُخَفَّفُ	عَنْهُمْ	وَ	لَا	هُمْ	يُنْظَرُوْنَ	وَ	اِذَا	رَاَ	الَّذِيْنَ
عذاب	تو نہ	ہلکا کیا جائے گا	ان سے	اور	نہ	وہ	مہلت دیے جائینگے	اور	جب	دیکھیں	وہ جو

تو نہ وہ ان پر سے ہلکا ہوگا نہ انہیں مہلت ملے گی۔ اور شرک کرنے والے جب اپنے

اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا

اَشْرَكُوْا	شُرَكَآءَهُمْ	قَالُوْا	رَبَّنَا	هٰٓؤُلَآءِ	شُرَكَآؤُنَا	الَّذِيْنَ	كُنَّا
شرک ہیں	اپنے شریکوں کو	تو کہیں	اے ہمارے رب	یہ ہیں	ہمارے شریک	وہ جو	ہم

شریکوں کو دیکھیں گے کہیں گے اے ہمارے رب یہ ہیں ہمارے شریک کہ ان کی ہم

نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ج فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۸۶﴾ ج

نَدْعُوْا	مِنْ دُوْنِكَ	فَاَلْقَوْا	اِلَيْهِمُ	الْقَوْلَ	اِنَّكُمْ	لَكٰذِبُوْنَ
پکارا کرتے تھے	تیرے سوا	تو وہ ڈالیں	ان کی طرف	بات	کہ یقیناً تم	جھوٹ بولتے ہو

تیرے سوا عبادت کرتے تھے تو وہ ان کی بات کی تردید کردیں گے کہ تم بے شک جھوٹے ہو۔

وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِنِ السَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۸۷﴾

وَ	اَلْقَوْا	اِلَى	اللّٰهِ	يَوْمَئِذِ	السَّلَمَ	وَ	ضَلَّ	عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا	يَفْتَرُوْنَ
اور	ڈالیں وہ	طرف	اللہ کی	اس دن	صلح کی بات	اور	بھول جائے	ان سے	جو	تھے وہ	افتراء کرتے

اور اس دن وہ اللہ کی فرمانبرداری کا دم بھریں گے اور جو باتیں وہ گھڑا کرتے تھے ان سے کھو جائیں گی۔

Marfat.com

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَ	صَدُّوْا	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	زِدْنٰهُمْ	عَذَابًا	فَوْقَ
وہ لوگ جو	کافر ہوئے	اور	روکا	اللہ کی راہ سے	زیادہ دیں گے ہم ان کو	عذاب	اوپر

جن لوگوں نے کفر کیا اور اللہ کی راہ سے روکا ان پر اس وجہ سے کہ وہ فساد

الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿٨٨﴾ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا

الْعَذَابِ	بِمَا	كَانُوْا	يُفْسِدُوْنَ	وَ	يَوْمَ	نَبْعَثُ	فِيْ كُلِّ	اُمَّةٍ	شَهِيْدًا
عذاب کے	بدلہ اس کا کہ	تھے وہ	فساد کرتے	اور	جس دن	اٹھائیں ہم	ہر ایک	گروہ میں	گواہ

برپا کرتے تھے ہم عذاب پر عذاب بڑھائیں گے۔ اور جس دن ہر امت میں ان پر ایک گواہ انہی میں سے ہم اٹھائیں گے

عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۭ وَنَزَّلْنَا

عَلَيْهِمْ	مِّنْ اَنْفُسِهِمْ	وَ	جِئْنَا	بِكَ	شَهِيْدًا	عَلٰى	هٰٓؤُلَآءِ	وَ	نَزَّلْنَا
ان پر	ان کی جانوں سے	اور	لائیں ہم	آپ کو	گواہ	اوپر	ان کے	اور	اتاری ہم نے

اور (اے محبوب ﷺ!) آپ کو ان (سب) پر ہم گواہ بنا کر لائیں گے اور ہم نے

عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى

عَلَيْكَ	الْكِتٰبَ	تِبْيَانًا	لِّكُلِّ	شَيْءٍ	وَّ	هُدًى	وَّ	رَحْمَةً	وَّ	بُشْرٰى
آپ پر	کتاب	بیان کرنے والی	ہر ایک	چیز کو	اور	ہدایت	اور	رحمت	اور	بشارت

یہ قرآن آپ پر نازل کیا جو ہر چیز کا روشن بیان ہے اور ہدایت اور رحمت اور بشارت ہے

لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿٨٩﴾ ع اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي ع ۱۲ / ۱۶

لِلْمُسْلِمِيْنَ	اِنَّ	اللّٰهَ	يَاْمُرُ	بِالْعَدْلِ	وَ	الْاِحْسَانِ	وَ	اِيْتَآئِ	ذِي الْقُرْبٰى
مسلمانوں کے لیے	بیشک	اللہ	حکم دیتا ہے	انصاف کا	اور	نیکی کا	اور	دینے کا	قرابت والوں کو

مسلمانوں کیلئے۔ بیشک اللہ حکم فرماتا ہے عدل کرنے اور نیکی کرنے کا اور قرابت والوں کو دینے کا

Marfat.com

الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ

وَ	يَنْهٰى	عَنِ الْفَحْشَآءِ	وَ	الْمُنْكَرِ	وَ	الْبَغْيِ	يَعِظُكُمْ	لَعَلَّكُمْ
اور	روکتا ہے	بے حیائی سے	اور	بری بات سے	اور	سرکشی سے	نصیحت فرماتا ہے تم کو	تاکہ تم

اور منع فرماتا ہے بے حیائی اور برائی اور سرکشی سے وہ تمہیں نصیحت فرماتا ہے تاکہ تم

تَذَكَّرُوْنَ ﴿٩٠﴾ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ

تَذَكَّرُوْنَ	وَ	اَوْفُوْا	بِعَهْدِ	اللّٰهِ	اِذَا	عٰهَدْتُّمْ	وَ	لَا	تَنْقُضُوا	الْاَيْمَانَ
یادرکھو	اور	پورا کرو	عہد	اللہ کا	جب	عہد کرو تم	اور	نہ	توڑو	قسمیں

نصیحت قبول کرو۔ اور اللہ کا عہد پورا کرو جب کہ تم آپس میں عہد کرو اور پکی قسمیں کھا کر نہ توڑو

بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا

بَعْدَ	تَوْكِيْدِهَا	وَ	قَدْ	جَعَلْتُمُ	اللّٰهَ	عَلَيْكُمْ	كَفِيْلًا	اِنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا
بعد	اسکے مضبوط کرنے کے	اور	بیشک	بنایا تم نے	اللہ کو	اپنے اوپر	ضامن	بیشک	اللہ	جانتا ہے	جو

اور تم اللہ کو اپنے اوپر یقیناً ضامن کر چکے ہو بے شک اللہ تمہارے

تَفْعَلُوْنَ ﴿٩١﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ

تَفْعَلُوْنَ	وَ	لَا	تَكُوْنُوْا	كَالَّتِيْ	نَقَضَتْ	غَزْلَهَا	مِنْۢ بَعْدِ	قُوَّةٍ
تم کرتے ہو	اور	نہ	ہو جاؤ تم	اس عورت کی طرح	جس نے توڑ دیا	اپنا سوت	بعد	مضبوط کرنے کے

کام جانتا ہے۔ اور تم اُس عورت کی طرح نہ ہو جاؤ جس نے خوب محنت کے بعد اپنا کاتا ہوا سوت

اَنْكَاثًا ؕ تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِيَ

اَنْكَاثًا	تَتَّخِذُوْنَ	اَيْمَانَكُمْ	دَخَلًا	بَيْنَكُمْ	اَنْ	تَكُوْنَ	اُمَّةٌ	هِيَ
ٹکڑے ٹکڑے	بناتے ہو تم	اپنی قسموں کو	مداخلت	آپس میں	یہ کہ	ہو	ایک گروہ	وہ

ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ تم اپنی قسموں کو آپس میں فساد کا ذریعہ بناتے ہو تاکہ ایک قوم دوسری سے زیادہ فائدہ حاصل کرنے والی ہو۔

Marfat.com

أَرْبٰى مِنْ أُمَّةٍ ۚ إِنَّمَا يَبْلُوكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ۚ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

أَرْبٰى	مِنْ أُمَّةٍ	إِنَّمَا	يَبْلُوكُمُ	اللّٰهُ	بِهٖ	وَلَيُبَيِّنَنَّ	لَكُمْ	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ
زیادہ	دوسرے سے	سوائے اسکے نہیں کہ	آزماتا ہے تمہیں	اللہ	اس سے	اور ظاہر کرے گا	تمہارے لیے	دن	قیامت کے

یقیناً اللہ تعالیٰ تمہیں اس کے ذریعے آزماتا ہے اور قیامت کے دن وہ ضرور تمہارے لیے ان چیزوں کو بیان کرے گا

مَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿٩٢﴾ وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَّاحِدَةً

مَا	كُنْتُمْ	فِيهِ	تَخْتَلِفُونَ	وَلَوْ	شَاءَ	اللّٰهُ	لَجَعَلَكُمْ	أُمَّةً	وَّاحِدَةً
جو تھے	تم	اس میں	اختلاف کرتے	اور اگر	چاہے	اللہ	تو بنا دے تم سب کو	امت	ایک

جن میں تم اختلاف کرتے تھے۔ اور اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو ایک ہی امت بنا دیتا

وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَاءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاءُ ۚ وَلَتُسْئَلُنَّ عَمَّا

وَ	لٰكِنْ	يُضِلُّ	مَنْ	يَّشَاءُ	وَ	يَهْدِيْ	مَنْ	يَّشَاءُ	وَ	لَتُسْئَلُنَّ	عَمَّا
اور	لیکن	گمراہ کرتا ہے	جس کو	چاہے	اور	ہدایت دیتا ہے	جس کو	چاہے	اور	ضرور پوچھے جاؤ گے تم	اس سے

لیکن وہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے راہ ہدایت دکھاتا ہے مگر جو کچھ تم کرتے ہو اس کے متعلق تم سے

كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٩٣﴾ وَلَا تَتَّخِذُوا أَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌ

كُنْتُمْ	تَعْمَلُونَ	وَ	لَا	تَتَّخِذُوا	أَيْمَانَكُمْ	دَخَلًا	بَيْنَكُمْ	فَتَزِلَّ	قَدَمٌ
جو تھے تم	عمل کرتے	اور	نہ	بناؤ تم	اپنی قسموں کو	مداخلت کا سبب	آپس میں	کہ پھسل جائیں	قدم

ضرور پوچھا جائے گا۔ اور اپنی قسموں کو اپنے درمیان فریب کا ذریعہ نہ بناؤ ورنہ قدم

بَعْدَ ثُبُوتِهَا وَتَذُوقُوا السُّوءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ ۚ وَلَكُمْ

بَعْدَ	ثُبُوتِهَا	وَ	تَذُوقُوا	السُّوءَ	بِمَا	صَدَدْتُّمْ	عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ	وَ	لَكُمْ
بعد	ثابت قدمی کے	اور	چکھو تم	برائی	بدلے اسکے جو	روکا تم نے	اللہ کی راہ سے	اور	تمہارے لیے

جم جانے کے بعد پھسل جائیں گے اور تم اس وجہ سے کہ تم نے اللہ کی راہ سے روکا برائی کی سزا چکھو گے اور تمہیں

Marfat.com

عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٩٤﴾ وَلَا تَشْتَرُوا بِعَهْدِ اللَّهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۚ إِنَّمَا عِنْدَ

عَذَابٌ	عَظِيمٌ	وَلَا	تَشْتَرُوا	بِعَهْدِ	اللَّهِ	ثَمَنًا	قَلِيلًا	إِنَّمَا	عِنْدَ
عذاب ہے	بڑا	اور نہ	خریدو	عہد	خداوندی کی	قیمت	تھوڑے دام	بیشک جو	پاس

بڑا عذاب ہوگا۔ اور اللہ کے عہد کے بدلے تھوڑی سی قیمت نہ لو بے شک جو

اللَّهِ هُوَ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٩٥﴾ مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا

اللَّهِ	هُوَ	خَيْرٌ	لَكُمْ	إِنْ	كُنْتُمْ	تَعْلَمُونَ	مَا	عِنْدَكُمْ	يَنْفَدُ	وَ	مَا
اللہ کے ہے	وہ	بہتر ہے	تمہارے لیئے	اگر	ہوتم	جانتے	جو	تمہارے پاس ہے	ختم ہوجائے گا	اور	جو

اللہ کے پاس ہے وہی تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم علم رکھتے ہو۔ جو تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جائے گا اور جو

عِنْدَ اللَّهِ بَاقٍ ۗ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِينَ صَبَرُوا أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ

عِنْدَ اللَّهِ	بَاقٍ	وَ	لَنَجْزِيَنَّ	الَّذِينَ	صَبَرُوا	أَجْرَهُمْ	بِأَحْسَنِ
اللہ کے پاس ہے	باقی رہنے والا ہے	اور	ضرور بدلہ دیں گے ہم	ان کو	جو صابر ہیں	ان کے اجر کا	اچھا

اللہ کے پاس ہے وہ باقی رہے گا اور البتہ ہم ضرور صلہ دیں گے ان لوگوں کو جنہوں نے صبر کیا بسبب ان کے بہترین

مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٩٦﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَىٰ وَهُوَ

مَا	كَانُوا	يَعْمَلُونَ	مَنْ	عَمِلَ	صَالِحًا	مِنْ ذَكَرٍ	أَوْ	أُنْثَىٰ	وَ	هُوَ
اس سے	جو تھے وہ	عمل کرتے	جو	عمل کرے	اچھے	مرد ہو	یا	عورت	اور	وہ

کاموں کے جو وہ کرتے تھے۔ جو شخص نیک عمل کرے گا خواہ مرد ہو یا عورت بشرطیکہ ہو وہ

مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهُ حَيَاةً طَيِّبَةً ۖ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَجْرَهُمْ

مُؤْمِنٌ	فَلَنُحْيِيَنَّهُ	حَيَاةً	طَيِّبَةً	وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ	أَجْرَهُمْ
مومن ہو	تو ضرور زندگی دیں گے ہم اسکو	زندگی	اچھی	اور بدلہ دیں گے ہم ان کو	ان کا اجر

مومن تو اسے ہم ضرور پاکیزہ زندگی بسر کرائیں گے اور ضرور اُن کو ان کے اعمال کا

Marfat.com

بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٩٧﴾ فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ

بِاَحْسَنِ	مَا	كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ	فَاِذَا	قَرَاْتَ	الْقُرْاٰنَ	فَاسْتَعِذْ	بِاللّٰهِ
اچھا	اس کا	جو تھے وہ	عمل کرتے	پھر جب	تم پڑھو	قرآن	تو پناہ لو	اللہ کی

بہتر سے بہتر اجر دیں گے جو وہ کرتے رہے تھے۔ تو جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود کے شر سے

مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿٩٨﴾ اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ

مِنَ الشَّيْطٰنِ	الرَّجِيْمِ	اِنَّهٗ	لَيْسَ	لَهٗ	سُلْطٰنٌ	عَلَى	الَّذِيْنَ
شیطان سے	مردود	بیشک وہ	نہیں ہے	اس کا	کوئی قابو	اوپر	ان کے جو

اللہ کی پناہ مانگ لیا کرو۔ بے شک اس کا ان لوگوں پر کوئی زور نہیں جو

اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿٩٩﴾ اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ

اٰمَنُوْا	وَعَلٰى	رَبِّهِمْ	يَتَوَكَّلُوْنَ	اِنَّمَا	سُلْطٰنُهٗ	عَلَى	الَّذِيْنَ
ایمان لائے	اور اوپر	اپنے رب کے	وہ بھروسہ کرتے ہیں	سوا اس کے نہیں	قابو اس کا	اوپر	ان کے ہے

ایمان لائے اور اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔ اس کا زور تو صرف ان پر ہے جو اسے رفیق بناتے ہیں

يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ﴿١٠٠﴾ع وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ ع ۱۳

يَتَوَلَّوْنَهٗ	وَالَّذِيْنَ	هُمْ	بِهٖ	مُشْرِكُوْنَ	وَ	اِذَا	بَدَّلْنَآ	اٰيَةً	مَّكَانَ
جو اسے دوستی کریں	اور وہ لوگ	کہ وہ	اس کو	شریک ٹھہرائیں	اور	جب	ہم بدلتے ہیں	ایک آیت	جگہ

اور جو اسے اللہ کا شریک ٹھہراتے ہیں۔ اور جب ہم ایک آیت کو بدل کر اس کی جگہ دوسری

اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مُفْتَرٍ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ

اٰيَةٍ	وَّاللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِمَا	يُنَزِّلُ	قَالُوْٓا	اِنَّمَآ	اَنْتَ	مُفْتَرٍ	بَلْ	اَكْثَرُهُمْ
دوسری آیت کے	اور اللہ	خوب جانتا ہے	جو	اتارتا ہے	کہتے ہیں	سوا اس کے نہیں کہ	تو ہے	جھوٹ بنانے والا	بلکہ	اکثر ان کے

آیت لاتے ہیں اور اللہ جو کچھ نازل فرماتا ہے اسکی حکمت خوب جانتا ہے تو کافر کہتے ہیں بس آپ تو دل سے بنا لاتے ہیں (یہ بات

Marfat.com

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٠١﴾ قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ

لَا	يَعْلَمُوْنَ	قُلْ	نَزَّلَهٗ	رُوْحُ	الْقُدُسِ	مِنْ رَّبِّكَ	بِالْحَقِّ	لِيُثَبِّتَ
نہیں	جانتے	آپ فرمائیں	اتارا ہے اسے	روح	القدس نے	آپکے رب کی طرف سے	حق کے ساتھ	تاکہ ثابت رکھے

نہیں) بلکہ ان میں اکثر نہیں جانتے۔ فرمادیجئے (اس کتاب کو) روح القدس (جبریل) لاتے ہیں آپ کے رب کی طرف سے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٠٢﴾ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	هُدًى	وَّبُشْرٰى	لِلْمُسْلِمِيْنَ	وَ	لَقَدْ	نَعْلَمُ	اَنَّهُمْ
ان کو	جو ایمان لائے	اور	ہدایت	اور خوشخبری	مسلمانوں کے لیے	اور	یقیناً	ہم جانتے ہیں	کہ وہ

حق کے ساتھ تاکہ (اس کے سبب) ایمان والوں کو ثابت قدم رکھے اور مسلمانوں کیلئے ہدایت اور بشارت ہے۔ اور بے شک ہم

يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ

يَقُوْلُوْنَ	اِنَّمَا	يُعَلِّمُهٗ	بَشَرٌ	لِسَانُ	الَّذِيْ	يُلْحِدُوْنَ	اِلَيْهِ
کہتے ہیں	سوا اس کے نہیں	سکھاتا ہے اسے	ایک آدمی	زبان	اس کی جو	نسبت کرتے ہیں	اس کی طرف

جانتے ہیں کہ وہ کہتے ہیں یہ تو کوئی آدمی سکھاتا ہے جس کی طرف اشارہ کرتے ہیں اس کی زبان تو

اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿١٠٣﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

اَعْجَمِيٌّ	وَّهٰذَا	لِسَانٌ	عَرَبِيٌّ	مُّبِيْنٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ
عجمی ہے	اور یہ	زبان	عربی ہے	روشن	بیشک	جو لوگ	ایمان نہیں لاتے

عجمی ہے اور یہ روشن عربی زبان میں ہے۔ بے شک وہ جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں لاتے

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ لَا يَهْدِيْهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿١٠٤﴾ اِنَّمَا يَفْتَرِي

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	لَا	يَهْدِيْهِمُ	اللّٰهُ	وَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	اِنَّمَا	يَفْتَرِي
اللہ کی آیتوں پر	نہیں	ہدایت دیتا انہیں	اللہ	اور	ان کے لیے	عذاب ہے	دردناک	سوائے اس کے نہیں کہ	بناتے ہیں

اللہ انہیں راہ ہدایت نہیں دیتا۔ اور ان کیلئے دردناک عذاب ہے۔ جھوٹ صرف

Marfat.com

الْكَذِبَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

الْكَذِبَ	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ
جھوٹ	جو لوگ	ایمان نہیں لاتے	اللہ کی آیتوں پر	اور وہی لوگ ہیں	وہ

وہ گھڑتے ہیں جو اللہ کی آیتوں کو نہیں مانتے اور

الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا مَنْ

الْكٰذِبُوْنَ	مَنْ	كَفَرَ	بِاللّٰهِ	مِنْ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ	اِلَّا	مَنْ
جھوٹے	جو	کفر کرے	اللہ کے ساتھ	اپنے ایمان لانے کے بعد	مگر	وہ جو

وہی جھوٹے ہیں۔ جس نے اپنے ایمان (لانے) کے بعد اللہ کا انکار کیا سوائے اس کے

اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ

اُكْرِهَ	وَ	قَلْبُهٗ	مُطْمَئِنٌّ	بِالْاِيْمَانِ	وَلٰكِنْ	مَّنْ	شَرَحَ
مجبور ہو جائے	اور	اس کا دل	تسلی میں ہو	ایمان سے	لیکن	وہ جو	کھل گیا

جو مجبور ہو گیا مگر اس کا دل ایمان پر تسلی پاتا تھا لیکن جس نے کفر کیلئے سینہ کھول دیا

بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ

بِالْكُفْرِ	صَدْرًا	فَعَلَيْهِمْ	غَضَبٌ	مِّنَ اللّٰهِ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ
کفر کے ساتھ	اس کا سینہ	تو ان پر	غضب ہے	اللہ کا	اور ان کے لیے	عذاب ہے

تو ایسوں پر اللہ کی طرف سے غضب ہو گا اور انہیں

عَظِيْمٌ ﴿۱۰۶﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى

عَظِيْمٌ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمُ	اسْتَحَبُّوا	الْحَيٰوةَ	الدُّنْيَا	عَلَى
بہت بڑا	یہ	اس لیے	کہ پسند کیا انہوں نے	زندگی کو	دنیا کی	اوپر

بڑا عذاب ہوگا۔ یہ اس لئے کہ انہوں نے آخرت پر دنیا کی زندگی کو ترجیح دی

Marfat.com

الْاٰخِرَةِ ۚ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۷﴾

الْاٰخِرَةِ	وَ	اَنَّ	اللّٰهَ	لَا	يَهْدِي	الْقَوْمَ	الْكٰفِرِيْنَ
آخرت کے	اور	بیشک	اللہ	نہیں	ہدایت دیتا	قوم	کافروں

اور اس لئے کہ اللہ کافروں کو ہدایت نہیں فرماتا۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ

اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	طَبَعَ	اللّٰهُ	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ	وَسَمْعِهِمْ
یہ لوگ	وہ ہیں جو	مہر کی	اللہ نے	اوپر	ان کے دلوں کے	اور ان کے کانوں کے
اور تم جھوٹ گھڑتے ہو بے شک تم اللہ کے سوا جن کی عبادت کرتے ہو وہ تمہارے لئے

لَا يَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ

لَا	يَمْلِكُوْنَ	لَكُمْ	رِزْقًا	فَابْتَغُوْا	عِنْدَ	اللّٰهِ	الرِّزْقَ	وَ	اعْبُدُوْهُ
نہیں ہیں	مالک	تمہارے	رزق کے	تو تلاش کرو	پاس	اللہ کے	رزق	اور	عبادت کرو اسکی

روزی کے مالک نہیں تو اللہ کے پاس رزق طلب کرو اور اس کی عبادت کرو اور اس کا

وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ (۱۷) وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ كَذَّبَ

وَ	اشْكُرُوْا	لَهٗ	اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ	وَ	اِنْ	تُكَذِّبُوْا	فَقَدْ	كَذَّبَ
اور	شکر کرو	اس کا	اسکی طرف	پھیرے جاؤ گے تم	اور	اگر	تم جھٹلاؤ	تو بیشک	جھٹلایا

شکر ادا کرو تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ اور اگر تم جھٹلاتے ہو تو تم سے پہلے کتنی ہی

اُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ (۱۸) اَوَلَمْ

اُمَمٌ	مِّنْ قَبْلِكُمْ	وَ	مَا	عَلَى	الرَّسُوْلِ	اِلَّا	الْبَلٰغُ	الْمُبِيْنُ	اَوَ	لَمْ
کئی امتوں نے	تم سے پہلے	اور	نہیں	اوپر	رسول کے	مگر	پہنچانا	صاف	کیا	نہ

جماعتیں جھٹلا چکی ہیں اور رسول کے ذمہ کچھ نہیں مگر واضح طور پر پہنچا دینا۔ کیا انہوں نے

يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللّٰهُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

يَرَوْا	كَيْفَ	يُبْدِئُ	اللّٰهُ	الْخَلْقَ	ثُمَّ	يُعِيْدُهٗ	اِنَّ	ذٰلِكَ	عَلَى	اللّٰهِ
دیکھا انہوں نے	کیسے	پیدا کرتا ہے	اللہ	مخلوق کو	پھر	لوٹاتا ہے اسکو	بیشک	یہ	اوپر	اللہ کے

نہ دیکھا اللہ تعالیٰ خلق کی ابتداء فرماتا ہے پھر اسے دوبارہ بنائے گا بیشک یہ اللہ کو

Marfat.com

يَسِيْرٌ ﴿۱۹﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ ثُمَّ

يَسِيْرٌ	قُلْ	سِيْرُوْا	فِي	الْاَرْضِ	فَانْظُرُوْا	كَيْفَ	بَدَاَ	الْخَلْقَ	ثُمَّ
آسان ہے	فرمادو	چلو پھرو	میں	زمین	پھر دیکھو	کیسے	شروع کیا اس نے	مخلوق کو	پھر

آسان ہے۔ فرما دیجئے کہ زمین میں چلو پھرو۔ پھر دیکھو کہ اُس نے کس طرح تخلیق کی ابتدء کی ہے؟ پھر

اللّٰهُ يُنْشِئُ النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ ۚ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۰﴾

اللّٰهُ	يُنْشِئُ	النَّشْاَةَ	الْاٰخِرَةَ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ
اللہ	پیدا کریگا	پیدائش	دوسری	بیشک	اللہ	اوپر	ہر	چیز کے	قادر ہے

اللہ تعالیٰ اُسے دوسری بار بھی پیدا کرے گا۔ یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَرْحَمُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَآ

يُعَذِّبُ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	يَرْحَمُ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	اِلَيْهِ	تُقْلَبُوْنَ	وَ	مَآ
سزا دیتا ہے	جسے	چاہے	اور	رحم فرماتا ہے	جس پر	چاہے	اور	اسی کی طرف	پھیرے جاؤ گے	اور	نہیں

جسے چاہتا ہے عذاب دیتا ہے اور جس پر چاہتا ہے رحم فرماتا ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ اور تم

اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ۫ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ

اَنْتُمْ	بِمُعْجِزِيْنَ	فِي	الْاَرْضِ	وَ	لَا	فِي	السَّمَآءِ	وَ	مَا	لَكُمْ	مِّنْ دُوْنِ
ہو تم	عاجز کرنے والے	میں	زمین	اور	نہ	میں	آسمان	اور	نہیں	تمہارے لیے	سوا

زمین میں (اللہ کو) عاجز نہیں کر سکتے اور نہ آسمان میں اور اللہ کے سوا

ع اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۲۲﴾ ع وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

اللّٰهِ	مِنْ وَّلِيٍّ	وَّ	لَا	نَصِيْرٍ	وَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ
اللہ کے	کوئی دوست	اور	نہ	مددگار	اور	وہ جنہوں نے	انکار کیا	آیات	الٰہی کا

تمہارا نہ کوئی دوست ہے نہ مددگار۔ اور جن لوگوں نے اللہ کی آیتوں اور اس کے ملنے کا انکار کیا

Marfat.com

وَلِقَآئِهٖٓ اُولٰٓئِكَ يَئِسُوْا مِنْ رَّحْمَتِيْ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۳﴾

وَ	لِقَآئِهٖ	اُولٰٓئِكَ	يَئِسُوْا	مِنْ رَّحْمَتِيْ	وَ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ
اور	اسکی ملاقات کا	یہ لوگ	مایوس ہوئے	میری رحمت سے	اور	یہ لوگ	ان کیلئے	عذاب ہے	دردناک

وہ میری رحمت سے مایوس ہو گئے اور ان کیلئے دردناک عذاب ہے۔

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ اَوْ حَرِّقُوْهُ

فَمَا	كَانَ	جَوَابَ	قَوْمِهٖ	اِلَّآ	اَنْ	قَالُوا	اقْتُلُوْهُ	اَوْ	حَرِّقُوْهُ
تو نہ	تھا	جواب	اس کی قوم کا	مگر	یہ کہ	بولے	مار ڈالو اس کو	یا	جلا دو اس کو

تو ابراہیم علیہ السلام کے (منکر) لوگوں کا کوئی جواب نہ تھا مگر وہ کہنے لگے انہیں قتل کر دو یا انہیں جلا دو

فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

فَاَنْجٰىهُ	اللّٰهُ	مِنَ النَّارِ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ
تو نجات دی اسے	اللہ نے	آگ سے	بیشک	اس میں	نشانیاں ہیں	واسطے قوم

تو اللہ نے انہیں آگ سے بچا لیا بے شک اس میں نشانیاں ہیں

يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَقَالَ اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا ۙ

يُّؤْمِنُوْنَ	وَ	قَالَ	اِنَّمَا	اتَّخَذْتُمْ	مِّنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	اَوْثَانًا
مومن کے	اور	فرمایا	اسکے سوا نہیں کہ	پکڑا تم نے	سوا	اللہ کے	بتوں کو

ایمان لانے والوں کیلئے۔ اور ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا تم نے تو اللہ کے سوا یہ بت بنا لئے ہیں جن سے

مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ

مَّوَدَّةَ	بَيْنِكُمْ	فِي	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	ثُمَّ	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	يَكْفُرُ
دوستی	آپس میں	میں	زندگی	دنیا کی	پھر	دن	قیامت کے	انکار کرے گا

تمہاری دوستی یہی دنیا کی زندگی تک ہے پھر قیامت کے دن تم میں سے ایک دوسرے کا انکار کرے گا

Marfat.com

بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۡ وَّمَاْوٰىكُمُ النَّارُ

بَعْضُكُمْ	بِبَعْضٍ	وَّ	يَلْعَنُ	بَعْضُكُمْ	بَعْضًا	وَّ	مَاْوٰىكُمُ	النَّارُ
بعض تمہارا	بعض کا	اور	لعنت کرے گا	بعض تمہارا	بعض پر	اور	تمہارا ٹھکانہ	جہنم ہے

اور ایک دوسرے پر لعنت بھیجے گا اور تم سب کا ٹھکانا جہنم ہے

وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وَقَالَ اِنِّيْ

وَ	مَا	لَكُمْ	مِّنْ نّٰصِرِيْنَ	فَاٰمَنَ	لَهٗ	لُوْطٌ	وَ	قَالَ	اِنِّيْ
اور	نہیں	تمہارے لیے	کوئی مددگار	تو ایمان لایا	اس پر	لوط	اور	فرمایا	بیشک میں

اور تمہارا کوئی مددگار نہیں۔ پھر لوط علیہ السلام نے اُس کو مان لیا۔ اور ابراہیم علیہ السلام نے

مُهَاجِرٌ اِلٰى رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۶﴾ وَوَهَبْنَا

مُهَاجِرٌ	اِلٰى	رَبِّيْ	اِنَّهٗ	هُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	وَوَهَبْنَا
ہجرت کرنے والا ہوں	طرف	اپنے رب کی	بیشک وہ	وہی ہے	عزت والا	حکمت والا	اور عطا کیا ہم نے

فرمایا: "یقیناً میں اپنے رب کی طرف ہجرت کرنے والا ہوں۔ یقیناً وہ زبردست ہے حکمت والا ہے۔ اور ہم نے انہیں

لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ

لَهٗٓ	اِسْحٰقَ	وَيَعْقُوْبَ	وَ	جَعَلْنَا	فِيْ ذُرِّيَّتِهِ	النُّبُوَّةَ	وَ	الْكِتٰبَ
اس کو	اسحاق	اور یعقوب	اور	رکھی ہم نے	اس کی اولاد میں	نبوت	اور	کتاب

اسحاق علیہ السلام اور یعقوب علیہ السلام عطا کیے اور ان کی نسل میں نبوت اور کتاب رکھی

وَاٰتَيْنٰهُ اَجْرَهٗ فِي الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۲۷﴾

وَ	اٰتَيْنٰهُ	اَجْرَهٗ	فِي الدُّنْيَا	وَ	اِنَّهٗ	فِي	الْاٰخِرَةِ	لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ
اور	عطا فرمایا ہم نے اسکو	اس کا بدلہ	دنیا میں	اور	بیشک وہ	میں	آخرت	نیکوں سے ہے

اور انہیں اس کا اجر دنیا میں دیا اور بے شک وہ آخرت میں نیک لوگوں میں ہوں گے۔

وقف لازم

Marfat.com

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ

وَلُوْطًا	اِذْ	قَالَ	لِقَوْمِهٖٓ	اِنَّكُمْ	لَتَاْتُوْنَ
اور لوط	جب	اس نے فرمایا	اپنی قوم کو	بیشک تم	کرتے ہو

اور لوط علیہ السلام کو (بھیجا) جب انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا تم بلاشبہ

الْفَاحِشَةَ ۡ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۸﴾

الْفَاحِشَةَ	مَا	سَبَقَكُمْ	بِهَا	مِنْ اَحَدٍ	مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ
بے حیائی	نہیں	پہلے کیا تم سے	اس کو	کسی ایک نے	جہان والوں سے

وہ بے حیائی کرتے ہو جو جہان والوں میں تم سے پہلے کسی نے نہیں کی۔

اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ ۙ۬

اَئِنَّكُمْ	لَتَاْتُوْنَ	الرِّجَالَ	وَ	تَقْطَعُوْنَ	السَّبِيْلَ
کیا تم تحقیق	آتے ہو	مردوں کے پاس	اور	مارتے ہو	راہ

کیا تم مردوں کے پاس آتے ہو اور راہ زنی کرتے ہو؟

وَتَاْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ ۭ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ

وَ	تَاْتُوْنَ	فِيْ نَادِيْكُمُ	الْمُنْكَرَ	فَمَا	كَانَ	جَوَابَ	قَوْمِهٖٓ	اِلَّآ
اور	کرتے ہو	اپنی مجلسوں میں	بری بات	تو نہ	تھا	جواب	اسکی قوم کا	مگر

اور اپنی (بھری) مجلس میں برا کام کرتے ہو تو ان کی قوم کے لوگوں کا کوئی جواب

اَنْ قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۹﴾

اَنْ	قَالُوا	ائْتِنَا	بِعَذَابِ	اللّٰهِ	اِنْ	كُنْتَ	مِنَ الصّٰدِقِيْنَ
یہ کہ	بولے	لے آؤ ہم پر	عذاب	اللہ کا	اگر	ہو تم	سچے لوگوں سے

اس کے سوا نہ تھا کہ وہ بولے ہم پر اللہ کا عذاب لے آؤ اگر تم سچے ہو۔

Marfat.com

ع ۲ ۱۵ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِیْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۳۰﴾ وَ لَمَّا

قَالَ	رَبِّ	انْصُرْنِیْ	عَلَى	الْقَوْمِ	الْمُفْسِدِیْنَ	وَ	لَمَّا
عرض کی	اے میرے رب	مدد کر میری	اوپر	قوم	فسادی کے	اور	جب

لوط علیہ السلام نے عرض کی اے میرے رب! ان فساد کرنے والے لوگوں پر میری مدد فرما۔ اور جب ہمارے

جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِیْمَ بِالْبُشْرٰى ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مُهْلِكُوْٓا

جَآءَتْ	رُسُلُنَآ	اِبْرٰهِیْمَ	بِالْبُشْرٰى	قَالُوْٓا	اِنَّا	مُهْلِكُوْٓا
آئے	ہمارے بھیجے ہوئے	ابراہیم کے پاس	خوشخبری لے کر	بولے	بیشک ہم	ہلاک کرنے والے ہیں

فرشتے ابراہیم علیہ السلام کے پاس بشارت لے کر آئے، بولے ہم ضرور اس

اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْیَةِ ۚ اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِیْنَ ﴿۳۱﴾ ۚۖ قَالَ اِنَّ

اَهْلِ	هٰذِهِ	الْقَرْیَةِ	اِنَّ	اَهْلَهَا	كَانُوْا	ظٰلِمِیْنَ	قَالَ	اِنَّ
اہل کو	اس	بستی کے	بیشک	اسکے رہنے والے	تھے	ظالم	فرمایا	بیشک

شہر والوں کو ہلاک کریں گے بے شک اس کے بسنے والے ظالم ہیں۔ ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا

فِیْهَا لُوْطًا ؕ قَالُوْا نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَنْ فِیْهَا ٘ۗ لَنُنَجِّیَنَّهٗ

فِیْهَا	لُوْطًا	قَالُوْا	نَحْنُ	اَعْلَمُ	بِمَنْ	فِیْهَا	لَنُنَجِّیَنَّهٗ
اس میں	لوط ہے	بولے	ہم	خوب جانتے ہیں	جو	اس میں ہے	ہم ضرور نجات دینگے اسکو

اس میں تو لوط علیہ السلام ہے فرشتے بولے ہمیں خوب معلوم ہے جو کوئی اس میں ہے ضرور ہم اسے اور اس کے

وَ اَهْلَهٗۤ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۫ۗ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِیْنَ ﴿۳۲﴾ وَ لَمَّاۤ اَنْ

وَ	اَهْلَهٗۤ	اِلَّا	امْرَاَتَهٗ	كَانَتْ	مِنَ الْغٰبِرِیْنَ	وَ	لَمَّاۤ	اَنْ
اور	اسکے گھر والوں کو	مگر	اس کی بیوی کو	وہ تھی	پیچھے رہنے والوں میں	اور	جب	یہ کہ

گھر والوں کو نجات دیں گے مگر اس کی عورت کو کہ وہ پیچھے رہ جانے والوں میں ہے۔ اور جب ہمارے

Marfat.com

جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَ ضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا

جَآءَتْ	رُسُلُنَا	لُوْطًا	سِيْٓءَ	بِهِمْ	وَ	ضَاقَ	بِهِمْ	ذَرْعًا
آئے	ہمارے فرشتے	لوط کے پاس	ناگوار ہوا	انکے آنے کے سبب	اور	تنگ دل ہوا	انکی وجہ سے	دل میں

فرشتے لوط علیہ السلام کے پاس آئے تو وہ ان کی وجہ سے پریشان ہوئے اور تنگ دل ہوئے

وَقَالُوْا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ قف اِنَّا مُنَجُّوْكَ وَاَهْلَكَ اِلَّا

وَ	قَالُوْا	لَا	تَخَفْ	وَ	لَا	تَحْزَنْ	اِنَّا	مُنَجُّوْكَ	وَ	اَهْلَكَ	اِلَّا
اور	بولے	نہ	ڈریئے	اور	نہ	غم کھایئے	بیشک ہم	نجات دینگے تجھ کو	اور	تیرے گھر والوں کو	مگر

مگر انہوں نے کہا ڈرو مت اور غم نہ کرو ہم تمہیں اور تمہارے گھر والوں کو بچا لیں گے سوائے

امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۳﴾ اِنَّا مُنْزِلُوْنَ عَلٰٓى اَهْلِ

امْرَاَتَكَ	كَانَتْ	مِنَ الْغٰبِرِيْنَ	اِنَّا	مُنْزِلُوْنَ	عَلٰٓى	اَهْلِ
تیری بیوی	ہے	پیچھے رہنے والوں میں	بیشک ہم	اتارنے والے ہیں	اوپر	رہنے والوں

تمہاری بیوی کے کہ وہ پیچھے رہنے والوں میں ہو گی۔ ہم اس بستی کے رہنے والوں پر آسمان سے

هٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۳۴﴾

هٰذِهِ	الْقَرْيَةِ	رِجْزًا	مِّنَ السَّمَآءِ	بِمَا	كَانُوْا	يَفْسُقُوْنَ
اس	بستی کے	عذاب	آسمان سے	اس وجہ سے کہ	تھے	نافرمانی کرتے

عذاب نازل کریں گے کیونکہ وہ بدکاریاں کرتے ہیں۔

وَلَقَدْ تَّرَكْنَا مِنْهَآ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَاِلٰى

وَلَقَدْ	تَّرَكْنَا	مِنْهَآ	اٰيَةً	بَيِّنَةً	لِّقَوْمٍ	يَّعْقِلُوْنَ	وَاِلٰى
اور بیشک	چھوڑیں ہم نے	اس سے	نشانیاں	ظاہر	واسطے قوم	عقلمند کے	اور طرف

اور بے شک ہم نے اسی (بستی) سے (اس کے ویران مکانوں کو) باقی رکھا عقلمندوں کیلئے روشن نشان (بنا کر)۔ اور مدین کی

Marfat.com

مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۙ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

مَدْيَنَ	اَخَاهُمْ	شُعَيْبًا	فَقَالَ	يٰقَوْمِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ
مدین کی	ان کے بھائی	شعیب کو	تو کہا	اے میری قوم	عبادت کرو	اللہ کی

طرف ان کے قومی بھائی شعیب علیہ السلام کو (بھیجا) انہوں نے فرمایا اے میری قوم ! اللہ کی عبادت کرو

وَارْجُوا الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۳۶﴾

وَارْجُوا	الْيَوْمَ	الْاٰخِرَ	وَ	لَا	تَعْثَوْا	فِي الْاَرْضِ	مُفْسِدِيْنَ
اور ڈرو	دن	پچھلے سے	اور	نہ	پھرو	زمین میں	فساد کرتے

اور قیامت کے دن کی اُمید رکھو اور زمین میں فساد پھیلانے والے نہ بنو۔

فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ

فَكَذَّبُوْهُ	فَاَخَذَتْهُمُ	الرَّجْفَةُ	فَاَصْبَحُوْا	فِيْ دَارِهِمْ
تو جھٹلایا اس کو	تو پکڑا ان کو	زلزلے نے	تو گرے وہ	اپنے میں گھروں

تو انہوں نے اسے جھٹلایا تو انہیں زلزلہ نے آ لیا تو صبح اپنے گھروں میں گھٹنوں کے

جٰثِمِيْنَ ﴿۳۷﴾ وَعَادًا وَّثَمُوْدَا۟ وَقَدْ تَّبَيَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۫ قف

جٰثِمِيْنَ	وَ	عَادًا	وَّ	ثَمُوْدَا۟	وَقَدْ	تَّبَيَّنَ	لَكُمْ	مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ
گھٹنوں کے بل	اور	عاد	اور	ثمود	اور بیشک	ظاہر ہو گیا	تمہارے لیے	ان کے گھروں سے

بل پڑے رہ گئے۔ اور عاد اور ثمود کو اور تم پر ان کے گھروں کا حال کھل چکا ہے۔

وَ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ

وَ	زَيَّنَ	لَهُمُ	الشَّيْطٰنُ	اَعْمَالَهُمْ	فَصَدَّهُمْ
اور	خوشنما بنایا	ان کے لیے	شیطان نے	ان کے اعمال	تو روکا ان کو

اور شیطان نے اُن کے اعمال کو اُن کے لیے خوشنما بنا دیا۔ پھر انہیں

Marfat.com

عَنِ السَّبِيْلِ وَ كَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ ﴿۳۸﴾ وَقَارُوْنَ وَ

عَنِ السَّبِيْلِ	وَ	كَانُوْا	مُسْتَبْصِرِيْنَ	وَقَارُوْنَ	وَ
راہ سے	اور	تھے	دیکھنے والے	اور قارون	اور

راہِ راست سے روک دیا حالانکہ وہ ہوشیار لوگ تھے۔ اور قارون فرعون

فِرْعَوْنَ وَ هَامٰنَ ۖ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰى

فِرْعَوْنَ	وَ	هَامٰنَ	وَلَقَدْ	جَآءَهُمْ	مُّوْسٰى
فرعون	اور	ہامان	اور بیشک	لائے انکے پاس	موسیٰ

اور ہامان کو بھی (ہلاک کیا) حالانکہ موسیٰ علیہ السلام ان کے پاس واضح نشانیاں لے کر آئے تھے

بِالْبَيِّنٰتِ فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ وَ مَا كَانُوْا

بِالْبَيِّنٰتِ	فَاسْتَكْبَرُوْا	فِي الْاَرْضِ	وَ	مَا	كَانُوْا
کھلی نشانیاں	تو تکبر کیا انہوں نے	زمین میں	اور	نہ	تھے

مگر انہوں نے زمین میں تکبر کیا اور وہ آگے نہیں

سٰبِقِيْنَ ﴿۳۹﴾ فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ

سٰبِقِيْنَ	فَكُلًّا	اَخَذْنَا	بِذَنْۢبِهٖ	فَمِنْهُمْ	مَّنْ
بھاگنے والے	تو ہر ایک کو	ہم نے پکڑا	اسکے گناہ کے بدلے	تو ان میں سے بعض	وہ ہیں کہ

نکل سکتے تھے۔ پھر ہر ایک کو ہم نے اس کے گناہ کے بدلے میں پکڑ لیا

اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ وَ مِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ

اَرْسَلْنَا	عَلَيْهِ	حَاصِبًا	وَ	مِنْهُمْ	مَّنْ	اَخَذَتْهُ
بھیجی ہم نے	اس پر	پتھروں کی بارش	اور	بعض وہ ہیں	جن کو	پکڑ لیا ان کو

پھر ان میں سے کسی پر ہم نے پتھراؤ کرنے والی آندھی بھیجی ان میں کسی کو

Marfat.com

الصَّيْحَةُ ۚ وَ مِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْأَرْضَ ۚ وَ

الصَّيْحَةُ	وَ	مِنْهُمْ	مَّنْ	خَسَفْنَا	بِهِ	الْأَرْضَ	وَ
چنگھاڑ نے	اور	بعض	وہ ہیں کہ	دھنسا دیا ہم نے	اس کو	زمین میں	اور

چنگھاڑ نے پکڑا ان میں کسی کو ہم نے زمین میں دھنسا دیا

مِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ وَ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَ لٰكِنْ

مِنْهُمْ	مَّنْ	اَغْرَقْنَا	وَ	مَا	كَانَ	اللّٰهُ	لِيَظْلِمَهُمْ	وَ	لٰكِنْ
بعض	وہ ہیں کہ	غرق کر دیتے ہم نے	اور	نہیں	ہے	اللہ	کہ ظلم کرتا ان پر	اور	لیکن

اور ان میں کسی کو ہم نے غرق کر دیا اور اللہ ایسا تو نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا مگر

كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۴۰﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا

كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ	مَثَلُ	الَّذِيْنَ	اتَّخَذُوْا
تھے وہ	اپنی جانوں پر	ظلم کرتے	مثال	انکی جنہوں نے	بنا لیے

وہ خود اپنے اوپر ظلم کرتے تھے۔ ان لوگوں کی مثال جنہوں نے اللہ کو

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ

مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	اَوْلِيَآءَ	كَمَثَلِ	الْعَنْكَبُوْتِ
سوائے	اللہ کے	دوست	جیسے	مکڑی

چھوڑ کر (دوسرے) مددگار بنا لئے مکڑی کی سی ہے اس نے (جالے کا)

اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ۭ وَ اِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ

اِتَّخَذَتْ	بَيْتًا	وَ	اِنَّ	اَوْهَنَ	الْبُيُوْتِ	لَبَيْتُ
کہ اس نے بنایا	گھر	اور	بیشک	کمزور ترین	گھروں میں سے	گھر ہے

گھر بنایا اور اس میں شک نہیں کہ سب گھروں سے زیادہ کمزور یقیناً

Marfat.com

الْعَنْكَبُوتِ ۘ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ﴿٤١﴾ إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا وقف لازم

الْعَنْكَبُوتِ	لَوْ	كَانُوا	يَعْلَمُونَ	إِنَّ	اللَّهَ	يَعْلَمُ	مَا
مکڑی کا	کاش	کہ وہ	جانتے	بیشک	اللہ	جانتا ہے	جن کو

مکڑی کا گھر ہے کاش وہ جانتے۔ بے شک وہ اللہ کو چھوڑ کر جس کسی

يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ مِنْ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ

يَدْعُونَ	مِنْ دُونِهِ	مِنْ شَيْءٍ	وَ	هُوَ	الْعَزِيزُ
پکارتے ہیں	اس کے سوا	کوئی چیز نہیں	اور	وہ ہے	عزت والا

چیز کی عبادت کرتے ہیں اللہ اسے خوب جانتا ہے اور وہی غالب ہے

الْحَكِيمُ ﴿٤٢﴾ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۖ وَمَا

الْحَكِيمُ	وَ	تِلْكَ	الْأَمْثَالُ	نَضْرِبُهَا	لِلنَّاسِ	وَمَا
حکمت والا	اور	یہ	مثالیں ہیں	بیان کرتے ہیں ہم	لوگوں کیلئے	اور نہیں

بہت حکمت والا۔ اور یہ مثالیں ہم لوگوں کیلئے بیان فرماتے ہیں

يَعْقِلُهَا إِلَّا الْعَالِمُونَ ﴿٤٣﴾ خَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ

يَعْقِلُهَا	إِلَّا	الْعَالِمُونَ	خَلَقَ	اللَّهُ	السَّمَاوَاتِ
سمجھتے ان کو	مگر	علم والے	پیدا کیا	اللہ نے	آسمانوں کو

اور انہیں نہیں سمجھتے مگر علم والے، اللہ نے آسمان اور زمین حق بنائے

وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿٤٤﴾ ع

وَالْأَرْضَ	بِالْحَقِّ	إِنَّ	فِي ذَٰلِكَ	لَآيَةً	لِلْمُؤْمِنِينَ
اور زمین کو	ساتھ حق کے	بیشک	اس میں	نشانی ہے	مسلمانوں کیلئے

بے شک اس میں نشانی ہے مسلمانوں کیلئے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ارشادِ خداوندی عزّوجل

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اِذَا ذُکِرَ اللّٰہُ وَجِلَتْ قُلُوْبُہُمْ
وَاِذَا تُلِیَتْ عَلَیْہِمْ اٰیٰتُہٗ زَادَتْہُمْ اِیْمَانًا وَّعَلٰی رَبِّہِمْ یَتَوَکَّلُوْنَ ۝٢

ایمان والے وہی ہے کہ جب اللہ کو یاد کیا جائے ان کے دل ڈر جائیں
اور جب اس پر اس کی آیتیں پڑھی جائیں ان کا ایمان زیادہ (مضبوط) ہو جائے اور اپنے رب ہی پر بھروسہ کریں۔

سورۃ انفال: آیت 2۔

Marfat.com

نظرِ ثانی

اس قرآن پاک کو لفظاً لفظاً عربی متن کو اور دونوں ترجموں کو ہم نے خوب محنت سے پڑھا ہماری دانست کے مطابق عربی متن میں اور لفظی ترجمہ اور بامحاورہ ترجمہ میں کوئی غلطی نہیں ہے۔

حضرت علامہ مولانا
صاحبزادہ مفتی محمد لطف اللہ نوری
دارالعلوم جامعہ حنفیہ فریدیہ بصیر پور شریف اوکاڑہ

حضرت علامہ مولانا
مفتی محمد سجاد حسین قادری
فاضل جامعہ حنفیہ فریدیہ بصیر پور اوکارہ

معاونین

ظفر شہباز شاہین
انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد
ایم اے انگلش، ایم اے اسلامیات پنجاب یونیورسٹی

حضرت علامہ محمد آصف
فاضل ادارہ تعلیمات اسلامیہ (راولپنڈی)
ایم اے اسلامیات انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد

سرٹیفکیٹ

تصدیق کی جاتی ہے کہ ہم نے اس قرآنِ حکیم کے متن کو حرفاً حرفاً بنظرِ غائر پڑھا ہے اور اس کی کتابت اور پروف چیک کئے ہیں۔ بحمداللہ تعالیٰ یہ ہر قسم کی غلطی سے مبرا ہے۔ کوئی لفظی غلطی یا اعرابی غلطی نہیں ہے۔

حافظ محمد عادل خان ولیجہ
رجسٹرڈ پروف ریڈر
محکمہ اوقاف حکومتِ پنجاب، لاہور

حافظ قاری حکیم محمد یونس مجددی
پروف ریڈر فرید ملت ریسرچ انسٹی ٹیوٹ

معاونین پروف ریڈرز

حافظ محمد عبدالجمال ناصر اعوان نقشبندی
پروف ریڈر مدینۃ العلم انٹرنیشنل ریسرچ کونسل
متعلم جامعہ رضویہ لاہور

حافظ مقصود الرحمٰن نقشبندی
فاضل جامعہ نعیمیہ گڑھی
شاہو لاہور

حافظ محمد عدنان فیصل چشتی
متعلم جامعہ نعیمیہ لاہور

محمد عثمان مشتاق یونیورسٹی آف لاہور

محمد امیر حمزہ

محمد زین

Marfat.com

عرضِ ناشر

اللہ رب العزت کی کرم نوازی سے ''ادارہ مشتاق بک کارنر'' عرصہ دراز سے فرزندانِ توحید اور عشاقان مصطفیٰ کے لیے اسلامی کتب شائع کر رہا ہے تفسیر احادیث فقہ تصوف و دیگر کتب۔

اب ہم نے کتاب اللہ کی طباعت کا آغاز کیا ہے ہماری پہلی کاوش آپ کے ہاتھوں میں ہے

ہم نے ہر ممکن کوشش کی ہے کہ اس قرانِ حکیم کی طباعت اور جلد بندی میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہو اس کے باوجود بہ تقاضائے بشریت کسی کمی کا رہ جانا خارج از امکان نہیں قارئین کرام سے استدعا ہے کہ اگر کوئی غلطی یا کمی بیشی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع فرمائے انشاءاللہ اصلاح کر دی جائے گی:۔ اجر و جزا اسی کی طرف سے ہے جس کا کلام ہے۔

ادارہ مشتاق، بک کارنر

صحتِ جلد بندی

تصدیق کی جاتی ہے کہ اس قرآنِ حکیم کے ہر فرمہ کو چیک کیا گیا ہے اس کی جلد بندی اور فرموں کی ترتیب میں کوئی غلطی نہیں۔

جلد ساز

استدعا

قرآن پاک کے ہر قاری سے استدعا ہے کہ تلاوتِ قرآن کے بعد اللہ رب العزت کے حضور دعا فرماتے وقت مترجم، مترجم کے والدین، ادارہ کے سربراہ، اراکین اور معاونین کے لئے مغفرت اور بخشش کی دعا ضرور فرمایئے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کی خطاؤں کبائر و صغائر اور لغزشوں کو اس کتاب رحمت کے صدقے معاف فرمائے۔

آمین۔

اس قرآن کریم کو قرآن کیلی گرافک سسٹم کی مدد سے تیار کیا گیا ہے۔

سرورق، تزئین و آرائش: محمد فاروق منیر، محمد طاہر منیر

Marfat.com



بسم الله الرحمن الرحيم
محمد احمد حامد محمود قاسم عاقب فاتح
شاهد حاشر رشيد مشهود بشير نذير داع
شاف هاد مهد ماح منج ناه
رسول نبي امي هاشمي
محمد
تهامي ابطحي عزيز حريص
رؤف رحيم طه مجتبى طس مرتضى
حم مصطفى يس اولى مزمل ولي مدثر
متين مصدق طيب ناصر منصور مصباح امر



حجازی
نزاری
قرشی
مضری
نبی التوبة
حافظ
کامل
صادق
امین
عبد الله
کلیم الله
حبیب الله
نجی الله
صفی الله
خاتم الانبیاء
حسیب
مجیب
شکور
مقتصد
رسول الرحمة
قوی
حفی
مامون
معلوم
حق
مبین
مطیع
اول
آخر
ظاهر
محمد
صلی الله علیه وآله وسلم
باطن
نبی الرحمة
یتیم
کریم
حکیم
خاتم الرسل
سید
سراج
منیر
محرم
مکرم
مبشر
مذکر
مطهر
قریب
خلیل
مدعو
جواد
عادل
طه
شهیر
شهید

مشتاق بک کارنر

الکریم مارکیٹ۔ اُردو بازار، لاہور

امام اہلسنت مجدد دین و ملت اعلیٰ حضرت مولانا الشاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ
کے شہرہ آفاق ترجمہ قرآن کا آسان اور عام فہم

لفظی ترجمہ

کنز الایمان

المسمّٰی

ریاض الایمان

ابو حمزہ مفتی ظفر جبار چشتی



بسم الله الرحمن الرحيم
الله الرحمن الرحيم الملك القدوس السلام المؤمن
المهيمن العزيز الجبار المتكبر الخالق البارئ المصور
الغفار القهار الوهاب الرزاق الفتاح العليم
القابض الباسط الخافض الرافع
الله جل جلاله
المعز المذل السميع البصير
الحكم العدل اللطيف الخبير الحليم العظيم
الغفور الشكور العلي الكبير الحفيظ المقيت الحسيب
الجليل الكريم الرقيب المجيب الواسع الحكيم الودود


المجيد
الباعث
الشهيد
الحق
الوكيل
القوي
المتين
الولي
الحميد
المحصي
المبدئ
المعيد
المحيي
المميت
الحي
القيوم
الواجد
الماجد
الواحد
الصمد
القادر
المقتدر
المقدم
المؤخر
الأول
الآخر
الظاهر
الباطن
الوالي
الله جل جلاله
المتعالي
البر
التواب
المنتقم
العفو
الرؤوف
مالك الملك
ذو الجلال والإكرام
المقسط
الجامع
الغني
المغني
المانع
الضار
النافع
النور
الهادي
البديع
الباقي
الوارث
الرشيد
الصبور

ضروری اطلاع

کنزالایمان = لفظی ترجمہ اور بامحاورہ ترجمہ ریاض الایمان کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت بنام مترجم رجسٹرڈ ہے، جس کا کوئی لفظ سطر یا کسی قسم کے مواد کی نقل یا کاپی کرنا اسے چھاپنا قانونی طور پر جرم ہے، کوئی فرد یا ادارہ اس قسم کی حرکت کرتا ہوا پایا گیا تو اس کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔

قانونی مشیران گرامی:

عبدالسمیع قریشی	چودھری محمد سعید
ایڈووکیٹ ہائی کورٹ، لاہور	ایڈووکیٹ ہائی کورٹ، لاہور

نام ترجمہ	:	کنزالایمان
مترجم	:	امام اہل سنت احمد رضا قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ
نام ترجمہ	:	ریاض الایمان
مترجم	:	ابوحمزہ مفتی ظفر جبار چشتی
سن اشاعت	:	۲۷ رمضان ۱۴۳۲ھ/۲۰۱۲ عیسوی
ایڈیشن	:	اوّل
ناشر	:	مشتاق احمد
مطبع	:	آر۔آر پرنٹنگ پریس، بندروڈ لاہور

استدعا

انسانی طاقت اور بساط میں جو کچھ ہے اس کے مطابق اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ادارہ نے ہر ممکن کوشش کی ہے کہ نسخہ ہذا میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ رہ جائے۔ پھر بھی انسان خطا کا پتلا ہے اگر دوران طباعت کوئی زیر۔ زبر۔ نقطہ۔ شد یا مد ٹوٹ جائے تو اسے غلطی نہیں کہتے۔ کثیر تعداد میں چھپنے والی مطبوعات میں باوجود بہ امکانی کوشش کے ایسی خفیف نادانستہ لغزش قابل گرفت نہیں ہوتی بلکہ قابل معافی ہوتی ہے۔ کوئی مسلمان جان بوجھ کر دیدہ دانستہ تو طباعت میں ذرا سی غفلت بھی نہیں کرسکتا۔ پھر بھی آپ سے استدعا ہے کہ اگر قرآن پاک پڑھنے کے دوران اس قسم کی کسی غلطی کا شبہ ہو تو ہمیں مطلع فرما کر مشکور فرمائیے۔ ان شاء اللہ آئندہ طباعت میں درست کردی جائے گی۔ ادارہ

Marfat.com

امام اہلسنت مجدد دین وملت اعلیٰ حضرت مولانا الشاہ احمد رضا خان بریلوی

کے شہرہ آفاق ترجمہ قرآن کا آسان اور عام فہم

لفظی ترجمہ

کنز الایمان

المسمّٰی

ریاض الایمان

جلد سوم

پارہ ۲۱ تا پارہ ۳۰

ابو حمزہ مفتی ظفر جبار چشتی

مشتاق بک کارنر

الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

Marfat.com

عرضِ مترجم

قرآن انوار وتجلیات الٰہی کا بیکراں سمندر جو حضور رحمت عالم معلم انسانیت کے سینۂ اطہر میں سما کر ان کے نوری ہونٹوں سے موجزن ہوا...... قرآن! کلام الٰہی' قرآن منزل من اللّٰہ' قرآن ذکریٰ للعالمین' قرآن ھدی للمتقین' قرآن شفاء رحمۃ للمومنین اور قرآن جس ذاتِ اقدس پر نازل ہوا وہ رحمۃ للعالمین ہے۔

قرآن کریم ربِ رحمٰن ورحیم کی طرف سے دُکھوں میں گری انسانیت کے لیے پیغامِ رحمت ورأفت ہے' قرآن مجید کائنات کے الٰہ ومعبود مطلق کی طرف سے گم کردہ راہ رووں کے لیے پیغام امن وسعادت ہے۔ قرآن حکیم طبیب ازلی کی طرف سے بیمار انسانوں کے لیے نسخۂ شفا ہے' قرآن جلیل ربِ ذوالجلال کی طرف سے سرکش مخلوق کے لیے آوازہ ہیبت وجلالت ہے۔ قرآن شریف ربِ ذوالمنن کی طرف سے فرمانبرداروں کے لیے نویدِ عنایت ہے' قرآن کریم معبودِ جلیل وجمیل کی طرف سے شکستہ دلوں' بے چین روحوں اور مضطرب کانوں کے لیے نغمہ پیار ومحبت ہے۔

جہاں تک قرآن حکیم کے ترجمہ کا تعلق ہے تو یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ دورِ حاضر میں جتنے ہی اُردو میں تراجم ہوتے ہیں' ان سب کا ماخذ کنز الایمان ہے' پوری دنیا میں جو پذیرائی کنز الایمان کو حاصل ہوئی ہے کسی اور ترجمہ کو نہیں مل سکی' یہ ایک حقیقت ہے کہ امام اہل سنت مجدد دین وملت الشاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ ایک عظیم شاہکار ہے اور اپنے نہج میں وہ ایک ہی ترجمہ ہے لیکن اس میں ایسے مشکل الفاظ موجود ہیں اور کچھ الفاظ فارسی وعربی اور پرانی اُردو ترکیبوں پر مشتمل ہیں جو عام قاری قرآن کی سمجھ میں نہیں آتے تھے' اس لیے ہم نے اس ترجمہ کے الفاظ کو آسان اُردو میں تبدیل کیا اور ساتھ ہی لفظی ترجمہ میں بھی تبدیل کر دیا۔

لہٰذا یہ اعلیٰ حضرت کے بامحاورہ ترجمہ کنز الایمان کا لفظ بہ لفظ پہلا ترجمہ ہے' کوشش کے باوجود قرآنی بلاغت کی عظمتوں کو چھونا بہت مشکل معاملہ ہے' فہم میں غلطی کھانا اور آرائے فہم میں کمزوری کا رہ جانا بشر کی بشریت کا تقاضا ہے اور قرآن کے اعجاز کی دلیل ہے' قرآن کے الفاظ ومعانی کے بحر بیکراں کی حقیقت تک رسائی ممکن نہیں۔

اس ترجمہ میں ہم نے الفاظِ قرآن کی ترتیب کو حتی الامکان ملاحظہ رکھا ہے اور مفہوم قرآن کو عام کرنے کے لیے سلیس اور سادہ زبان اختیار کی ہے۔

جہاں جملہ مکمل کرنے کے لیے کوئی لفظ شامل کرنے کی ناگزیر ضرورت تھی' ایسے مقامات کو بریکٹ کے استعمال سے واضح کر دیا گیا ہے تاکہ قرآن کی زندہ عبارت کی تاثیر متاثر نہ ہو اور پڑھنے والا اس کا لفظ لفظ اس اعتماد سے پڑھے کہ میرے رب کا کلام ہے۔

اپنی کمیوں اور کوتاہیوں کے اعتراف کے ساتھ ارباب علم ودانش سے بڑے ادب سے درخواست کرتا ہوں کہ اگر ترجمہ میں کہیں کوئی ایسی جگہ پائیں جہاں اصلاح کی ضرورت محسوس کریں تو نشاندہی فرماتے ہوئے راقم کو مطلع فرمائیں' اسے شکریہ کے ساتھ قبول کیا جائے گا اور ان شاء اللہ آئندہ ایڈیشن میں اصلاح کردی جائے گی۔

خصوصاً ادارہ مشتاق بک کارنر کے ایم ڈی جناب محمد مشتاق بٹ صاحب اور محمد خالد منیر بٹ صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس عظیم ترین کام کی اشاعت کا ذمہ لیا اور پورے طباعتی حسن کے ساتھ اس کو شائع کیا' اللہ تعالیٰ ادارہ کے تمام افراد و معاونین کو اجر عظیم عطا فرمائے اور ہم سب کی غلطیوں کو قرآن اور صاحب قرآن کے صدقے معاف فرمائے۔ اور اس ترجمہ قرآن کو عوام الناس کے لیے نفع بخش فرمائے۔ آمین!

غلطیوں پر معافی کا طلب گار

کوتاہیوں پر شرمسار

ابوحمزہ (مفتی) ظفر جبار چشتی

قرآن مجید کی تلاوت کے احکام، آداب

کسی پاک اور صاف جگہ پر بیٹھ کر قرآن مجید کی تلاوت کرنی چاہیے۔ مسجد میں تلاوت کرنا بہت عمدہ ہے سر ڈھانک کر سکون، خضوع خشوع، وقار اور ادب کے ساتھ بیٹھ کر تلاوت کرے اور قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے جو شخص قرآن مجید کی تلاوت کا ارادہ کرے اسے چاہیے کہ وہ اپنے منہ کو ہر قسم کی بد بو سے اچھی طرح صاف کر لے، یعنی وضو کرتے وقت مسواک اچھی طرح سے کرے، کیونکہ تلاوت قرآن مجید کے وقت فرشتے حاضر ہوتے ہیں بد بو سے اُن کو تکلیف ہوتی ہے اور خوشبو سے راحت ہوتی ہے۔

قرآن مجید کی تلاوت شروع کرنے سے پہلے اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم اور بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھے، اور قرآن مجید کی آیات کے معانی میں غور وفکر اور تدبر تفکر کرے۔

قرآن مجید کو ترتیل کے ساتھ آہستہ آہستہ اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا چاہیے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جلدی جلدی پورا قرآن پڑھنے کی نسبت میرے نزدیک یہ بہتر ہے کہ صرف ایک سورۃ ترتیل کے ساتھ پڑھ لی جائے۔

جب قرآن مجید کی کوئی ایسی آیت پڑھے جس میں اللہ تعالیٰ کی رحمت اور مغفرت کا ذکر ہو تو اللہ تعالیٰ سے اس کی رحمت اور مغفرت کا سوال کرے اور جب عذاب کی آیت پڑھے تو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے پناہ طلب کرے۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ جب قرآن مجید ختم کرتے تو اپنے گھر والوں کو جمع کرتے اور دُعا مانگتے احادیث صحیحہ میں ہے کہ ختم قرآن کے وقت اللہ کی رحمت نازل ہوتی ہے اور دُعا قبول ہوتی ہے۔

Marfat.com

اُتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوةَ

اُتْلُ	مَآ	اُوْحِیَ	اِلَیْكَ	مِنَ الْكِتٰبِ	وَ	اَقِمِ	الصَّلٰوةَ	اِنَّ	الصَّلٰوةَ
پڑھو	جو	وحی کی گئی	آپکی طرف	کتاب سے	اور	قائم فرماؤ	نماز	بیشک	نماز

(اے رسول ﷺ) کتاب خدا میں سے جو آپ کی طرف وحی کی گئی ہے فرما دیجئے اور نماز قائم فرماؤ بے شک

تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَ الْمُنْكَرِ ؕ وَ لَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ وَ اللّٰهُ یَعْلَمُ مَا

تَنْهٰى	عَنِ الْفَحْشَآءِ	وَ	الْمُنْكَرِ	وَ	لَذِكْرُ	اللّٰهِ	اَكْبَرُ	وَ	اللّٰهُ	یَعْلَمُ	مَا
روکتی ہے	بے حیائی	اور	برائی سے	اور	یقیناً ذکر	اللہ کا	بہت بڑا ہے	اور	اللہ	جانتا ہے	جو

نماز بے حیائی اور ناپسندیدہ کاموں سے روکتی ہے اور اللہ کی یاد بہت بڑی چیز ہے اور اللہ جانتا ہے

تَصْنَعُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَ لَا تُجَادِلُوْۤا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ ۗ اِلَّا

تَصْنَعُوْنَ	وَ	لَا	تُجَادِلُوْۤا	اَهْلَ	الْكِتٰبِ	اِلَّا	بِالَّتِیْ	هِیَ	اَحْسَنُ	اِلَّا
تم کرتے ہو	اور	نہ	جھگڑو	اہل	کتاب سے	مگر	ایسے طریقے	کہ وہ	اچھا ہو	مگر

جو کام تم کرتے ہو۔ اور (اے مسلمانوں) اہل کتاب سے مت جھگڑو مگر اس طریقے پر جو بہت عمدہ ہو سوائے

الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَ قُوْلُوْۤا اٰمَنَّا بِالَّذِیْۤ اُنْزِلَ اِلَیْنَا وَ اُنْزِلَ اِلَیْكُمْ

الَّذِیْنَ	ظَلَمُوْا	مِنْهُمْ	وَ قُوْلُوْۤا	اٰمَنَّا	بِالَّذِیْۤ	اُنْزِلَ	اِلَیْنَا	وَ اُنْزِلَ	اِلَیْكُمْ
ان سے	ان سے جو ظالم ہیں	ان میں سے	اور کہو	ہم ایمان لائے	اس پر جو	اتارا گیا	ہماری طرف	اور اتارا گیا	تمہاری طرف

ان کے جو ان میں سے زیادتی کرتے ہیں اور کہہ دو ہم اس پر جو ہماری طرف نازل کیا گیا اور تمہاری طرف نازل

وَ اِلٰهُنَا وَ اِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّ نَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَ كَذٰلِكَ اَنْزَلْنَاۤ

وَ	اِلٰهُنَا	وَ اِلٰهُكُمْ	وَاحِدٌ	وَّ	نَحْنُ	لَهٗ	مُسْلِمُوْنَ	وَ	كَذٰلِكَ	اَنْزَلْنَاۤ
اور	ہمارا خدا	اور تمہارا خدا	ایک ہے	اور	ہم	اسی کے	فرمانبردار ہیں	اور	اسی طرح	اتاری ہم نے

کیا گیا ایمان رکھتے ہیں اور ہمارا اور تمہارا خدا ایک ہی ہے اور ہم اسی کے فرمانبردار ہیں۔ اور اسی طرح (اے محبوب ﷺ) ہم

Marfat.com

اِلَيْكَ الْكِتٰبَ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ وَمِنْ هٰٓؤُلَآءِ

اِلَيْكَ	الْكِتٰبَ	فَالَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ	الْكِتٰبَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِهٖ	وَ	مِنْ هٰٓؤُلَآءِ
آپ کی طرف	کتاب	تو وہ کہ	دی ہم نے انکو	کتاب	ایمان لاتے ہیں	اس پر	اور	ان میں سے

نے آپ کی طرف کتاب نازل فرمائی تو جن کو ہم نے کتاب عطا فرمائی وہ اس (قرآن) پر ایمان لاتے ہیں اور کچھ ان (اہل مکہ)

مَنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَمَا كُنْتَ

مَنْ	يُّؤْمِنُ	بِهٖ	وَ	مَا	يَجْحَدُ	بِاٰيٰتِنَآ	اِلَّا	الْكٰفِرُوْنَ	وَ	مَا	كُنْتَ
وہ بھی ہے جو	ایمان لاتا ہے	اس پر	اور	نہیں	انکار کرتے	ہماری آیتوں کا	مگر	کافر لوگ	اور	نہیں	تھے آپ

میں سے ہیں جو اس پر ایمان لاتے ہیں اور ہماری آیتوں کا انکار نہیں کرتے مگر کفر کرنے والے۔ اور اس سے پہلے آپ کوئی

تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ

تَتْلُوْا	مِنْ قَبْلِهٖ	مِنْ كِتٰبٍ	وَّ	لَا	تَخُطُّهٗ	بِيَمِيْنِكَ	اِذًا	لَّارْتَابَ
پڑھتے	اس سے پہلے	کتاب	اور	نہ	لکھتے اس کو	اپنے ہاتھ سے	تو اس وقت	شک کرتے

کتاب نہ پڑھتے تھے اور نہ ہی اسے اپنے ہاتھ سے لکھتے تھے (اگر ایسا ہوتا) تو باطل پرست اس وقت

الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۴۸﴾ بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ؕ

الْمُبْطِلُوْنَ	بَلْ	هُوَ	اٰيٰتٌ	بَيِّنٰتٌ	فِيْ	صُدُوْرِ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْعِلْمَ
باطل پرست	بلکہ	وہ	آیتیں ہیں	روشن	میں	سینے	ان کے جو	دیے گئے ہیں	علم

ضرور شک میں پڑ جاتے۔ بلکہ وہ روشن آیتیں ہیں ان کے سینوں میں جن کو علم دیا گیا

وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ

وَ	مَا	يَجْحَدُ	بِاٰيٰتِنَآ	اِلَّا	الظّٰلِمُوْنَ	وَ	قَالُوْا	لَوْ	لَآ	اُنْزِلَ	عَلَيْهِ	اٰيٰتٌ
اور	نہیں	انکار کرتے	ہماری آیتوں کا	مگر	ظالم لوگ	اور	بولے	کیوں	نہ	اتاری گئیں	اس پر	نشانیاں

اور ہماری آیتوں کا انکار نہیں کرتے مگر ظالم۔ (مکہ کے کافر بولے) ان کے رب کی طرف سے ان پر کچھ نشانیاں

Marfat.com

مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰیٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَ اِنَّمَاۤ اَنَا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ۝۵۰

مِنْ رَّبِّهٖ	قُلْ	اِنَّمَا	الْاٰیٰتُ	عِنْدَ	اللّٰهِ	وَ	اِنَّمَاۤ	اَنَا	نَذِیْرٌ	مُّبِیْنٌ
اسکے رب کی طرف سے	فرمادیں	اسکے سوانہیں کہ	نشانیاں	پاس	اللہ کے ہیں	اور	اسکے سوانہیں کہ	میں	ڈرسنانے والا ہوں	صاف

کیوں نہیں اتریں فرما دیجئے نشانیاں تو اللہ ہی کے پاس ہیں اور میں تو کھلم صاف ڈر سنانے والا ہوں۔

اَوَ لَمْ یَكْفِهِمْ اَنَّاۤ اَنْزَلْنَا عَلَیْكَ الْكِتٰبَ یُتْلٰى عَلَیْهِمْ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ

اَوَ	لَمْ	یَكْفِهِمْ	اَنَّاۤ	اَنْزَلْنَا	عَلَیْكَ	الْكِتٰبَ	یُتْلٰى	عَلَیْهِمْ	اِنَّ	فِیْ ذٰلِكَ
کیا	نہیں	کافی ان کو	کہ ہم نے	اتاری	تم پر	کتاب جو	پڑھی جاتی ہے	ان پر	بیشک	اس میں

مگر کیا لوگوں کیلئے یہ (نشانی) کافی نہیں ہے کہ ہم نے آپ پر (اپنی) کتاب نازل فرمائی ہے جو انہیں سنائی جاتی ہے؟

ع ۳ لَرَحْمَةً وَّ ذِكْرٰى لِقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ۝۵۱ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ بَیْنِیْ

لَرَحْمَةً	وَّ	ذِكْرٰى	لِقَوْمٍ	یُّؤْمِنُوْنَ	قُلْ	كَفٰى	بِاللّٰهِ	بَیْنِیْ
رحمت ہے	اور	نصیحت	قوم	مومن کے لیے	فرمادو	کافی ہے	اللہ	میرے درمیان

بے شک اس میں ان لوگوں کیلئے جو ایمان رکھتے ہیں رحمت اور نصیحت ہے۔ فرمادیجئے میرے اور تمہارے درمیان اللہ کی

وَ بَیْنَكُمْ شَهِیْدًا ۚ یَعْلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ الَّذِیْنَ

وَ	بَیْنَكُمْ	شَهِیْدًا	یَعْلَمُ	مَا	فِی السَّمٰوٰتِ	وَ الْاَرْضِ	وَ	الَّذِیْنَ
اور	تمہارے درمیان	گواہ	جانتا ہے	جو	آسمانوں میں	اورزمین ہے	اور	وہ جو

گواہی کافی ہے وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور جو لوگ

اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ وَ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ ۙ اُولٰٓىٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝۵۲

اٰمَنُوْا	بِالْبَاطِلِ	وَ	كَفَرُوْا	بِاللّٰهِ	اُولٰٓىٕكَ	هُمُ	الْخٰسِرُوْنَ
ایمان لائے	باطل پر	اور	کافر ہوئے	اللہ سے	تو یہی	وہ ہیں	خسارے والے

جھوٹ پر ایمان رکھتے ہیں اور اللہ کا انکار کرتے ہیں وہی نقصان اٹھانے والے ہیں۔

Marfat.com

وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ۭ وَلَوْلَآ اَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَاۗءَهُمُ

وَ	يَسْتَعْجِلُوْنَكَ	بِالْعَذَابِ	وَلَوْ	لَآ	اَجَلٌ	مُّسَمًّى	لَّجَاۗءَهُمُ
اور	جلدی چاہتے ہیں آپ سے	عذاب	اور اگر	نہ ہوتی	مدت	مقرر	تو آتا انکے پاس

اور وہ آپ سے عذاب جلدی طلب کرتے ہیں اور اگر ایک مقرر کی ہوئی مدت نہ ہوتی تو ان پر عذاب آچکا ہوتا

الْعَذَابُ ۭ وَلَيَاْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۳﴾ يَسْتَعْجِلُوْنَكَ

الْعَذَابُ	وَ	لَيَاْتِيَنَّهُمْ	بَغْتَةً	وَّ	هُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ	يَسْتَعْجِلُوْنَكَ
عذاب	اور	تو ضرور آجاتا انکے پاس	اچانک	اور	وہ	بے خبر ہوں گے	جلدی چاہتے ہیں آپ سے

اور وہ ضرور ان پر اچانک آئے گا اس حال میں کہ انہیں خبر نہ ہو گی۔ وہ آپ سے عذاب

بِالْعَذَابِ ۭ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۴﴾ يَوْمَ يَغْشٰىهُمُ

بِالْعَذَابِ	وَ	اِنَّ	جَهَنَّمَ	لَمُحِيْطَةٌ	بِالْكٰفِرِيْنَ	يَوْمَ	يَغْشٰىهُمُ
عذاب	اور	بیشک	جہنم	گھیرنے والی ہے	کافروں کو	جس دن	ڈھانپے گا انکو

جلدی مانگتے ہیں اور بے شک کافروں کو جہنم گھیرے ہوئے ہے۔ جس دن انہیں ڈھانپے گا

الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ وَيَقُوْلُ ذُوْقُوْا مَا

الْعَذَابُ	مِنْ فَوْقِهِمْ	وَ	مِنْ تَحْتِ	اَرْجُلِهِمْ	وَ	يَقُوْلُ	ذُوْقُوْا	مَا
عذاب	ان کے اوپر سے	اور	نیچے سے	انکے پاؤں کے	اور	فرمائے گا	چکھو	جو

عذاب ان کے اوپر اور ان کے پاؤں کے نیچے سے اور فرمائے گا (اللہ تعالیٰ) چکھو

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۵﴾ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ اَرْضِيْ وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ

كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ	يٰعِبَادِيَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِنَّ	اَرْضِيْ	وَاسِعَةٌ	فَاِيَّايَ
تم	کرتے تھے	اے میرے بندو	جو	ایمان لائے ہو	بیشک	میری زمین	وسیع ہے	تو میری ہی

اپنے کئے کا مزہ۔ اے میرے بندو! جو ایمان لائے بے شک میری زمین وسیع ہے تو

Marfat.com

فَاعْبُدُوْنِ ﴿۵۶﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۷﴾

فَاعْبُدُوْنِ	كُلُّ	نَفْسٍ	ذَآئِقَةُ	الْمَوْتِ	ثُمَّ	اِلَيْنَا	تُرْجَعُوْنَ
بندگی کرو	ہر	آدمی	چکھنے والا ہے	موت	پھر	ہماری طرف	پھیرے جاؤ گے

میری ہی بندگی کرو۔ ہر جان موت کا ذائقہ چکھے گی پھر تم ہماری طرف لوٹا دیے جاؤ گے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا

وَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوْا	الصّٰلِحٰتِ	لَنُبَوِّئَنَّهُمْ	مِّنَ الْجَنَّةِ	غُرَفًا
اور	وہ جو کہ	ایمان لائے	اور	عمل کیے	نیک	تو ضرور ہم انکو جگہ دیں گے	جنت کے	بالاخانوں میں

اور جو لوگ ایمان لائے اور درست عمل کرتے رہے انہیں ہم جنت کے بالاخانوں میں جگہ دیں گے

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۵۸﴾

تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	نِعْمَ	اَجْرُ	الْعٰمِلِيْنَ
بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	اچھا ہے	بدلہ	عمل کرنے والوں کا

جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے اچھے عمل کرنے والوں کا اجر کیا ہی اچھا ہے۔

الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ

الَّذِيْنَ	صَبَرُوْا	وَعَلٰى	رَبِّهِمْ	يَتَوَكَّلُوْنَ	وَ	كَاَيِّنْ	مِّنْ دَآبَّةٍ
وہ جنہوں نے	صبر کیا	اور اوپر	اپنے رب کے	بھروسہ کرتے ہیں	اور	کتنے ہی	جانور ہیں کہ

جنہوں نے صبر کیا اور وہ اپنے رب پر ہی بھروسہ کرتے ہیں۔ اور کتنے ہی جاندار زمین پر چلنے والے ہیں جو اپنا

لَا تَحْمِلُ رِزْقَهَا اللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۶۰﴾

لَا	تَحْمِلُ	رِزْقَهَا	اللّٰهُ	يَرْزُقُهَا	وَ	اِيَّاكُمْ	وَ	هُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ
نہیں	اٹھائے	اپنا رزق	اللہ	روزی دیتا ہے انکو	اور	تم کو بھی	اور	وہ ہے	سننے والا	جاننے والا

رزق (اپنے ساتھ) اٹھائے نہیں پھرتے اللہ انہیں رزق دیتا ہے اور تمہیں (بھی) اور وہ بہت سننے والا خوب جاننے والا ہے۔

Marfat.com

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ

وَ	لَئِنْ	سَاَلْتَهُمْ	مَّنْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضَ	وَ	سَخَّرَ
اور	اگر	آپ پوچھیں ان سے	کس نے	پیدا کیے	آسمان	اور	زمین	اور	تابع کیے

اور اگر آپ ان سے پوچھیں کس نے بنائے آسمان اور زمین اور سورج اور چاند کو کس نے مسخر کیا

الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۶۱﴾ اَللّٰهُ يَبْسُطُ

الشَّمْسَ	وَ	الْقَمَرَ	لَيَقُوْلُنَّ	اللّٰهُ	فَاَنّٰى	يُؤْفَكُوْنَ	اَللّٰهُ	يَبْسُطُ
سورج	اور	چاند	تو ضرور کہیں گے	اللہ نے	تو کہاں	پھیرے جاتے ہیں	اللہ	کشادہ کرتا ہے

تو ضرور کہیں گے اللہ نے تو پھر کہاں سے پھیر دیے جاتے ہیں۔ اللہ کشادہ کرتا ہے

الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ

الرِّزْقَ	لِمَنْ	يَّشَآءُ	مِنْ عِبَادِهٖ	وَ	يَقْدِرُ	لَهٗ	اِنَّ	اللّٰهَ	بِكُلِّ	شَيْءٍ
رزق	جس کا	چاہے	اپنے بندوں میں سے	اور	تنگ فرماتا ہے	اس کو	بیشک	اللہ	ہر	چیز کو

رزق اپنے بندوں میں جس کیلئے چاہے اور تنگی فرماتا ہے جس کیلئے چاہے بے شک اللہ

عَلِيْمٌ ﴿۶۲﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا

عَلِيْمٌ	وَ	لَئِنْ	سَاَلْتَهُمْ	مَّنْ	نَّزَّلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَاَحْيَا
جانتا ہے	اور	اگر	تم پوچھو ان سے	کس نے	اتارا	آسمان سے	پانی	تو زندہ کیا

سب کچھ جانتا ہے۔ اور اگر آپ ان سے پوچھیں کس نے آسمان سے پانی اُتارا پھر اس سے زمین کو اس کے

بِهِ الْاَرْضَ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ

بِهِ	الْاَرْضَ	مِنْ بَعْدِ	مَوْتِهَا	لَيَقُوْلُنَّ	اللّٰهُ	قُلِ	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ
اس سے	زمین کو	پیچھے	اس کی موت کے	تو ضرور کہیں گے	اللہ نے	فرما دو	سب خوبیاں	اللہ کی ہیں

مردہ ہو جانے کے بعد زندہ کیا تو وہ ضرور کہیں گے اللہ نے تو فرمادیجئے تعریف اللہ کیلئے ہے

Marfat.com

بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ

بَلْ	اَكْثَرُهُمْ	لَا	يَعْقِلُوْنَ	وَ	مَا	هٰذِهِ	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَآ	اِلَّا	لَهْوٌ
بلکہ	ان کے اکثر	نہیں	سمجھتے	اور	نہیں	یہ	زندگی	دنیا کی	مگر	کھیل

بلکہ ان میں سے اکثر نہیں سمجھتے۔ اور دنیا کی یہ زندگی کچھ نہیں

وَّلَعِبٌ ؕ وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوْا

وَّ	لَعِبٌ	وَ	اِنَّ	الدَّارَ	الْاٰخِرَةَ	لَهِيَ	الْحَيَوَانُ	لَوْ	كَانُوْا
اور	کود	اور	بیشک	گھر	آخرت کا	یقیناً وہی	سچی زندگی ہے	کاش	وہ ہوتے

مگر کھیل تماشا اور آخرت کا گھر ہی زندگی ہے، کاش!

يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۴﴾ فَاِذَا رَكِبُوْا فِي الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ

يَعْلَمُوْنَ	فَاِذَا	رَكِبُوْا	فِي الْفُلْكِ	دَعَوُا	اللّٰهَ	مُخْلِصِيْنَ	لَهُ
جانتے	تو جب	سوار ہوتے ہیں	کشتی میں	پکارتے ہیں	اللہ کو	خالص کرکے	اس کیلئے

وہ جان لیتے۔ پھر جب وہ کشتی میں سوار ہوتے ہیں تو اللہ کو پکارتے ہیں اسی کیلئے (اپنے) دین کو

الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۵﴾ لِيَكْفُرُوْا

الدِّيْنَ	فَلَمَّا	نَجّٰىهُمْ	اِلَى	الْبَرِّ	اِذَا	هُمْ	يُشْرِكُوْنَ	لِيَكْفُرُوْا
دین	پھر جب	نجات دیدی انکو	طرف	خشکی کی	تو اچانک	وہ	شرک کرتے ہیں	تاکہ انکار کریں

خالص کرتے ہوئے پھر جب وہ انہیں بچا کر خشکی کی طرف لے آتا ہے تو یکایک وہ شرک کرنے لگتے ہیں۔ تاکہ ناشکری کریں

بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۚ وَلِيَتَمَتَّعُوْا ۫ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا

بِمَآ	اٰتَيْنٰهُمْ	وَ	لِيَتَمَتَّعُوْا	فَسَوْفَ	يَعْلَمُوْنَ	اَوَلَمْ	يَرَوْا
اس کا جو	دیا ہم نے ان کو	اور	تاکہ فائدہ اٹھائیں	تو جلدی ہی	جان لیں گے	کیا نہ	دیکھا انہوں نے

اس نعمت کی جو ہم نے انکو عطا فرمائی اور انکو چاہئے (کہ ہماری دی ہوئی مہلت سے فائدہ اٹھالیں) تو وہ عنقریب جان لیں گے۔

ع ۶

وقف لازم

Marfat.com

اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّيُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ط

اَنَّا	جَعَلْنَا	حَرَمًا	اٰمِنًا	وَيُتَخَطَّفُ	النَّاسُ	مِنْ حَوْلِهِمْ
کہ ہم نے	بنایا	حرم	امن والا	اور اچک لیے جاتے ہیں	لوگ	ان کے گرد اگرد سے

اور کیا انہوں نے یہ نہ دیکھا کہ ہم نے حرمت والی زمین (حرم شریف) پناہ بنائی اور ان کے آس پاس والے لوگ اُچک لئے

اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَكْفُرُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ

اَفَبِالْبَاطِلِ	يُؤْمِنُوْنَ	وَ	بِنِعْمَةِ	اللّٰهِ	يَكْفُرُوْنَ	وَ	مَنْ	اَظْلَمُ
کیا باطل کے ساتھ	ایمان لاتے ہیں	اور	انعام	خداوندی کا	انکار کرتے ہیں	اور	کون	زیادہ ظالم ہے

جاتے ہیں تو کیا باطل پر یقین لاتے ہیں اور اللہ کی دی ہوئی نعمت سے ناشکری کرتے ہیں۔ اور اس سے بڑھ کر ظالم

مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ ط

مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَى	اللّٰهِ	كَذِبًا	اَوْ	كَذَّبَ	بِالْحَقِّ	لَمَّا	جَآءَهٗ
اس سے جو	باندھے	اوپر	اللہ کے	جھوٹ	یا	جھٹلائے	حق کو	جب	آ جائے اسکے پاس

کون جو اللہ پر جھوٹ باندھے یا حق کو جھٹلائے جب وہ اس

اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۶۸﴾ وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا

اَلَيْسَ	فِيْ جَهَنَّمَ	مَثْوًى	لِّلْكٰفِرِيْنَ	وَ	الَّذِيْنَ	جَاهَدُوْا
کیا نہیں ہے	دوزخ میں	جگہ	کافروں کے لیے	اور	جو	کوشش کریں

کے پاس آئے کیا جہنم کافروں کا ٹھکانا نہیں۔ اور جو لوگ ہماری طرف آنے کی کوشش کرتے ہیں

فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ط وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۶۹﴾ ع

فِيْنَا	لَنَهْدِيَنَّهُمْ	سُبُلَنَا	وَ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَمَعَ	الْمُحْسِنِيْنَ
ہمارے متعلق	تو ضرور دکھائیں گے ہم انکو	اپنی راہیں	اور	بیشک	اللہ	ساتھ	نیکوں کے ہے

ہم اپنی راہوں کی طرف ضرور ان کی راہنمائی کریں گے اور بے شک اللہ نیک کام کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

Marfat.com

ایاتہا ۶۰ | ۳۰ سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّيَّةٌ ۸۴ | رکوعاتہا ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓ ﴿۱﴾ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ﴿۲﴾ فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ

الٓمّٓ	غُلِبَتِ	الرُّوْمُ	فِيْ	اَدْنَى	الْاَرْضِ	وَ	هُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ	غَلَبِهِمْ
الم	مغلوب ہوگئے	رومی	میں	قریب کی	زمین	اور	وہ	بعد	اپنے مغلوب ہوچکے

الٓمّٓ۔ رومی مغلوب ہوئے (فارس سے)۔ نزدیک کی زمین پر اور وہ مغلوب ہونے کے بعد عنقریب

سَيَغْلِبُوْنَ ﴿۳﴾ فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ ۗ لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ ۭ

سَيَغْلِبُوْنَ	فِيْ	بِضْعِ	سِنِيْنَ	لِلّٰهِ	الْاَمْرُ	مِنْ قَبْلُ	وَ	مِنْۢ بَعْدُ
جلدی غالب آجائیں گے	میں	چند	سالوں	اللہ ہی کا	حکم ہے	پہلے بھی	اور	پیچھے بھی

غالب آجائیں گے۔ چند سال میں ہی اس سے پہلے اور اس کے بعد بھی اختیار اللہ تعالیٰ ہی کا ہے

وَيَوْمَئِذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۴﴾ بِنَصْرِ اللّٰهِ ۭ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَهُوَ

وَ	يَوْمَئِذٍ	يَّفْرَحُ	الْمُؤْمِنُوْنَ	بِنَصْرِ اللّٰهِ	يَنْصُرُ	مَنْ	يَّشَاۗءُ	وَ	هُوَ
اور	اس دن	خوش ہونگے	مومن	اللہ کی مدد سے	مدد دیتا ہے	جسے	چاہے	اور	وہ

اس روز مسلمان شادمان ہوں گے۔ اللہ کی مدد سے (اللہ) جس کی چاہے مدد فرماتا ہے اور وہ

الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۵﴾ وَعْدَ اللّٰهِ ۭ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ	وَعْدَ	اللّٰهِ	لَا	يُخْلِفُ	اللّٰهُ	وَعْدَهٗ	وَ	لٰكِنَّ	اَكْثَرَ
عزت والا	مہربان ہے	وعدہ ہے	اللہ کا	نہیں	خلاف کرتا	اللہ	اپنے وعدے کا	اور	لیکن	اکثر

بڑا غالب ہے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اللہ نے وعدہ فرمایا ہے اللہ اپنے وعدہ کے خلاف نہیں کرتا لیکن اکثر

Marfat.com

النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٦﴾ يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ

النَّاسِ	لَا	يَعْلَمُوْنَ	يَعْلَمُوْنَ	ظَاهِرًا	مِّنَ الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَ	هُمْ	عَنِ الْاٰخِرَةِ
لوگ	نہیں	جانتے	جانتے ہیں	ظاہری	زندگی	دنیا کی	اور	وہ	آخرت سے

لوگ نہیں جانتے۔ یہ لوگ جانتے ہیں صرف آنکھوں کے سامنے کی دنیوی زندگی اور

هُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿٧﴾ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ ۫ قف مَا خَلَقَ اللّٰهُ

هُمْ	غٰفِلُوْنَ	اَوَلَمْ	يَتَفَكَّرُوْا	فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ	مَا	خَلَقَ	اللّٰهُ
وہ	غافل ہیں	کیا نہ	سوچا انہوں نے	اپنی جانوں میں	نہیں	پیدا کیا	اللہ نے

وہ آخرت سے پورے بے خبر ہیں۔ کیا انہوں نے اپنے دلوں میں نہ سوچا کہ اللہ نے پیدا نہ کئے آسمان

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَاِنَّ

السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضَ	وَمَا	بَيْنَهُمَآ	اِلَّا	بِالْحَقِّ	وَ	اَجَلٍ	مُّسَمًّى	وَ	اِنَّ
آسمانوں	اور	زمین کو	اور جو	انکے درمیان ہے	مگر	ساتھ حق کے	اور	مدت ہے	مقرر	اور	بیشک

اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے مگر حق اور ایک مقرر میعاد کے ساتھ اور بے شک

كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ﴿٨﴾ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا

كَثِيْرًا	مِّنَ النَّاسِ	بِلِقَآئِ	رَبِّهِمْ	لَكٰفِرُوْنَ	اَوَلَمْ	يَسِيْرُوْا
بہت سے	لوگ	ملاقات سے	اپنے رب کی	منکر ہیں	کیا نہ	سیر کی

بہت سے لوگ اپنے رب سے ملنے کے انکار پر یقین رکھتے ہیں۔ اور کیا وہ زمین میں چلے پھرے نہیں

فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْۤا

فِي الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	كَانُوْۤا
زمین میں	کہ دیکھتے	کیسا	ہوا	انجام	ان کا جو	ان سے پہلے تھے	وہ

کہ دیکھتے کہ ان سے پہلے لوگوں کا انجام کیسا ہوا؟ وہ ان سے زیادہ زور آور تھے

Marfat.com

أَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّأَثَارُوا الْأَرْضَ وَعَمَرُوهَا أَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوهَا

أَشَدَّ	مِنْهُمْ	قُوَّةً	وَ	أَثَارُوا	الْأَرْضَ	وَ	عَمَرُوهَا	أَكْثَرَ	مِمَّا	عَمَرُوهَا
زیادہ تھے	ان سے	طاقت میں	اور	جوتی انہوں نے	زمین کو	اور	آباد کیا اس کو	زیادہ	اس سے جو	آباد کیا انہوں نے اس کو

اور انہوں نے زمین میں ہل چلائے اور آباد کیا اس سے زیادہ جتنا ان لوگوں نے آباد کیا ہے

وَجَاءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ ۖ فَمَا كَانَ اللَّهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلَٰكِنْ كَانُوا

وَ	جَاءَتْهُمْ	رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنَاتِ	فَمَا	كَانَ	اللَّهُ	لِيَظْلِمَهُمْ	وَ	لَٰكِنْ	كَانُوا
اور	آئے ان کے پاس	ان کے رسول	نشانیاں لے کر	تو نہیں	تھا	اللہ	کہ ظلم کرتا ان پر	اور	لیکن	وہ تھے

اور ان کے رسول ان کے پاس واضح نشانیاں لے کر آئے پھر اللہ ایسا تو نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا مگر

أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿٩﴾ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِينَ أَسَاءُوا السُّوأَىٰ أَنْ

أَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُونَ	ثُمَّ	كَانَ	عَاقِبَةَ	الَّذِينَ	أَسَاءُوا	السُّوأَىٰ	أَنْ
اپنی جانوں پر	ظلم کرتے	پھر	ہوا	انجام	ان کا جنہوں نے	برائی کی	برا	یہ کہ

وہ خود اپنے اوپر ظلم کرتے تھے۔ پھر جن لوگوں نے برے کام کیے ان کا انجام بہت برا ہوا کہ انہوں نے

ع كَذَّبُوا بِآيَاتِ اللَّهِ وَكَانُوا بِهَا يَسْتَهْزِئُونَ ﴿١٠﴾ اللَّهُ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ

كَذَّبُوا	بِآيَاتِ	اللَّهِ	وَ	كَانُوا	بِهَا	يَسْتَهْزِئُونَ	اللَّهُ	يَبْدَأُ	الْخَلْقَ	ثُمَّ
جھٹلایا	آیتوں کو	اللہ کی	اور	تھے	ان سے	ٹھٹھا کرتے	اللہ	پہلی بار پیدا کرتا ہے	مخلوق کو	پھر

اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا اور آیتوں کا مذاق اڑاتے تھے۔ اللہ پہلی بار بناتا ہے مخلوق کو پھر

يُعِيدُهُ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿١١﴾ وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ

يُعِيدُهُ	ثُمَّ	إِلَيْهِ	تُرْجَعُونَ	وَ	يَوْمَ	تَقُومُ	السَّاعَةُ	يُبْلِسُ
دوبارہ پیدا کرے گا اسکو	پھر	اسی کی طرف	لوٹائے جاؤ گے	اور	جس دن	قائم ہوگی	قیامت	مایوس ہو جائیں گے

اس کا اعادہ فرمائے گا پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ اور جس دن قیامت قائم ہوگی مجرم سخت مایوس

Marfat.com

الْمُجْرِمُوْنَ ﴿١٢﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ مِّنْ شُرَكَآئِهِمْ شُفَعٰٓؤُا وَكَانُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ

الْمُجْرِمُوْنَ	وَ	لَمْ	يَكُنْ	لَّهُمْ	مِّنْ شُرَكَآئِهِمْ	شُفَعٰٓؤُا	وَ	كَانُوْا	بِشُرَكَآئِهِمْ
مجرم لوگ	اور	نہ	ہوں گے	انکے لیے	ان کے شریکوں سے	سفارشی	اور	ہوں گے	اپنے شریکوں کے

ہو کر رہ جائیں گے۔ اور ان کے شریک ان کے سفارشی نہ ہوں گے اور وہ اپنے شریکوں کا انکار

كٰفِرِيْنَ ﴿١٣﴾ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ﴿١٤﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ

كٰفِرِيْنَ	وَ	يَوْمَ	تَقُوْمُ	السَّاعَةُ	يَوْمَئِذٍ	يَّتَفَرَّقُوْنَ	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ
منکر	اور	جس دن	قائم ہوگی	قیامت	اس دن	جدا ہو جائینگے	تو پھر	وہ جو

کرنے والے ہو جائیں گے۔ اور جس دن قیامت قائم ہو گی اس دن الگ ہو جائیں گے۔ پھر وہ جو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ﴿١٥﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ

اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	فَهُمْ	فِيْ	رَوْضَةٍ	يُّحْبَرُوْنَ	وَ	اَمَّا	الَّذِيْنَ
ایمان لائے	اور	عمل کیے	اچھے	تو وہ	میں	باغوں	عیش کرینگے	اور	وہ	جو

ایمان لائے تھے اور درست عمل کرتے تھے سرسبز جگہ میں خوش رکھے جائیں گے۔ اور وہ جنہوں نے انکار کیا

كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآئِ الْاٰخِرَةِ فَاُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ

كَفَرُوْا	وَكَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَ	لِقَآئِ	الْاٰخِرَةِ	فَاُولٰٓئِكَ	فِي	الْعَذَابِ
کافر ہوئے	اور جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	اور	ملاقات	آخرت کو	تو یہ لوگ	میں	عذاب

اور ہماری آیتوں اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا انہیں عذاب میں

مُحْضَرُوْنَ ﴿١٦﴾ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ

مُحْضَرُوْنَ	فَسُبْحٰنَ	اللّٰهِ	حِيْنَ	تُمْسُوْنَ	وَ	حِيْنَ
حاضر ہونگے	تو پاکی بولو	اللہ کی	جب	شام کرو	اور	جب

ڈال دیا جائے گا۔ تو اللہ کی تسبیح کرو جب تم شام کرو اور

Marfat.com

تُصْبِحُوْنَ ﴿١٧﴾ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ

تُصْبِحُوْنَ	وَ	لَهُ	الْحَمْدُ	فِي	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	وَ	عَشِيًّا	وَّ	حِيْنَ
صبح کرو	اور	اسی کی	تعریف ہے	میں	آسمانوں	اور	زمین میں	اور	پچھلے پہر	اور	جب

جب صبح کرو۔ اور اسی کیلئے ہیں تمام تعریفیں آسمانوں اور زمین میں اور (اس کی تسبیح کرو) پچھلے پہر اور

تُظْهِرُوْنَ ﴿١٨﴾ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ

تُظْهِرُوْنَ	يُخْرِجُ	الْحَيَّ	مِنَ الْمَيِّتِ	وَ	يُخْرِجُ	الْمَيِّتَ	مِنَ الْحَيِّ
دن ڈھلے	نکالتا ہے	زندہ کو	مردہ سے	اور	نکالتا ہے	مردہ کو	زندہ سے

جب ظہر کرتے ہو۔ وہ زندہ کو نکالتا ہے مردے سے اور مردے کو نکالتا ہے زندہ سے

وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿١٩﴾ ع وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ

وَ	يُحْيِ	الْاَرْضَ	بَعْدَ	مَوْتِهَا	وَ	كَذٰلِكَ	تُخْرَجُوْنَ	وَ	مِنْ اٰيٰتِهٖ	اَنْ
اور	زندہ کرتا ہے	زمین کو	بعد	اسکی موت کے	اور	اسی طرح	نکالے جاؤ گے تم	اور	اسکی نشانیوں میں ہے	یہ کہ

اور زمین کو اس کی مدت کے بعد زندہ کرتا ہے اور یونہی تم نکالے جاؤ گے۔ اور اُس کی نشانیوں میں سے ہے

ع

خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَآ اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ ﴿٢٠﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ

خَلَقَكُمْ	مِّنْ تُرَابٍ	ثُمَّ	اِذَآ	اَنْتُمْ	بَشَرٌ	تَنْتَشِرُوْنَ	وَ	مِنْ اٰيٰتِهٖ	اَنْ
پیدا کیا تم کو	مٹی سے	پھر	جبھی	تم	انسان	چلتے پھرتے ہو	اور	اسکی نشانیوں سے ہے	یہ کہ

کہ اُس نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا۔ پھر اب تم انسان ہو کہ چلتے جارہے ہو۔ اور اس کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے

خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ

خَلَقَ	لَكُمْ	مِّنْ اَنْفُسِكُمْ	اَزْوَاجًا	لِّتَسْكُنُوْٓا	اِلَيْهَا	وَ	جَعَلَ	بَيْنَكُمْ
پیدا کیں	تمہارے لیے	تمہاری اپنی جانوں سے	بیویاں	تاکہ تم سکون حاصل کرو	اسکی طرف	اور	بنائی	تم میں

کہ اس نے تم ہی میں سے تمہاری بیویاں پیدا کیں تاکہ تم ان سے سکون پاؤ اور تمہارے درمیان

Marfat.com

مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ۭ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمِنْ اٰیٰتِهٖ

مَّوَدَّةً	وَّ	رَحْمَةً	اِنَّ	فِیْ ذٰلِكَ	لَاٰیٰتٍ	لِّقَوْمٍ	یَّتَفَكَّرُوْنَ	وَ	مِنْ اٰیٰتِهٖ
محبت	اور	رحمت	بیشک	اس میں	نشانیاں ہیں	ان کیلئے	جو سوچیں	اور	اسکی نشانیاں سے ہے

انس اور رحمت پیدا کی اس میں ان لوگوں کیلئے کئی نشانیاں ہیں جو غوروفکر کرتے ہیں۔ اور اس کی نشانیوں میں

خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ۭ اِنَّ

خَلْقُ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	وَ	اخْتِلَافُ	اَلْسِنَتِكُمْ	وَاَلْوَانِكُمْ	اِنَّ
پیدائش	آسمانوں	اور	زمین کی	اور	اختلاف	تمہاری زبانوں کا	اور تمہارے رنگوں کا	بیشک

آسمانوں اور زمین کا بنانا اور تمہاری زبانوں اور تمہارے رنگوں کا جدا جدا ہونا ہے اس میں

فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّلْعٰلِمِیْنَ ﴿۲۲﴾ وَمِنْ اٰیٰتِهٖ مَنَامُكُمْ بِالَّیْلِ وَالنَّهَارِ

فِیْ ذٰلِكَ	لَاٰیٰتٍ	لِّلْعٰلِمِیْنَ	وَ	مِنْ اٰیٰتِهٖ	مَنَامُكُمْ	بِالَّیْلِ	وَ	النَّهَارِ
اس میں	نشان ہیں	جہان کے لیے	اور	اسکی نشانیوں سے ہے	تمہارا سونا	رات کو	اور	دن کو

علم والوں کیلئے کئی نشانیاں ہیں۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے رات اور دن میں تمہارا سونا

وَابْتِغَآؤُكُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّسْمَعُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَ

وَ	ابْتِغَآؤُكُمْ	مِّنْ فَضْلِهٖ	اِنَّ	فِیْ ذٰلِكَ	لَاٰیٰتٍ	لِّقَوْمٍ	یَّسْمَعُوْنَ	وَ
اور	تلاش کرنا تمہارا	اسکے فضل سے	بیشک	اس میں	نشانیاں ہیں	ان کیلئے جو	سنیں	اور

اور اس کا فضل تلاش کرنا بے شک اس میں ضرور نشانیاں ہیں سننے والوں کیلئے۔ اور

عَذَابَ النَّارِ الَّذِي كُنْتُمْ بِهِ تُكَذِّبُونَ ﴿۲۰﴾ وَلَنُذِيقَنَّهُمْ مِنَ الْعَذَابِ

عَذَابَ	النَّارِ	الَّذِي	كُنْتُمْ	بِهِ	تُكَذِّبُونَ	وَلَنُذِيقَنَّهُمْ	مِنَ الْعَذَابِ
عذاب	آگ کا	وہ جس کو	تم	تھے	جھٹلاتے	اور ضرور چکھائینگے ہم انکو	عذاب

فرمایا جائے گا چکھو اس آگ کا عذاب جسے تم جھٹلاتے تھے۔ اور ہم انہیں اس بڑے عذاب کے علا

الْأَدْنَىٰ دُونَ الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿۲۱﴾

الْأَدْنَىٰ	دُونَ	الْعَذَابِ	الْأَكْبَرِ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُونَ
ہلکا	پہلے	عذاب	بڑے سے	تاکہ وہ	لوٹ آئیں

وہ چھوٹے عذاب کا کچھ مزہ بھی ضرور چکھائیں گے کہ شاید وہ راہ حق کی طرف لوٹ آئیں۔

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ ثُمَّ أَعْرَضَ عَنْهَا ۚ إِنَّا

وَ	مَنْ	أَظْلَمُ	مِمَّنْ	ذُكِّرَ	بِآيَاتِ	رَبِّهِ	ثُمَّ	أَعْرَضَ	عَنْهَا	إِنَّا
اور	کون	زیادہ ظالم ہے	اس سے جو	نصیحت دیا گیا	ساتھ آیات	اپنے رب کی	پھر	منہ پھیرا	اس سے	بیشک ہم

اور اس سے بڑا ظالم کون ہے جسے اس کے رب کی آیتوں کے ذریعے نصیحت کی گئی پھر وہ ان سے کنارہ کر گیا

ع ۱۱ مِنَ الْمُجْرِمِينَ مُنْتَقِمُونَ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ

مِنَ الْمُجْرِمِينَ	مُنْتَقِمُونَ	وَ	لَقَدْ	آتَيْنَا	مُوسَى	الْكِتَابَ
مجرموں سے	بدلہ لینے والے ہیں	اور	بیشک	عطا فرمائی ہم نے	موسیٰ کو	کتاب

ہم ان مجرموں سے انتقام لینے والے ہیں۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب عطا فرمائی تو

Marfat.com

فَلَا تَكُنْ فِىْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِىٓ

فَلَا تَكُنْ	فِىْ مِرْيَةٍ	مِّنْ لِّقَآئِهٖ	وَجَعَلْنٰهُ	هُدًى	لِّبَنِىٓ
تو نہ ہو تم	شک میں	اس کی ملاقات سے	اور بنایا ہم نے اس کتاب کو	ہدایت	واسطے اولاد

اس کے ملنے سے آپ شک میں نہ رہیں اور ہم نے اسے بنی اسرائیل کیلئے

اِسْرَآءِيْلَ ۚ﴿۲۳﴾ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا

اِسْرَآءِيْلَ	وَ	جَعَلْنَا	مِنْهُمْ	اَئِمَّةً	يَّهْدُوْنَ	بِاَمْرِنَا	لَمَّا
یعقوب کے	اور	بنائے ہم نے	ان میں سے	امام جو	ہدایت دیتے	ہمارے حکم سے	جب

ہدایت بنایا۔ اور ہم نے ان میں سے کچھ پیشوا بنائے کہ وہ ہمارے حکم سے ہدایت کرتے رہیں

صَبَرُوْا ۗ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۲۴﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ

صَبَرُوْا	وَ	كَانُوْا	بِاٰيٰتِنَا	يُوْقِنُوْنَ	اِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	يَفْصِلُ
صبر کیا	اور	تھے	ہماری آیتوں کا	یقین کرتے	بیشک	تمہارا رب	وہ	فیصلہ کرے گا

جب کہ انہوں نے صبر کیا اور وہ ہماری آیتوں پر یقین رکھتے تھے۔ بے شک تمہارا رب قیامت کے دن

بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۲۵﴾ اَوَلَمْ

بَيْنَهُمْ	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	فِيْمَا	كَانُوْا	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ	اَوَلَمْ
ان میں	دن	قیامت کے	جس میں	وہ تھے	اس میں	اختلاف کرتے	کیا نہ

ان میں فیصلہ فرما دے گا جس بات میں وہ اختلاف کرتے تھے۔ اور کیا انہیں اس پر

يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ

يَهْدِ لَهُمْ	كَمْ	اَهْلَكْنَا	مِنْ قَبْلِهِمْ	مِّنَ الْقُرُوْنِ	يَمْشُوْنَ
ہدایت ہوئی انکو	کتنے	ہلاک کیں ہم نے	ان سے پہلے	کئی سنگتیں	کہ چلتے ہیں

ہدایت نہ ہوئی کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی قومیں ہلاک کر دیں کہ آج یہ

Marfat.com

فِي مَسٰكِنِهِمْ ۗ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ ۗ أَفَلَا يَسْمَعُونَ ﴿٢٦﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا

فِي مَسٰكِنِهِمْ	إِنَّ	فِي ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	أَفَلَا	يَسْمَعُونَ	أَوَلَمْ	يَرَوْا	أَنَّا
ان کے گھروں میں	بیشک	اس میں	نشانیاں ہیں	تو کیا نہیں	سنتے	کیا نہ	دیکھا انہوں نے	کہ ہم

ان کے گھروں میں چل پھر رہے ہیں بے شک اس میں ضرور نشانیاں ہیں تو کیا سنتے نہیں۔ اور کیا انہوں نے

نَسُوقُ الْمَاءَ إِلَى الْأَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهِ زَرْعًا تَأْكُلُ مِنْهُ

نَسُوقُ	الْمَاءَ	إِلَى	الْأَرْضِ	الْجُرُزِ	فَنُخْرِجُ	بِهِ	زَرْعًا	تَأْكُلُ	مِنْهُ
چلاتے ہیں	پانی کو	طرف	زمین	خشک کی	تو نکالتے ہیں ہم	اس سے	کھیتی کو	کھاتے ہیں	اس سے

غور نہیں کیا کہ ہم پانی کو خشک زمین کی طرف بھیجتے ہیں پھر اس کے ذریعے سے کھیتی اگاتے ہیں جسے ان کے جاندار

أَنْعَامُهُمْ وَأَنْفُسُهُمْ ۗ أَفَلَا يُبْصِرُونَ ﴿٢٧﴾ وَيَقُولُونَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ

أَنْعَامُهُمْ	وَأَنْفُسُهُمْ	أَفَلَا	يُبْصِرُونَ	وَ	يَقُولُونَ	مَتٰى	هٰذَا	الْفَتْحُ
ان کے مویشی	اور وہ خود بھی	تو کیا نہیں	دیکھتے	اور	کہتے ہیں	کب ہے	یہ	فیصلہ

اور وہ خود کھاتے ہیں تو کیا وہ دیکھیں گے نہیں؟ اور وہ کہتے ہیں یہ فیصلہ کب ہو گا

إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِينَ ﴿٢٨﴾ قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِينَ كَفَرُوا إِيمَانُهُمْ

إِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِينَ	قُلْ	يَوْمَ	الْفَتْحِ	لَا	يَنْفَعُ	الَّذِينَ	كَفَرُوا	إِيمَانُهُمْ
اگر	ہو تم	سچے	فرمادیں	دن	فیصلے کا وہ ہے کہ	نہ	نفع دے گا	ان کو جو	کافر ہیں	ان کا ایمان

اگر تم سچے ہو۔ فرما دیجئے فیصلہ کے دن کافروں کو ان کا ایمان (لانا) نفع نہ دے گا اور نہ ان کو

وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ ﴿٢٩﴾ فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ إِنَّهُمْ مُنْتَظِرُونَ ﴿٣٠﴾ ع

وَ	لَا	هُمْ	يُنْظَرُونَ	فَأَعْرِضْ	عَنْهُمْ	وَانْتَظِرْ	إِنَّهُمْ	مُنْتَظِرُونَ
اور	نہ	وہ	مہلت دیے جائیں	تو منہ پھیرلو	ان سے	اور انتظار کرو	وہ بھی	انتظار میں ہیں

مہلت دی جائے گی۔ پس آپ ان سے منہ پھیر لیجئے اور انتظار کیجئے بے شک وہ (بھی) انتظار کر رہے ہیں۔

Marfat.com

ایاتها ۷۳ ۳۳ سُورَةُ الْأَحْزَابِ مَدَنِيَّةٌ ۹۰ رکوعاتها ۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِينَ وَالْمُنٰفِقِينَ ۭ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ

يَا أَيُّهَا	النَّبِيُّ	اتَّقِ	اللّٰهَ	وَ	لَا	تُطِعِ	الْكٰفِرِينَ	وَ	الْمُنٰفِقِينَ	إِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ
اے	غیب کی خبریں بتانیوالے نبی	ڈرو	اللہ سے	اور	نہ	کہا مانو	کافروں کا	اور	منافقوں کا	بیشک	اللہ	ہے

اے غیب بتانے والے نبی ﷺ! اللہ کا یونہی خوف رکھنا اور کافروں اور منافقوں کی بات نہ ماننا بے شک اللہ

عَلِيمًا حَكِيمًا ۙ ﴿١﴾ وَاتَّبِعْ مَا يُوحٰى إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ ۭ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ

عَلِيمًا	حَكِيمًا	وَاتَّبِعْ	مَا	يُوحٰى	إِلَيْكَ	مِن رَّبِّكَ	إِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ
جاننے والا	حکمت والا	اور پیروی کرو	اسکی جو	وحی کی گئی	آپ کی طرف	آپ کے رب سے	بیشک	اللہ	ہے

علم و حکمت والا ہے۔ اور اس کی پیروی کرنا جو آپ کے رب کی طرف سے آپ کو وحی ہوتی ہے اے لوگو! اللہ

بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ۙ ﴿٢﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيلًا ﴿٣﴾ مَا

بِمَا	تَعْمَلُونَ	خَبِيرًا	وَ	تَوَكَّلْ	عَلَى	اللّٰهِ	وَ	كَفٰى	بِاللّٰهِ	وَكِيلًا	مَا
اس سے جو	تم کرتے ہو	خبردار	اور	بھروسہ کرو	اوپر	اللہ کے	اور	کافی ہے	اللہ	کارساز	نہیں

تمہارے اعمال سے باخبر ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ﷻ پر ہی توکل رکھو اور اللہ کارساز ہونے کے لیے کافی ہے۔ اللہ نے کسی

جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّن قَلْبَيْنِ فِي جَوْفِهِ ۚ وَمَا جَعَلَ أَزْوَاجَكُمُ

جَعَلَ	اللّٰهُ	لِرَجُلٍ	مِّن قَلْبَيْنِ	فِي جَوْفِهِ	وَ	مَا	جَعَلَ	أَزْوَاجَكُمُ
بنائے	اللہ نے	کسی آدمی کے	دو دل	اس کے پیٹ میں	اور	نہیں	بنایا	تمہاری بیویوں کو

آدمی کے اندر دو دل نہیں بنائے اور نہ تمہاری بیویوں کو جن کو تم ماں کہہ دیتے ہو

Marfat.com

الّٰٓـِٔیْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ اَدْعِیَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ؕ

الّٰٓـِٔیْ	تُظٰهِرُوْنَ	مِنْهُنَّ	اُمَّهٰتِكُمْ	وَ	مَا	جَعَلَ	اَدْعِیَآءَكُمْ	اَبْنَآءَكُمْ
وہ	کہ ظہار کرو تم	ان سے	تمہاری مائیں	اور	نہیں	بنایا	کہ تمہلے لے پالکوں کو	بیٹے تمہارے

تمہاری مائیں بنایا ہے اور نہ تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارے بیٹے بنایا ہے

ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ یَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ یَهْدِی السَّبِیْلَ ۝

ذٰلِكُمْ	قَوْلُكُمْ	بِاَفْوَاهِكُمْ	وَ	اللّٰهُ	یَقُوْلُ	الْحَقَّ	وَ	هُوَ	یَهْدِی	السَّبِیْلَ
یہ	بات ہے	تمہارے مونہوں کی	اور	اللہ	فرماتا ہے	حق	اور	وہ	دکھاتا ہے	راستہ

یہ تمہارے منہ کی بات ہے اور اللہ حق بات فرماتا ہے اور وہی راہ دکھاتا ہے۔

اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآىِٕهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ

اُدْعُوْهُمْ	لِاٰبَآىِٕهِمْ	هُوَ	اَقْسَطُ	عِنْدَ	اللّٰهِ	فَاِنْ	لَّمْ	تَعْلَمُوْٓا	اٰبَآءَهُمْ
پکارو ان کو	انکے باپوں کے نام پر	وہ	بہت انصاف کی بات ہے	نزدیک	اللہ کے	پھر اگر	نہ	جانو تم	باپ ان کے تو

ان (منہ بولے بیٹوں) کو ان کے باپ ہی کا بیٹا کہہ کر بلایا کرو یہ اللہ کے نزدیک بہت ہی انصاف کی بات ہے پھر

فَاِخْوَانُكُمْ فِی الدِّیْنِ وَمَوَالِیْكُمْ ؕ وَلَیْسَ عَلَیْكُمْ جُنَاحٌ فِیْمَآ

فَاِخْوَانُكُمْ	فِی الدِّیْنِ	وَمَوَالِیْكُمْ	وَ	لَیْسَ	عَلَیْكُمْ	جُنَاحٌ	فِیْمَآ
تو بھائی ہیں تمہارے	دین میں	اور دوست ہیں تمہارے	اور	نہیں	تم پر	گناہ	اس میں جو

اگر ان کے باپ کے نام معلوم نہ ہوں تو دین میں وہ تمہارے بھائی ہیں اور تمہارے دوست اور تم پر کوئی گناہ نہیں

اَخْطَاْتُمْ بِهٖ ۙ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا

اَخْطَاْتُمْ	بِهٖ	وَلٰكِنْ	مَّا	تَعَمَّدَتْ	قُلُوْبُكُمْ	وَ	كَانَ	اللّٰهُ	غَفُوْرًا
غلطی سے کہو	تم	اور لیکن	اس پر جو	جان بوجھ کر کریں	تمہارے دل	اور	ہے	اللہ	بخشنے والا

اس بات میں جو بلا قصد تم سے کہی ہاں وہ (بری بات ضرور گناہ ہے) جس کا قصد کیا تمہارے دلوں نے اور اللہ بہت بخشنے والا ہے

Marfat.com

رَّحِيۡمًا ۝۵ اَلنَّبِىُّ اَوۡلٰى بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ مِنۡ اَنۡفُسِهِمۡ وَاَزۡوَاجُهٗۤ

رَحِيۡمًا	اَلنَّبِىُّ	اَوۡلٰى	بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ	مِنۡ اَنۡفُسِهِمۡ	وَ	اَزۡوَاجُهٗ
مہربان	یہ نبی	زیادہ مالک ہے	مسلمانوں کا	ان کی جان سے	اور	اس کی بیویاں

حد رحم فرمانے والا ہے۔ یہ نبی محترم ﷺ ایمان والوں کے ساتھ ان کی جانوں سے زیادہ قریب ہیں اور ان کی

اُمَّهٰتُهُمۡ ؕ وَاُولُوا الۡاَرۡحَامِ بَعۡضُهُمۡ اَوۡلٰى بِبَعۡضٍ فِىۡ كِتٰبِ اللّٰهِ

اُمَّهٰتُهُمۡ	وَ	اُولُوا الۡاَرۡحَامِ	بَعۡضُهُمۡ	اَوۡلٰى	بِبَعۡضٍ	فِىۡ كِتٰبِ	اللّٰهِ
انکی مائیں ہیں	اور	قرابت والے	بعض انکے	زیادہ حقدار ہیں	بعض کے	کتاب میں	اللہ کے

بیویاں مؤمنوں کی مائیں ہیں اور رشتہ دار اللہ کی کتاب میں (دوسرے) مسلمانوں اور مہاجروں کی

مِنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَالۡمُهٰجِرِيۡنَ اِلَّاۤ اَنۡ تَفۡعَلُوۡۤا اِلٰٓى اَوۡلِيٰٓـئِكُمۡ مَّعۡرُوۡفًا ؕ

مِنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ	وَ	الۡمُهٰجِرِيۡنَ	اِلَّاۤ	اَنۡ	تَفۡعَلُوۡۤا	اِلٰٓى	اَوۡلِيٰٓـئِكُمۡ	مَّعۡرُوۡفًا
مومنوں سے	اور	مہاجروں سے	مگر	یہ کہ	کروتم	طرف	اپنے دوستوں کی	بھلائی

بہ نسبت آپس میں ایک دوسرے سے زیادہ قریب ہیں مگر یہ کہ تم اپنے دوستوں پر

كَانَ ذٰلِكَ فِى الۡكِتٰبِ مَسۡطُوۡرًا ۝۶ وَاِذۡ اَخَذۡنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ

كَانَ	ذٰلِكَ	فِى الۡكِتٰبِ	مَسۡطُوۡرًا	وَ	اِذۡ	اَخَذۡنَا	مِنَ النَّبِيّٖنَ
ہے	یہ	کتاب میں	لکھا ہوا	اور	جب	لیا ہم نے	نبیوں سے

احسان کرو یہ کتاب (الٰہی) میں لکھا ہوا ہے۔ اور اے محبوب ﷺ یاد کرو جب ہم نے

مِيۡثَاقَهُمۡ وَمِنۡكَ وَمِنۡ نُّوۡحٍ وَّاِبۡرٰهِيۡمَ وَمُوۡسٰى وَعِيۡسَى ابۡنِ

مِيۡثَاقَهُمۡ	وَ	مِنۡكَ	وَ	مِنۡ نُّوۡحٍ	وَّ	اِبۡرٰهِيۡمَ	وَمُوۡسٰى	وَ	عِيۡسَى	ابۡنِ
خاص ان کا عہد	اور	آپ سے	اور	نوح سے	اور	ابراہیم سے	اور موسیٰ سے	اور	عیسیٰ	بیٹے

نبیوں سے عہد لیا اور آپ ﷺ سے اور نوح علیہ السلام اور ابراہیم علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام بن

Marfat.com

مَرْيَمَ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿٧﴾ لِّيَسْـَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ

مَرْيَمَ	وَ	اَخَذْنَا	مِنْهُمْ	مِّيْثَاقًا	غَلِيْظًا	لِيَسْـَٔلَ	الصّٰدِقِيْنَ
مریم سے	اور	لیا ہم نے	ان سے	عہد	مضبوط	تاکہ پوچھے	سچوں

مریم سے اور ہم نے ان سے پکا عہد لیا ہے۔ تاکہ اللہ تعالیٰ سچے لوگوں سے اُن کی سچائی کے بارے میں سوال کرے۔

عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿٨﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

عَنْ صِدْقِهِمْ	وَ	اَعَدَّ	لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابًا	اَلِيْمًا	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا
انکے سچ کے متعلق	اور	تیار کیا	کافروں کے لیے	عذاب	دردناک	اے	وہ جو	ایمان لائے ہو

اور کافروں کے لیے اُس نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اے ایمان والو! اپنے اوپر اللہ کی

اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا

اذْكُرُوْا	نِعْمَةَ	اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	اِذْ	جَآءَتْكُمْ	جُنُوْدٌ	فَاَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمْ	رِيْحًا
یاد کرو	احسان	اللہ کا	تم پر	جبکہ	آئے تمہارے پاس	لشکر	تو بھیجی ہم نے	ان پر	آندھی

وہ نعمت یاد کرو جب تم پر لشکر آپہنچے تو ہم نے ان پر آندھی اور وہ لشکر جو تم نے نہیں

وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ﴿٩﴾ اِذْ جَآءُوْكُمْ

وَّجُنُوْدًا	لَّمْ	تَرَوْهَا	وَ	كَانَ	اللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرًا	اِذْ	جَآءُوْكُمْ
اور ایسے لشکر کہ	نہ	دیکھا تم نے انکو	اور	ہے	اللہ	اسکو جو	کرتے ہو تم	دیکھنے والا	جب	آئے تم پر

دیکھے بھیجے اور اللہ دیکھ رہا تھا جو تم کر رہے تھے۔ جب وہ تم پر

مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ

مِّنْ فَوْقِكُمْ	وَ	مِنْ اَسْفَلَ	مِنْكُمْ	وَ	اِذْ	زَاغَتِ	الْاَبْصَارُ	وَ	بَلَغَتِ
تمہارے اوپر سے	اور	نیچے کے رخ سے	تم سے	اور	جب	پتھرا گئیں	آنکھیں	اور	پہنچے

تمہارے اوپر سے اور تمہارے نیچے سے آ پہنچے اور جب آنکھیں پھر گئیں اور

Marfat.com

الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ﴿۱۰﴾ هُنَالِكَ ابْتُلِيَ

الْقُلُوْبُ	الْحَنَاجِرَ	وَ	تَظُنُّوْنَ	بِاللّٰهِ	الظُّنُوْنَا	هُنَالِكَ	ابْتُلِيَ
دل	گلوں تک	اور	خیال کیا تم نے	اللہ کے متعلق	برے خیال	اس وقت	آزمائے گئے

دل حلق کو پہنچ گئے اور تم اللہ کے بارے میں طرح طرح کے گمان کرنے لگے۔ وہ مقام تھا جہاں مسلمانوں کی

الْمُؤْمِنُوْنَ وَ زُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ﴿۱۱﴾ وَ اِذْ يَقُوْلُ

الْمُؤْمِنُوْنَ	وَ	زُلْزِلُوْا	زِلْزَالًا	شَدِيْدًا	وَ	اِذْ	يَقُوْلُ
مومن	اور	ہلائے گئے	ہلانا	سخت	اور	جب	کہنے لگے

آزمائش کی گئی اور وہ نہایت سختی سے ہلا دیئے گئے۔ اور جب کہا

الْمُنٰفِقُوْنَ وَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ

الْمُنٰفِقُوْنَ	وَ	الَّذِيْنَ	فِيْ	قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	مَّا	وَعَدَنَا	اللّٰهُ
منافق	اور	وہ کہ	میں	ان کے دلوں	بیماری ہے	نہیں	وعدہ کیا ہم سے	اللہ نے

منافقوں نے اور ان لوگوں نے جن کے دلوں میں (شک کی) بیماری تھی کہ اللہ اور اس کے رسول نے

وَ رَسُوْلُهٗٓ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۱۲﴾ وَ اِذْ قَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ

وَ	رَسُوْلُهٗٓ	اِلَّا	غُرُوْرًا	وَ	اِذْ	قَالَتْ	طَّآئِفَةٌ	مِّنْهُمْ
اور	اسکے رسول نے	مگر	دھوکے کا	اور	جب	کہا	ایک گروہ نے	ان میں سے

ہم سے (فتح کا) وعدہ نہیں کیا تھا مگر دھوکہ دینے کیلئے۔ اور ان میں سے ایک گروہ نے کہا اے مدینہ والو!

يٰٓاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ وَيَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ

يٰٓاَهْلَ يَثْرِبَ	لَا	مُقَامَ	لَكُمْ	فَارْجِعُوْا	وَيَسْتَاْذِنُ	فَرِيْقٌ	مِّنْهُمُ
اے مدینے کے رہنے والو	نہیں	مقابلہ ہو سکے گا	تم سے	تو واپس ہو جاؤ	اور اجازت مانگتا تھا	ایک گروہ	ان میں سے

یہاں تمہارے ٹھہرنے کی جگہ نہیں تم گھروں کو واپس چلو اور ان میں سے ایک گروہ نبی ﷺ سے اذن مانگتا تھا

Marfat.com

النَّبِيَّ يَقُولُونَ اِنَّ بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ ۛ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۚ اِنْ

النَّبِيَّ	يَقُولُونَ	اِنَّ	بُيُوْتَنَا	عَوْرَةٌ	وَمَا	هِيَ	بِعَوْرَةٍ	اِنْ
نبی سے	کہتے تھے	بیشک	ہمارے گھر	غیر محفوظ ہیں	اور نہیں تھے	وہ	غیر محفوظ	نہیں

یہ کہہ کر کہ ہمارے گھر غیر محفوظ ہیں اور حالانکہ وہ غیر محفوظ بے حفاظت نہ تھے وہ

يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ﴿۱۳﴾ وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا

يُّرِيْدُوْنَ	اِلَّا	فِرَارًا	وَ	لَوْ	دُخِلَتْ	عَلَيْهِمْ	مِّنْ	اَقْطَارِهَا
چاہتے تھے	مگر	بھاگنا	اور	اگر	داخل ہوں	ان پر	اس سے	کناروں سے

بھاگنے کے سوا اور کچھ ارادہ نہ کررہے تھے۔ اور اگر مدینہ کے اطراف سے اُن پر کوئی شخص آتا پھر اُن سے

ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوْا بِهَآ اِلَّا يَسِيْرًا ﴿۱۴﴾

ثُمَّ	سُئِلُوا	الْفِتْنَةَ	لَاٰتَوْهَا	وَ	مَا	تَلَبَّثُوْا	بِهَآ	اِلَّا	يَسِيْرًا
پھر	ان سے مطالبہ ہو	فتنے کا	تو ارتکاب کریں اسکا	اور	نہ	ٹھہریں	اسکے مقابل	مگر	تھوڑے

فتنے کا سوال کیا جاتا تو یہ اُسے ضرور کرگزرتے اور اُس سے ہی رکتے۔

وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ۭ

وَ	لَقَدْ	كَانُوْا	عَاهَدُوا	اللّٰهَ	مِنْ قَبْلُ	لَا	يُوَلُّوْنَ	الْاَدْبَارَ
اور	بیشک	تھے	عہد کرچکے	اللہ سے	اس سے پہلے کہ	نہ	پھیریں گے	پیٹھ

اور وہ اس سے پہلے اللہ سے عہد کر چکے تھے کہ وہ پیٹھ نہیں پھیریں گے

وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْئُوْلًا ﴿۱۵﴾ قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ

وَ	كَانَ	عَهْدُ	اللّٰهِ	مَسْئُوْلًا	قُلْ	لَّنْ	يَّنْفَعَكُمُ	الْفِرَارُ	اِنْ
اور	ہے	عہد	اللہ کا	پوچھا گیا	فرمادو	ہرگز نہ	فائدہ دیگا تم کو	بھاگنا	اگر

اور اللہ کے عہد کی پرسش کی جائیگی۔ فرما دیجئے اگر تم قتل یا موت سے بھاگے تو

Marfat.com

فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَ اِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۶﴾

فَرَرْتُمْ	مِّنَ الْمَوْتِ	اَوِ الْقَتْلِ	وَ	اِذًا	لَّا	تُمَتَّعُوْنَ	اِلَّا	قَلِيْلًا
تم بھاگو	موت سے	یا قتل سے	اور	اس وقت	نہ	فائدہ دیے جاؤ گے	مگر	تھوڑا

بھاگنا تمہیں نفع نہ دے گا اور اس صورت میں بھی تم کم ہی فائدے حاصل کرو گے۔

قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ

قُلْ	مَنْ	ذَا الَّذِيْ	يَعْصِمُكُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	اِنْ	اَرَادَ	بِكُمْ	سُوْٓءًا	اَوْ
فرما دو	کون ہے	وہ جو	بچائے تم کو	اللہ سے	اگر	ارادہ کرے	تمہارے متعلق	برائی کا	یا

فرما دیجیے تمہیں کون بچائے گا اللہ سے اگر وہ تمہیں تکلیف پہنچانا چاہے یا تم پر

اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ؕ وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا

اَرَادَ	بِكُمْ	رَحْمَةً	وَ	لَا	يَجِدُوْنَ	لَهُمْ	مِّنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	وَلِيًّا
ارادہ کرے	تمہارے متعلق	رحمت کا	اور	نہیں	پائیں گے وہ	اپنے لیے	سوا	اللہ کے	حامی

رحمت کا ارادہ فرمائے اور وہ اللہ کے سوا کسی اپنے کو حمایت کرنے والا نہ پائیں گے

وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۷﴾ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَآئِلِيْنَ

وَّ	لَا	نَصِيْرًا	قَدْ	يَعْلَمُ	اللّٰهُ	الْمُعَوِّقِيْنَ	مِنْكُمْ	وَ	الْقَآئِلِيْنَ
اور	نہ	مددگار	بیشک	جانتا ہے	اللہ	روکنے والوں کو	تم میں سے	اور	کہنے والوں کو

اور نہ کوئی مدد گار۔ بے شک اللہ جانتا ہے تم میں سے ان کو جو (جہاد سے) روکتے ہیں اور

لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۸﴾

لِاِخْوَانِهِمْ	هَلُمَّ	اِلَيْنَا	وَلَا	يَاْتُوْنَ	الْبَاْسَ	اِلَّا	قَلِيْلًا
اپنے بھائیوں سے	آجاؤ	ہماری طرف	اور نہیں	آتے	لڑائی کو	مگر	تھوڑے

اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں ہماری طرف آ جاؤ اور لڑائی میں نہیں آتے مگر بہت کم۔

Marfat.com

اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۚ فَاِذَا جَآءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ

اَشِحَّةً	عَلَيْكُمْ	فَاِذَا	جَآءَ	الْخَوْفُ	رَاَيْتَهُمْ	يَنْظُرُوْنَ
بخیل ہیں	تم پر	پھر جب	آتا ہے	خوف	دیکھو گے تم ان کو	دیکھتے ہیں

تہماری مدد میں بخل کرتے ہیں پھر جب ڈر کا وقت آئے تم انہیں دیکھو گے تمہاری

اِلَيْكَ تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِىْ يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا

اِلَيْكَ	تَدُوْرُ	اَعْيُنُهُمْ	كَالَّذِىْ	يُغْشٰى	عَلَيْهِ	مِنَ الْمَوْتِ	فَاِذَا
تمہاری طرف	پھرتی ہیں	ان کی آنکھیں	جیسے اسکی کہ	غشی طاری ہو	اس پر	موت کی	پھر جب

طرف یوں نظر کرتے ہیں کہ ان کی آنکھیں گھوم رہی ہیں جیسے کسی پر موت چھائی ہو پھر جب

ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَى

ذَهَبَ	الْخَوْفُ	سَلَقُوْكُمْ	بِاَلْسِنَةٍ	حِدَادٍ	اَشِحَّةً	عَلَى
چلا جاتا ہے	خوف	طعنہ دیتے ہیں تم کو	ساتھ زبانوں	تیز کے	بخیل ہیں	اوپر

ڈر کا وقت نکل جائے تو آپ کی گستاخی کرنے لگیں تیز زبان سے مال غنیمت کے لالچ میں

الْخَيْرِ ۚ اُولٰٓئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ ۚ

الْخَيْرِ	اُولٰٓئِكَ	لَمْ	يُؤْمِنُوْا	فَاَحْبَطَ	اللّٰهُ	اَعْمَالَهُمْ
بھلائی کے	یہ لوگ	نہیں	ایمان لائے	تو ضائع کردیے	اللہ نے	ان کے عمل

یہ لوگ ایمان لائے ہی نہیں تو اللہ نے ان کے عمل اکارت کر دیئے

وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۱۹﴾ يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ

وَ	كَانَ	ذٰلِكَ	عَلَى	اللّٰهِ	يَسِيْرًا	يَحْسَبُوْنَ	الْاَحْزَابَ
اور	ہے	یہ	اوپر	اللہ کے	آسان	خیال کرتے ہیں	لشکروں کو کہ

اور یہ اللہ کو آسان ہے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ فوجیں ابھی نہیں گئیں۔

Marfat.com

لَمْ يَذْهَبُوْا ۚ وَاِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِي

لَمْ يَذْهَبُوْا	وَ	اِنْ	يَّاْتِ	الْاَحْزَابُ	يَوَدُّوْا	لَوْ	اَنَّهُمْ	بَادُوْنَ	فِي
نہیں گئے	اور	اگر	آجائیں	لشکر	پسند کرتے ہیں	کاش	وہ	رہنے والے ہوں	میں

اور اگر فوجیں پھر آجائیں، وہ پسند کریں گے۔ کہ کاش وہ دیہاتیوں کے ساتھ

الْاَعْرَابِ يَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَآئِكُمْ ؕ وَلَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ مَّا

الْاَعْرَابِ	يَسْاَلُوْنَ	عَنْ اَنْۢبَآئِكُمْ	وَ	لَوْ	كَانُوْا	فِيْكُمْ	مَّا
دیہاتوں	پوچھیں	خبریں تمہاری	اور	اگر	ہوتے	تم میں تو	نہ

صحرا میں رہنے والے ہوں۔ وہ تمہارے حالات کے بارے میں پوچھتے رہیں۔ اور اگر یہ تمہارے

قٰتَلُوْۤا اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۲۰﴾ ع لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ ع ۲ ۱۸

قٰتَلُوْۤا	اِلَّا	قَلِيْلًا	لَقَدْ	كَانَ	لَكُمْ	فِيْ رَسُوْلِ	اللّٰهِ	اُسْوَةٌ
لڑتے	مگر	تھوڑے	بیشک	ہے	تمہارے لیے	رسول میں	اللہ کے	نمونہ

درمیان رہیں تو بہت کم ہی لڑیں گے۔ یقیناً تمہارے لیے اللہ کے رسول میں بہترین نمونہ ہے ہر اُس شخص کے لیے

حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ

حَسَنَةٌ	لِّمَنْ	كَانَ	يَرْجُوا	اللّٰهَ	وَ	الْيَوْمَ	الْاٰخِرَ	وَ	ذَكَرَ	اللّٰهَ
اچھا	اس کیلئے جو	ہے	امید رکھتا	اللہ کی	اور	دن	آخرت کی	اور	یاد کرے	اللہ کو

جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن کی اُمید رکھتا ہو اور اللہ تعالیٰ کو

كَثِيْرًا ﴿۲۱﴾ ؕ وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ ۙ قَالُوْا هٰذَا مَا

كَثِيْرًا	وَ	لَمَّا	رَاَ	الْمُؤْمِنُوْنَ	الْاَحْزَابَ	قَالُوْا	هٰذَا	مَا
بہت	اور	جب	دیکھا	مسلمانوں نے	لشکروں کو	بول اٹھے	یہ	وہ ہے جو

کثرت سے یاد کرے۔ اور جب مؤمنوں نے لشکر کو دیکھا تو بول اُٹھے یہ ہے وہ جس کا

Marfat.com

وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۡ وَمَا زَادَهُمْ

وَعَدَنَا	اللّٰهُ	وَرَسُوْلُهٗ	وَصَدَقَ	اللّٰهُ	وَ	رَسُوْلُهٗ	وَ	مَا	زَادَهُمْ
وعدہ دیا ہم کو	اللہ نے	اور اسکے رسول نے	اور سچ فرمایا	اللہ نے	اور	اسکے رسول نے	اور	نہ	زیادہ کیا ان

ہم سے اللہ اور اس کے رسول نے وعدہ کیا تھا اور اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا تھا اور اس بات سے ان کی قوت

اِلَّآ اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ﴿۲۲﴾ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا

اِلَّآ	اِيْمَانًا	وَّتَسْلِيْمًا	مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ	رِجَالٌ	صَدَقُوْا
مگر	ایمان	اور فرمانبرداری	مومنوں میں سے کچھ	مرد ہیں جنہوں نے	سچ کر دکھایا

ایمانی و فرمانبرداری میں اور اضافہ کردیا۔ ایمان والوں میں سے کچھ ایسے سچے لوگ ہیں جنہوں نے سچ کر دکھایا

مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ

مَا	عَاهَدُوا	اللّٰهَ	عَلَيْهِ	فَمِنْهُمْ	مَّنْ	قَضٰى	نَحْبَهٗ
جو	عہد کیا تھا انہوں نے	اللہ سے	اس کا	تو بعض ان سے	وہ ہیں جو	پوری کر چکے	نذر اپنی

اس عہد کو جو اللہ سے کیا تھا تو ان میں سے کوئی تو اپنی نذر پوری کر چکا

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۖ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾ لِّيَجْزِيَ اللّٰهُ

وَ	مِنْهُمْ	مَّنْ	يَّنْتَظِرُ	وَ	مَا	بَدَّلُوْا	تَبْدِيْلًا	لِّيَجْزِيَ	اللّٰهُ
اور	بعض ان سے	وہ ہیں جو	منتظر ہیں	اور	نہ	تبدیل کی انہوں نے	کوئی تبدیلی	تاکہ بدلہ دے	اللہ

اور ان میں سے کوئی انتظار کر رہا ہے اور انہوں نے ردوبدل نہیں کیا۔ تاکہ اللہ

الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ

الصّٰدِقِيْنَ	بِصِدْقِهِمْ	وَ	يُعَذِّبَ	الْمُنٰفِقِيْنَ	اِنْ	شَآءَ
سچوں کو	ان کے سچ کا	اور	سزا دے	منافقوں کو	اگر	چاہے

سچوں کو ان کے سچ کا اجر عطا فرمائے اور اگر چاہے منافقوں کو عذاب دے

Marfat.com

أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ ط إِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿۲۴﴾ ج

أَوْ	يَتُوبَ	عَلَيْهِمْ	إِنَّ	اللَّهَ	كَانَ	غَفُورًا	رَّحِيمًا
یا	توبہ قبول کرے	ان کی	بیشک	اللہ	ہے	بخشنے والا	مہربان

یا ان پر رجوع برحمت ہو بے شک اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔

وَرَدَّ اللَّهُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوا خَيْرًا ط

وَ	رَدَّ	اللَّهُ	الَّذِينَ	كَفَرُوا	بِغَيْظِهِمْ	لَمْ	يَنَالُوا	خَيْرًا
اور	لوٹا دیا	اللہ نے	ان کو	جو کافر ہیں	انکے غصے کے ساتھ	نہ	پائی انہوں نے	کوئی بھلائی

اور اللہ تعالیٰ نے اُن لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا اُن کے غصے کے ساتھ پھیر دیا۔

وَكَفَى اللَّهُ الْمُؤْمِنِينَ الْقِتَالَ ط وَكَانَ اللَّهُ قَوِيًّا

وَ	كَفَى	اللَّهُ	الْمُؤْمِنِينَ	الْقِتَالَ	وَ	كَانَ	اللَّهُ	قَوِيًّا
اور	کفایت کی	اللہ نے	مومنوں سے	لڑائی کی	اور	ہے	اللہ	زبردست

وہ کوئی فائدہ حاصل نہ کر سکے۔ اور مومنوں کی طرف سے لڑنے کے لیے اللہ تعالیٰ کافی ہو گیا اور اللہ تعالیٰ قوت

عَزِيزًا ﴿۲۵﴾ ج وَأَنْزَلَ الَّذِينَ ظَاهَرُوهُمْ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ

عَزِيزًا	وَ	أَنْزَلَ	الَّذِينَ	ظَاهَرُوهُمْ	مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ
عزت والا	اور	اتارا	ان کو جنہوں نے	مدد کی ان کی	اہل کتاب میں سے

والا زبردست ہے۔ اور جن اہل کتاب نے ان کی مدد کی تھی

مِنْ صَيَاصِيهِمْ وَقَذَفَ فِي قُلُوبِهِمُ الرُّعْبَ

مِنْ	صَيَاصِيهِمْ	وَ	قَذَفَ	فِي قُلُوبِهِمُ	الرُّعْبَ
ان کے	قلعوں سے	اور	ڈالا	ان کے دلوں میں	رعب

انہیں ان کے قلعوں سے اُتارا اور ان کے دلوں میں رعب ڈالا ان میں

Marfat.com

فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ وَ تَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ﴿۲۶﴾ وَاَوْرَثَكُمْ

فَرِيْقًا	تَقْتُلُوْنَ	وَ	تَاْسِرُوْنَ	فَرِيْقًا	وَاَوْرَثَكُمْ
ایک گروہ کو	تم قتل کرتے ہو	اور	قید کرتے ہو	ایک گروہ کو	اور وارث بنایا تم کو

ایک گروہ کو قتل کرتے ہو اور ایک گروہ کو قید۔ اور تمہیں ان کی زمین

اَرْضَهُمْ وَ دِيَارَهُمْ وَ اَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا لَّمْ

اَرْضَهُمْ	وَ	دِيَارَهُمْ	وَ	اَمْوَالَهُمْ	وَاَرْضًا	لَّمْ
ان کی زمین کا	اور	ان کے گھروں کا	اور	ان کے مالوں کا	اور زمین کا	نہ

ان کے گھروں ان کے مالوں اور اس زمین کا جسے تم نے پامال بھی نہیں

ع ۲ تَطَـُٔوْهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرًا ﴿۲۷﴾

تَطَـُٔوْهَا	وَكَانَ	اللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ	شَیْءٍ	قَدِيْرًا
روندا تم نے اسکو	اور ہے	اللہ	اوپر	ہر	چیز کے	قادر

کیا وارث بنا دیا اور اللہ ہر بات پر قادر ہے۔

يٰۤاَيُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ

يٰۤاَيُّهَا	النَّبِیُّ	قُلْ	لِّاَزْوَاجِكَ	اِنْ	كُنْتُنَّ	تُرِدْنَ
اے	غیب بتانے والے نبی	فرمادیں	اپنی بیویوں سے	اگر	ہو تم	چاہتی

اے غیب کی خبریں بتانے والے محبوب ﷺ! اپنی بیویوں سے فرمادیں کہ اگر تم

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَ زِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَ

الْحَيٰوةَ	الدُّنْيَا	وَ	زِيْنَتَهَا	فَتَعَالَيْنَ	اُمَتِّعْكُنَّ	وَ
زندگی	دنیا کی	اور	اس کی زینت	تو آجاؤ	میں سامان دوں تم کو	اور

دنیا کی زندگی اور اس کی زینت چاہتی ہو تو آؤ! میں تمہیں ساز و سامان دوں

Marfat.com

أُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًا ﴿۲۸﴾ وَإِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَ

أُسَرِّحْكُنَّ	سَرَاحًا	جَمِيلًا	وَ	إِنْ	كُنْتُنَّ	تُرِدْنَ	اللّٰهَ	وَ
چھوڑ دوں تم کو	چھوڑنا	اچھا	اور	اگر	ہو تم	چاہتی	اللہ کو	اور

اور کہیں خوش اسلوبی سے رخصت کردوں۔ اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول

رَسُولَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ فَإِنَّ اللّٰهَ أَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ

رَسُولَهُ	وَ	الدَّارَ	الْآخِرَةَ	فَإِنَّ	اللّٰهَ	أَعَدَّ	لِلْمُحْسِنٰتِ
اس کے رسول کو	اور	گھر	پچھلے کو	تو بیشک	اللہ نے	تیار کیا ہے	نیک عورتوں کیلئے

اور آخرت کے گھر کا ارادہ رکھتی ہو تو بے شک اللہ نے تم میں سے نیکی کرنے والیوں کیلئے

مِنْكُنَّ أَجْرًا عَظِيمًا ﴿۲۹﴾ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنْ يَّأْتِ

مِنْكُنَّ	أَجْرًا	عَظِيمًا	يٰنِسَآءَ	النَّبِيِّ	مَنْ	يَّأْتِ
تم میں سے	اجر	بڑا	اے عورتوں	نبی کی	جو	ارتکاب کرے

بہت بڑا اجر تیار کیا ہے۔ اے نبی کی بیویو اگر تم میں سے کوئی

مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ

مِنْكُنَّ	بِفَاحِشَةٍ	مُّبَيِّنَةٍ	يُّضٰعَفْ	لَهَا	الْعَذَابُ
تم میں سے	بے حیائی	کھلی کا	دُگنا ملے	اس کو	عذاب

حیا کیخلاف کھلی جرأت کرے اسے دُگنا عذاب دیا جائے گا

ضِعْفَيْنِ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيرًا ﴿۳۰﴾

ضِعْفَيْنِ	وَ	كَانَ	ذٰلِكَ	عَلَى	اللّٰهِ	يَسِيرًا
کئی گنا	اور	ہے	یہ	اوپر	اللہ کے	آسان

اور یہ اللہ پر بہت آسان ہے۔

Marfat.com

وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا

وَ	مَنْ	يَّقْنُتْ	مِنْكُنَّ	لِلّٰهِ	وَ	رَسُوْلِهٖ	وَ	تَعْمَلْ	صَالِحًا	نُّؤْتِهَآ	اَجْرَهَا
اور	جو	فرمانبردار ہے	تم میں سے	اللہ کا	اور	اسکے رسول کا	اور	عمل کرتا ہے	اچھے	ہم دینگے ہم اسکو	اس کا اجر

اور تم میں سے جو کوئی اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کی فرمانبرداری کرے اور نیک عمل کرے اُس کو ہم اُس کا دوگنا اجر دیں گے۔ اور

مَرَّتَيْنِ ۙ وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا ﴿۳۱﴾ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ

مَرَّتَيْنِ	وَ	اَعْتَدْنَا	لَهَا	رِزْقًا	كَرِيْمًا	يٰنِسَآءَ	النَّبِيِّ	لَسْتُنَّ	كَاَحَدٍ
دگنا	اور	تیار کیا ہے ہم نے	اس کیلئے	رزق	اچھا	اے بیویو	نبی کی	تم نہیں ہو	دوسری

اُس کے لیے ہم نے باعزت رزق تیار کر رکھا ہے۔ اے نبی رحمت کی بیویو! تم دوسری عورتوں میں سے کسی

مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ

مِنَ النِّسَآءِ	اِنِ	اتَّقَيْتُنَّ	فَلَا تَخْضَعْنَ	بِالْقَوْلِ	فَيَطْمَعَ	الَّذِيْ
عورتوں جیسی	اگر	تم پرہیزگار رہو	تو نہ نرمی کرو	بات میں	کہ لالچ کرے گا	وہ کہ

طرح نہیں ہو اگر تم اللہ سے ڈرتی رہو تو (اجنبی مرد سے) بات کرنے میں ایسی نرمی نہ کرنا کہ جسکے

فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ﴿۳۲﴾ ج وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ

فِيْ قَلْبِهٖ	مَرَضٌ	وَّ	قُلْنَ	قَوْلًا	مَّعْرُوْفًا	وَ	قَرْنَ	فِيْ بُيُوْتِكُنَّ
اسکے دل میں	بیماری ہے	اور	کہو	بات	بھلی	اور	ٹھہری رہو	اپنے گھروں میں

دل میں بیماری ہے وہ لالچ کرے اور ہاں اچھی بات کہو۔ اور اپنے گھروں میں قرار سے رہو

وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ

وَ	لَا تَبَرَّجْنَ	تَبَرُّجَ	الْجَاهِلِيَّةِ	الْاُوْلٰى	وَ	اَقِمْنَ	الصَّلٰوةَ	وَ	اٰتِيْنَ	الزَّكٰوةَ
اور	بے پردہ نہ رہو	بے پردگی	جاہلیت	پہلے کی	اور	قائم کرو	نماز	اور	دو	زکوٰۃ

اور پہلے دور جاہلیت میں جس طرح عورتیں بے پردہ ہوتی تھیں تم اپنی زینت ظاہر نہ کرو۔ اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو

Marfat.com

وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ

وَاَطِعْنَ	اللّٰهَ	وَ	رَسُوْلَهٗ	اِنَّمَا	يُرِيْدُ	اللّٰهُ	لِيُذْهِبَ	عَنْكُمُ	الرِّجْسَ
اور حکم مانو	اللہ کا	اور	اسکے رسول کا	اسکے سوا نہیں کہ	چاہتا ہے	اللہ	دور کردے	تم سے	ہر ناپاکی

اور اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کی اطاعت کرو۔ یقیناً اللہ تعالیٰ کا ارادہ ہے کہ تم اہلِ بیت سے ہر قسم کی ناپاکی

اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ۚ ﴿۳۳﴾ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ

اَهْلَ	الْبَيْتِ	وَيُطَهِّرَكُمْ	تَطْهِيْرًا	وَاذْكُرْنَ	مَا	يُتْلٰى	فِيْ بُيُوْتِكُنَّ
اے اہل	بیت	اور پاک کرے تم کو	پاک کرنا	اور یاد کرو	جو	پڑھا جاتا ہے	تمہارے گھروں میں

کو دور کر دے اور تمہیں پوری طرح پاک کر دے۔ اور اللہ کی آیتیں اور حکمت کی باتیں جو تمہارے

مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا ﴿۳۴﴾ ع اِنَّ

مِنْ اٰيٰتِ	اللّٰهِ	وَ	الْحِكْمَةِ	اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	لَطِيْفًا	خَبِيْرًا	اِنَّ
آیات	الٰہی سے	اور	حکمت سے	بیشک	اللہ	ہے	باریک بین	خبردار	بیشک

گھروں میں سنائی جاتی ہیں انہیں یاد کرتی رہو بے شک اللہ باریک بین اور باخبر ہے۔ بے شک

الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ

الْمُسْلِمِيْنَ	وَ	الْمُسْلِمٰتِ	وَالْمُؤْمِنِيْنَ	وَ	الْمُؤْمِنٰتِ	وَالْقٰنِتِيْنَ
مسلمان مرد	اور	مسلمان عورتیں	اور ایمان لانے والے مرد	اور	ایمان لانے والی عورتیں	اور عاجزی کرنے والے مرد

مسلمان مرد اور اور مسلمان عورتیں اور ایمان والے مرد اور ایمان والی عورتیں

وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ

وَالْقٰنِتٰتِ	وَالصّٰدِقِيْنَ	وَالصّٰدِقٰتِ	وَالصّٰبِرِيْنَ	وَالصّٰبِرٰتِ
اور عاجزی کرنے والی عورتیں	اور سچ بولنے والے مرد	اور سچ بولنے والی عورتیں	اور صبر کرنے والے مرد	اور صبر کرنے والی عورتیں

اور فرمانبردار مرد اور فرمانبردار عورتیں اور سچے مرد اور سچی عورتیں اور صبر کرنے والے مرد

Marfat.com

وَالْخٰشِعِيْنَ وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ

وَالْخٰشِعِيْنَ	وَالْخٰشِعٰتِ	وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ	وَالْمُتَصَدِّقٰتِ
اور عاجزی کرنیوالے مرد	اور عاجزی کرنیوالی عورتیں	اور صدقہ کرنے والے مرد	اور صدقہ کرنے والی عورتیں

اور صبر کرنے والی عورتیں اور عاجزی کرنے والے مرد اور عاجزی کرنے والی عورتیں اور صدقہ دینے والے مرد

وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ وَالْحٰفِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ

وَالصَّآئِمِيْنَ	وَالصّٰٓئِمٰتِ	وَالْحٰفِظِيْنَ	فُرُوْجَهُمْ	وَالْحٰفِظٰتِ
اور روزہ رکھنے والے مرد	اور روزہ رکھنے والی عورتیں	اور حفاظت کرنے والے مرد	اپنی شرمگاہوں کی	اور حفاظت کرنے والی عورتیں

اور صدقہ دینے والی عورتیں اور روزے دار مرد اور روزے دار عورتیں اور شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے

وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ ۙ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا

وَ	الذّٰكِرِيْنَ	اللّٰهَ	كَثِيْرًا	وَّ	الذّٰكِرٰتِ	اَعَدَّ	اللّٰهُ	لَهُمْ	مَّغْفِرَةً	وَّ	اَجْرًا
اور	یاد کرنیوالے	اللہ کو	بہت	اور	یاد کرنیوالیاں	تیار کر رکھا ہے	اللہ نے	ان کیلئے	بخشش	اور	اجر

والی عورتیں اور اللہ کو بہت یاد کرنے والے مرد اور (اللہ کو بہت) یاد کرنے والی عورتیں اللہ نے ان (سب) کیلئے بخشش اور بہت بڑا

عَظِيْمًا ﴿٣٥﴾ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ

عَظِيْمًا	وَ	مَا	كَانَ	لِمُؤْمِنٍ	وَّ	لَا	مُؤْمِنَةٍ	اِذَا	قَضَى	اللّٰهُ	وَ	رَسُوْلُهٗ
بڑا	اور	نہیں	ہے	واسطے کسی مومن مرد	اور	نہ	مومن عورت کے	جب کہ	فیصلہ فرمادے	اللہ	اور	اس کا رسول

ثواب تیار کیا ہے۔ اور نہ کسی مسلمان مرد اور نہ کسی مسلمان عورت کو یہ حق ہے کہ جب اللہ اور اس کے رسول

اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ۭ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ

اَمْرًا	اَنْ	يَّكُوْنَ	لَهُمُ	الْخِيَرَةُ	مِنْ اَمْرِهِمْ	وَ	مَنْ	يَّعْصِ	اللّٰهَ
کسی کام کا	یہ کہ	ہو	ان کیلئے	اختیار	ان کے کام کا	اور	جو	نافرمانی کرے	اللہ کی

ایک کام کا فیصلہ فرما دیں تو اس کے بعد بھی ان کیلئے اپنے (اس) کام میں کوئی اختیار ہو اور جو نافرمانی کرے

Marfat.com

وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِیْنًا ﴿۳۶﴾ وَ اِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ

وَ	رَسُوْلَهٗ	فَقَدْ	ضَلَّ	ضَلٰلًا	مُّبِیْنًا	وَ	اِذْ	تَقُوْلُ	لِلَّذِیْٓ	اَنْعَمَ	اللّٰهُ
اور	اسکے رسول کی	بیشک	گمراہ ہوا	گمراہی	کھلی	اور	جب	آپ فرماتے تھے	اس کو کہ	انعام کیا	اللہ نے

اللہ اور اس کے رسول کی تو بے شک وہ کھلی گمراہی میں بہک گیا۔ اور اے محبوب ﷺ! یاد کیجئے جب آپ اس شخص زید بن

عَلَیْهِ وَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِ اَمْسِكْ عَلَیْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ

عَلَیْهِ	وَاَنْعَمْتَ	عَلَیْهِ	اَمْسِكْ	عَلَیْكَ	زَوْجَكَ	وَاتَّقِ	اللّٰهَ
اس پر	اور انعام کیا آپ نے	اس پر	روک رکھ	اپنے لیے	اپنی بیوی	اور ڈر	اللہ سے

حارث سے فرماتے تھے جسے اللہ نے نعمت دی اور آپ نے اسے نعمت دی کہ اپنی بیوی زینب اپنے پاس

وَ تُخْفِیْ فِیْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِیْهِ وَ تَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ

وَتُخْفِیْ	فِیْ نَفْسِكَ	مَا	اللّٰهُ	مُبْدِیْهِ	وَ	تَخْشَى	النَّاسَ	وَاللّٰهُ	اَحَقُّ
اور آپ چھپاتے تھے	اپنے دل میں	جو	اللہ	ظاہر کرنے والا تھا	اور	آپ کو اندیشہ تھا	لوگوں سے	اور اللہ	زیادہ حقدار ہے

رہنے دے اور اللہ سے ڈر اور تم اپنے دل میں رکھتے تھے جسے اللہ کا ظاہر کرنا منظور تھا اور تمہیں لوگوں کے طعنے کا

اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ فَلَمَّا قَضٰى زَیْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَیْ

اَنْ	تَخْشٰىهُ	فَلَمَّا	قَضٰى	زَیْدٌ	مِّنْهَا	وَطَرًا	زَوَّجْنٰكَهَا	لِكَیْ
یہ کہ	ڈرتے آپ اس سے	تو جب	پوری کرلی	زید نے	اس سے	حاجت	تو ہم نے وہ آپ کے نکاح میں دیدی	تاکہ

اندیشہ تھا اور اللہ زیادہ حق دار ہے کہ اس کا خوف رکھو پھر جب زید نے اسے طلاق دے کر اپنے سے الگ کرلیا

لَا یَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ حَرَجٌ فِیْٓ اَزْوَاجِ اَدْعِیَآىِٕهِمْ اِذَا قَضَوْا

لَا	یَكُوْنَ	عَلَى	الْمُؤْمِنِیْنَ	حَرَجٌ	فِیْٓ اَزْوَاجِ	اَدْعِیَآىِٕهِمْ	اِذَا	قَضَوْا
نہ	ہو	اوپر	مومنوں کے	تنگی	بیویوں میں	ان کے لے پالکوں کی	جبکہ	پوری کریں

تو ہم نے وہ تمہارے نکاح میں دے دی کہ مسلمانوں پر کچھ حرج نہ رہے ان کے لے پالکوں کی بیویوں

Marfat.com

مِنْهُنَّ وَطَرًا ۭ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿٣٧﴾ مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ

مِنْهُنَّ	وَطَرًا	وَ	كَانَ	اَمْرُ	اللّٰهِ	مَفْعُوْلًا	مَا	كَانَ	عَلَى	النَّبِيِّ	مِنْ
ان سے	حاجت	اور	ہے	حکم	اللہ کا	پورا ہونے والا	نہیں	ہے	اوپر	نبی کے	کوئی

میں جب اُن سے اُن کا طلاق وعدت کا کام ختم ہو جائے اور اللہ کا حکم ہو کر رہتا ہے۔ نبی ﷺ کیلئے اس میں کوئی حرج نہیں جو اللہ

حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ۭ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۭ

حَرَجٍ	فِيْمَا	فَرَضَ	اللّٰهُ	لَهٗ	سُنَّةَ	اللّٰهِ	فِي	الَّذِيْنَ	خَلَوْا	مِنْ قَبْلُ
حرج	اس میں جو	مقرر کر دیا	اللہ نے	اس کیلئے	دستور	اللہ کا	میں	ان جو	گزرے	پہلے

تعالیٰ نے اُن کیلئے فرض کر دیا ہو۔ اللہ تعالیٰ کا دستور ہے اُن لوگوں کے بارے میں جو اس سے پہلے گزر چکے۔

وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرَا ۙ ﴿٣٨﴾ الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ

وَ	كَانَ	اَمْرُ	اللّٰهِ	قَدَرًا	مَّقْدُوْرَا	الَّذِيْنَ	يُبَلِّغُوْنَ	رِسٰلٰتِ	اللّٰهِ
اور	ہے	حکم	اللہ کا	مقرر کیا ہوا	اندازہ	وہ جو	پہنچاتے ہیں	پیغام	اللہ کا

اور اللہ تعالیٰ کا حکم ایک قطعی طے شدہ فیصلہ ہوتا ہے۔ وہ لوگ اللہ کے پیغامات پہنچاتے تھے

وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ﴿٣٩﴾

وَيَخْشَوْنَهٗ	وَ	لَا	يَخْشَوْنَ	اَحَدًا	اِلَّا	اللّٰهَ	وَ	كَفٰى	بِاللّٰهِ	حَسِيْبًا
اور ڈرتے ہیں اس سے	اور	نہیں	ڈرتے	کسی اور سے	سوا	اللہ کے	اور	کافی ہے	اللہ	حساب لینے والا

اور اس کا ڈر رکھتے تھے کسی سے نہیں ڈرتے تھے اور حساب لینے کیلئے اللہ کافی ہے۔

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ

مَا	كَانَ	مُحَمَّدٌ	اَبَآ	اَحَدٍ	مِّنْ رِّجَالِكُمْ	وَلٰكِنْ	رَّسُوْلَ	اللّٰهِ
نہیں	ہیں	محمد ﷺ	باپ	کسی کے	تمہارے مردوں میں سے	اور لیکن	رسول ہیں	اللہ کے

محمد ﷺ تم مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں لیکن وہ اللہ کے رسول ﷺ ہیں

Marfat.com

وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۴۰﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ع ۵

وَ	خَاتَمَ	النَّبِيّٖنَ	وَ	كَانَ	اللّٰهُ	بِكُلِّ	شَيْءٍ	عَلِيْمًا	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا
اور	ختم کرنیوالے ہیں	نبیوں کے	اور	ہے	اللہ	ہر	چیز کا	جاننے والا	اے	وہ جو	ایمان لائے ہو

اور خاتم النبیین ہیں اور اللہ ہر بات کا علم رکھتا ہے۔ اے ایمان والو! تم

اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ﴿۴۱﴾ وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿۴۲﴾ هُوَ الَّذِيْ

اذْكُرُوا	اللّٰهَ	ذِكْرًا	كَثِيْرًا	وَّ	سَبِّحُوْهُ	بُكْرَةً	وَّ	اَصِيْلًا	هُوَ	الَّذِيْ
ذکر کرو	اللہ کا	ذکر	بہت	اور	پاکی بولو اس کی	صبح	اور	شام	وہ	وہ ہے جو

اللہ تعالیٰ کو بہت یاد کیا کرو۔ اور اس کی تسبیح بیان کیا کرو صبح اور شام۔ وہی ہے جو

يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ

يُصَلِّيْ	عَلَيْكُمْ	وَ	مَلٰٓئِكَتُهٗ	لِيُخْرِجَكُمْ	مِّنَ الظُّلُمٰتِ	اِلَى	النُّوْرِ
درود بھیجتا ہے	تم پر	اور	اسکے فرشتے	تا کہ تم کو نکالے	اندھیروں سے	طرف	روشنی کی

تم پر درود بھیجتا ہے اور اُس کے فرشتے بھی تا کہ وہ تمہیں تاریکیوں سے نکال کر روشنی کی طرف لائے۔

وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ﴿۴۳﴾ تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۚۖ وَاَعَدَّ

وَ	كَانَ	بِالْمُؤْمِنِيْنَ	رَحِيْمًا	تَحِيَّتُهُمْ	يَوْمَ	يَلْقَوْنَهٗ	سَلٰمٌ	وَ	اَعَدَّ
اور	ہے وہ	مومنوں پر	مہربان	ان کا تحفہ	جس دن	ملیں گے اسے	سلام ہوگا	اور	تیار کیا ہے

اور وہ مومنوں پر رحم کرنے والا ہے۔ اُن کا استقبال سلام سے ہوگا جس دن وہ اُس سے ملیں گے۔ اور اللہ تعالیٰ نے

لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ﴿۴۴﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا

لَهُمْ	اَجْرًا	كَرِيْمًا	يٰۤاَيُّهَا	النَّبِيُّ	اِنَّآ	اَرْسَلْنٰكَ	شَاهِدًا	وَّ	مُبَشِّرًا
ان کیلئے	اجر	اچھا	اے	غیب کی خبریں بتانے والے نبی	بیشک	بھیجا ہم نے آپ کو	حاضر ناظر	اور	خوشخبری دیتا

اُن کے لیے باعزت اجر تیار کر رکھا ہے۔ اے غیب کی خبریں بتانے والے نبی ﷺ! ہم نے آپ کو گواہی دینے والا خوشخبری

Marfat.com

وَّنَذِيرًا ﴿٤٥﴾ وَّدَاعِيًا إِلَى اللَّهِ بِإِذْنِهِ وَسِرَاجًا مُّنِيرًا ﴿٤٦﴾ وَبَشِّرِ

وَ	نَذِيرًا	وَّ	دَاعِيًا	إِلَى	اللَّهِ	بِإِذْنِهِ	وَ	سِرَاجًا	مُّنِيرًا	وَ	بَشِّرِ
اور	ڈرسناتا	اور	بلانے والا	طرف	اللہ کی	اسکے حکم سے	اور	چراغ	روشن	اور	خوشخبری دو

دینے اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔ اللہ کے اذن سے اللہ کی طرف بلانے والا اور منور کرنے والا آفتاب (بنا کر بھیجا)۔ اور ایمان

الْمُؤْمِنِينَ بِأَنَّ لَهُم مِّنَ اللَّهِ فَضْلًا كَبِيرًا ﴿٤٧﴾ وَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ

الْمُؤْمِنِينَ	بِأَنَّ	لَهُم	مِّنَ اللَّهِ	فَضْلًا	كَبِيرًا	وَ	لَا	تُطِعِ	الْكَافِرِينَ
مومنوں کو	کہ بیشک	ان کیلئے ہے	اللہ کی طرف سے	فضل	بڑا	اور	نہ	کہنا مانو	کافروں کا

والوں کو خوشخبری سنا دیجئے کہ ان کیلئے اللہ کا بڑا فضل ہے۔ اور آپ کافروں اور منافقوں کی بات نہ مانیں

وَالْمُنَافِقِينَ وَدَعْ أَذَاهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ وَكِيلًا ﴿٤٨﴾

وَالْمُنَافِقِينَ	وَدَعْ	أَذَاهُمْ	وَ	تَوَكَّلْ	عَلَى	اللَّهِ	وَ	كَفَىٰ	بِاللَّهِ	وَكِيلًا
اور منافقوں کا	اور درگزر کرو	انکی تکلیف دہی کو	اور	بھروسہ کرو	اوپر	اللہ کے	اور	کافی ہے	اللہ	کارساز

اور ان کے تکلیف پہنچانے کو نظر انداز فرما دیں اور اللہ پر بھروسہ رکھیں اور اللہ کافی ہے کارساز۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِن قَبْلِ

يَا أَيُّهَا	الَّذِينَ	آمَنُوا	إِذَا	نَكَحْتُمُ	الْمُؤْمِنَاتِ	ثُمَّ	طَلَّقْتُمُوهُنَّ	مِن قَبْلِ
اے	وہ جو	ایمان لائے ہو	جب	نکاح کرو تم	مومن عورتوں سے	پھر	طلاق دو ان کو	پہلے

اے ایمان والو! جب تم مسلمان عورتوں سے نکاح کرو پھر انہیں چھونے سے پہلے چھوڑ دو

أَن تَمَسُّوهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّونَهَا ۖ

أَن	تَمَسُّوهُنَّ	فَمَا	لَكُمْ	عَلَيْهِنَّ	مِنْ	عِدَّةٍ	تَعْتَدُّونَهَا
اس سے کہ	ہاتھ لگاؤ تم ان کو	تو نہیں	تمہارے لیے	ان پر	کوئی	عدت	کہ تم انکی عدت شمار کرو

تو تمہارے لئے ان پر کچھ عدت نہیں جسے تم پورا کرو بس انہیں

Marfat.com

فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۲۹﴾ يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ

فَمَتِّعُوْهُنَّ	وَسَرِّحُوْهُنَّ	سَرَاحًا	جَمِيْلًا	يٰاَيُّهَا	النَّبِيُّ	اِنَّآ
تو فائدہ دو ان کو	اور چھوڑ دو ان کو	چھوڑنا	اچھا	اے	غیب بتانے والے نبی	بیشک ہم نے

خوب فائدہ دو اور اچھی طرح سے رخصت کردو۔ اے غیب کی خبریں بتانے والے

اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ

اَحْلَلْنَا	لَكَ	اَزْوَاجَكَ	الّٰتِيْٓ	اٰتَيْتَ	اُجُوْرَهُنَّ	وَ	مَا	مَلَكَتْ
حلال کیں	تمہارے لیے	تمہاری بیویاں	وہ کہ	دیا تم نے	مہر ان کا	اور	جو	ملکیت میں آئیں

نبی ﷺ! ہم نے آپ کیلئے وہ بیویاں حلال کی ہیں جن کا حق مہر آپ ادا کر چکے ہیں اور اسی طرح وہ عورتیں

يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ

يَمِيْنُكَ	مِمَّآ	اَفَآءَ	اللّٰهُ	عَلَيْكَ	وَ	بَنٰتِ	عَمِّكَ	وَ	بَنٰتِ	عَمّٰتِكَ	وَ	بَنٰتِ
تمہارے ہاتھ میں	اس سے جو	غنیمت دی	اللہ نے	تمہیں	اور	بیٹیاں	تمہارے چچا کی	اور	بیٹیاں	تمہاری پھوپھیوں کی	اور	بیٹیاں

جو آپ کی ملک میں اُس مالِ غنیمت کے ذریعے آئی ہیں جو اللہ نے عطا کیا اور آپ کے چچا کی بیٹیاں

خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ هَاجَرْنَ مَعَكَ ۫ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً

خَالِكَ	وَ	بَنٰتِ	خٰلٰتِكَ	الّٰتِيْ	هَاجَرْنَ	مَعَكَ	وَامْرَاَةً	مُّؤْمِنَةً
تمہارے ماموں کی	اور	بیٹیاں	تمہاری خالاؤں کی	وہ جنہوں نے	ہجرت کی	تمہارے ساتھ	اور عورت	مومن

اور پھوپھیوں کی بیٹیاں اور ماموؤں کی بیٹیاں اور خالاؤں کی بیٹیاں اور جنہوں نے آپ کے معیت

اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ۚ خَالِصَةً

اِنْ	وَّهَبَتْ	نَفْسَهَا	لِلنَّبِيِّ	اِنْ	اَرَادَ	النَّبِيُّ	اَنْ	يَّسْتَنْكِحَهَا	خَالِصَةً
اگر	نذر کرے	اپنا نفس	نبی کو	اگر	چاہے	نبی	یہ کہ	نکاح کرے	یہ خاص اجازت

میں ہجرت کی ہے اور جس وقت کوئی ایمان والی عورت اپنے آپ کو نبی کیلئے ہبہ کر دے اگر نبی چاہیں

Marfat.com

لَكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ

لَكَ	مِنْ دُوْنِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	قَدْ	عَلِمْنَا	مَا	فَرَضْنَا	عَلَيْهِمْ
آپ کیلئے	سوائے	مومنوں کے	بیشک	ہم نے جانا	جو	فرض کیا ہم نے	ان پر

تو اُس سے نکاح کر سکتے ہیں یہ خاص آپ کے لیے ہے نہ کہ دوسرے مومنوں کیلئے بیشک ہم جانتے ہیں کہ

فِيْٓ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ؕ

فِيْٓ اَزْوَاجِهِمْ	وَ	مَا	مَلَكَتْ	اَيْمَانُهُمْ	لِكَيْلَا	يَكُوْنَ	عَلَيْكَ	حَرَجٌ
بیویوں کے بارے میں	اور	جو	مالک ہیں	ان کے ہاتھ	تاکہ نہ	ہو	تم پر	تنگی

ہم نے ان کی بیویوں اور کنیزوں کے لیے کیا چیز فرض کر رکھی ہے یہ اس لیے ہے کہ آپ کی حرج میں مبتلا نہ ہوں

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۵۰﴾ تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْٓ

وَكَانَ	اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا	تُرْجِيْ	مَنْ	تَشَآءُ	مِنْهُنَّ	وَتُـْٔوِيْٓ
اور ہے	اللہ	بخشنے والا	مہربان	آپ الگ کریں	جسے	چاہیں	ان میں سے	اور قریب رکھیں

اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا انتہائی مہربان ہے۔ آپ ان بیویوں میں سے جس کو چاہیں الگ کر دیں اور جس کو چاہیں

اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ؕ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ

اِلَيْكَ	مَنْ	تَشَآءُ	وَ	مَنِ	ابْتَغَيْتَ	مِمَّنْ	عَزَلْتَ	فَلَا	جُنَاحَ
اپنی طرف	جسے	چاہیں	اور	جسے	طلب کریں	ان سے جنہیں	دور کیا	تو نہیں	گناہ

اپنے پاس جگہ دے دیں۔ اور جس کو آپ اپنے پاس طلب کریں اُن میں سے جن کو آپ نے الگ کر دیا تھا

عَلَيْكَ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ تَقَرَّ اَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَآ

عَلَيْكَ	ذٰلِكَ	اَدْنٰٓى	اَنْ	تَقَرَّ	اَعْيُنُهُنَّ	وَ	لَا	يَحْزَنَّ	وَ	يَرْضَيْنَ	بِمَآ
آپ پر	یہ	بہت قریب ہے	یہ کہ	ٹھنڈی رہیں	انکی آنکھیں	اور	نہ	غم کھائیں	اور	خوش رہیں	اس پر جو

تو آپ پر کوئی گناہ نہیں۔ یہ اس بات کے زیادہ قریب ہے کہ اُن کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں گی اور وہ رنجیدہ نہیں ہوں گی

Marfat.com

اٰتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِىْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا

اٰتَيْتَهُنَّ	كُلُّهُنَّ	وَ	اللّٰهُ	يَعْلَمُ	مَا	فِىْ قُلُوْبِكُمْ	وَ	كَانَ	اللّٰهُ	عَلِيْمًا
عطا فرماؤ انہیں	سب کو	اور	اللہ	جانتا ہے	جو	تمہارے دلوں میں ہے	اور	ہے	اللہ	جاننے والا

اور وہ اس پر راضی رہیں گی جو کچھ بھی آپ اُن سب کو دیں گے۔ اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اللہ تعالیٰ جانتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ علم

حَلِيْمًا ﴿۵۱﴾ لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنْۢ بَعْدُ وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ

حَلِيْمًا	لَا	يَحِلُّ	لَكَ	النِّسَآءُ	مِنْۢ بَعْدُ	وَ	لَآ	اَنْ	تَبَدَّلَ	بِهِنَّ
حلم والا	نہیں	حلال	تمہارے لیے	عورتیں	ان کے بعد	اور	نہ	یہ کہ	تبدیل کرو تم	انکے ساتھ

والا بُردبار ہے۔ اس کے بعد اور عورتیں تمہارے لئے حلال نہ ہوں گی اور نہ یہ کہ آپ ان کی بجائے

مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ اِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ ؕ وَكَانَ

مِنْ اَزْوَاجٍ	وَّ	لَوْ	اَعْجَبَكَ	حُسْنُهُنَّ	اِلَّا	مَا	مَلَكَتْ	يَمِيْنُكَ	وَ	كَانَ
بیویاں	اور	اگرچہ	پسند آئے تمہیں	ان کا حسن	مگر	جو	مالک ہو	تمہارا ہاتھ	اور	ہے

اور بیویاں بدل لیں اگرچہ ان کا حسن آپ کو کتنا ہی اچھا معلوم ہو سوائے ان کے جن پر (جنگ میں) تمہارا

اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ رَّقِيْبًا ﴿۵۲﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا ع

اللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ	شَىْءٍ	رَّقِيْبًا	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا	تَدْخُلُوْا
اللہ	اوپر	ہر	شے کے	نگہبان ہے	اے	وہ جو	ایمان لائے ہو	نہ	داخل ہو

قبضہ ہو جائے اور اللہ ہر بات کا نگران ہے۔ اے ایمان والو! نبی کے گھروں میں داخل نہ ہو جب تک تمہیں

بُيُوْتَ النَّبِىِّ اِلَّآ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ ۙ

بُيُوْتَ	النَّبِىِّ	اِلَّآ	اَنْ	يُّؤْذَنَ	لَكُمْ	اِلٰى طَعَامٍ	غَيْرَ	نٰظِرِيْنَ	اِنٰىهُ
گھروں میں	نبی کے	مگر	یہ کہ	اجازت ہو	تم کو	کھانے کیلئے	نہ	انتظار کرنیوالے	اسکے پکنے کا

کھانے کیلئے نہ بلایا جائے کھانا پکنے کا انتظار نہ کرتے رہو ہاں جب بلائے جاؤ تو آجاؤ

Marfat.com

وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ

وَ	لٰكِنْ	اِذَا	دُعِيْتُمْ	فَادْخُلُوْا	فَاِذَا	طَعِمْتُمْ	فَانْتَشِرُوْا	وَ	لَا	مُسْتَاْنِسِيْنَ
اور	لیکن	جب	بلائے جاؤ تم	تو داخل ہو	تو جب	کھالو	تو چلے جاؤ	اور	نہ	دل بہلانے والے

پھر جب کھانا کھا چکو تو (فوراً) منتشر ہو جاؤ اور (وہاں بیٹھے) باتوں میں دل نہ

لِحَدِيْثٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ۡ وَاللّٰهُ

لِحَدِيْثٍ	اِنَّ	ذٰلِكُمْ	كَانَ	يُؤْذِي	النَّبِيَّ	فَيَسْتَحْيٖ	مِنْكُمْ	وَ	اللّٰهُ
باتوں میں	بیشک	یہ	ہے	تکلیف دیتا	نبی کو	تو وہ شرماتے ہیں	تم سے	اور	اللہ

بہلاؤ بے شک یہ نبی کو تکلیف دیتا ہے تو وہ تم سے شرماتے ہیں اور اللہ حق فرمانے سے حیا

لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ۭ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْــَٔـلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَاۗءِ

لَا	يَسْتَحْيٖ	مِنَ الْحَقِّ	وَ	اِذَا	سَاَلْتُمُوْهُنَّ	مَتَاعًا	فَسْــَٔـلُوْهُنَّ	مِنْ وَّرَاۗءِ
نہیں	شرماتا	حق کہنے سے	اور	جب	مانگو تم ان سے کوئی	سامان	تو مانگو ان سے	پیچھے

نہیں فرماتا اور جب تم نبی کی بیویوں سے کوئی سامان مانگو تو پردے کے پیچھے سے مانگو یہ تمہارے دلوں

حِجَابٍ ۭ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ۭ وَمَا كَانَ لَكُمْ

حِجَابٍ	ذٰلِكُمْ	اَطْهَرُ	لِقُلُوْبِكُمْ	وَ	قُلُوْبِهِنَّ	وَ	مَا	كَانَ	لَكُمْ
پردے کے	یہ	بہت پاکیزہ ہے	تمہارے دلوں کیلئے	اور	انکے دلوں کیلئے	اور	نہیں	ہے	تمہارا حق

اور ان کے دلوں کیلئے بہت ہی پاکیزگی کا سبب ہے اور تمہیں لائق نہیں کہ اللہ کے رسول کو تکلیف پہنچاؤ

اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ۭ

اَنْ	تُؤْذُوْا	رَسُوْلَ اللّٰهِ	وَ	لَآ	اَنْ	تَنْكِحُوْٓا	اَزْوَاجَهٗ	مِنْۢ بَعْدِهٖٓ	اَبَدًا
یہ کہ	تکلیف دو	اللہ کے رسول کو	اور	نہ	یہ کہ	نکاح کرو	ان کی بیویوں سے	اس کے بعد	کبھی بھی

اور نہ یہ کہ ان کے بعد بھی ان کی بیویوں سے نکاح کرو (ابد تک) بے شک تمہاری

Marfat.com

اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ﴿۵۳﴾ اِنْ تُبْدُوْا شَيْــًٔا اَوْ تُخْفُوْهُ فَاِنَّ

اِنَّ	ذٰلِكُمْ	كَانَ	عِنْدَ	اللّٰهِ	عَظِيْمًا	اِنْ	تُبْدُوْا	شَيْــًٔا	اَوْ	تُخْفُوْهُ	فَاِنَّ
بیشک	یہ	ہے	نزدیک	اللہ کے	بڑی بات	اگر	تم ظاہر کرو	کسی چیز کو	یا	چھپاؤ اس کو	تو بیشک

یہ بات اللہ کے نزدیک بہت بڑی ہے۔ اگر تم کوئی چیز ظاہر کرو یا اسے چھپاؤ تو بے شک اللہ

اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۵۴﴾ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِيْٓ اٰبَآئِهِنَّ

اللّٰهَ	كَانَ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمًا	لَا	جُنَاحَ	عَلَيْهِنَّ	فِيْٓ اٰبَآئِهِنَّ
اللہ	ہے	ہر چیز کو	جاننے والا	نہیں	گناہ	ان پر	ان کے باپوں میں

ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ (ان لوگوں سے) عورتوں پر پردہ نہ کرنے میں

وَلَآ اَبْنَآئِهِنَّ وَلَآ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ

وَ	لَآ	اَبْنَآئِهِنَّ	وَلَآ	اِخْوَانِهِنَّ	وَ	لَآ	اَبْنَآءِ	اِخْوَانِهِنَّ	وَ	لَآ	اَبْنَآءِ
اور	نہ	انکے بیٹوں کے	اور نہ	انکے بھائیوں کے	اور	نہ	بیٹوں	انکے بھائیوں کے	اور	نہ	بیٹوں

کوئی مضائقہ نہیں ان کے باپ سے اور بیٹوں سے اور بھائیوں سے اور بھتیجوں سے اور بھانجوں سے

اَخَوٰتِهِنَّ وَلَا نِسَآئِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ۭ

اَخَوٰتِهِنَّ	وَلَا	نِسَآئِهِنَّ	وَ	لَا	مَا	مَلَكَتْ	اَيْمَانُهُنَّ	وَ	اتَّقِيْنَ	اللّٰهَ
انکی بہنوں کے	اور نہ	انکی عورتوں کے	اور	نہ	جو	مالک ہیں	انکے ہاتھ	اور	ڈرو	اللہ سے

اور اپنی دین کی عورتوں سے اور اپنی کنیزوں سے اور اللہ سے ڈرتے رہو

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿۵۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ

اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	شَهِيْدًا	اِنَّ	اللّٰهَ	وَ	مَلٰٓئِكَتَهٗ
بیشک	اللہ	ہے	اوپر	ہر	چیز کے	گواہ	بیشک	اللہ	اور	اسکے فرشتے

بے شک ہر چیز اللہ کے سامنے ہے۔ بے شک اللہ اور اس کے فرشتے

Marfat.com

يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۗ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

يُصَلُّوْنَ	عَلَى	النَّبِيِّ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	صَلُّوْا	عَلَيْهِ	وَسَلِّمُوْا
درود بھیجتے ہیں	اوپر	غیب بتانے والے نبی کے	اے	وہ جو	ایمان لائے ہو	درود بھیجو	اس پر	اور سلام ہو

درود بھیجتے ہیں اس غیب بتانے والے (نبی معظم ﷺ) پر اے ایمان والو! تم بھی ان پر درود اور خوب

تَسْلِيْمًا ﴿۵۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا

تَسْلِيْمًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُؤْذُوْنَ	اللّٰهَ	وَ	رَسُوْلَهٗ	لَعَنَهُمُ	اللّٰهُ	فِي الدُّنْيَا
سلام کہنا	بیشک	وہ جو	تکلیف دیتے ہیں	اللہ کو	اور	اسکے رسول کو	لعنت کی ہے ان پر	اللہ نے	دنیا میں

سلام بھیجو۔ جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو ایذا دیتے ہیں اللہ نے ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت کی ہے

وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

وَ	الْاٰخِرَةِ	وَ	اَعَدَّ	لَهُمْ	عَذَابًا	مُّهِيْنًا	وَ	الَّذِيْنَ	يُؤْذُوْنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ
اور	آخرت میں	اور	تیار کیا ہے	ان کیلئے	عذاب	ذلیل کرنے والا	اور	وہ جو	ستاتے ہیں	مومنوں کو

اور ان کیلئے رسوا کن عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اور جو لوگ مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں کو

وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۸﴾ ع

وَ	الْمُؤْمِنٰتِ	بِغَيْرِ	مَا اكْتَسَبُوْا	فَقَدِ	احْتَمَلُوْا	بُهْتَانًا	وَ	اِثْمًا	مُّبِيْنًا
اور	مومن عورتوں کو	بغیر	ان کے کچھ کیے	تو بیشک	اٹھایا انہوں نے	بہتان	اور	گناہ	کھلا

بغیر ان کے کچھ کیے تکلیف دیتے ہیں انہوں نے بے شک بہتان اور کھلے گناہ کا بوجھ اُٹھا لیا۔

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ

يٰۤاَيُّهَا	النَّبِيُّ	قُلْ	لِّاَزْوَاجِكَ	وَ	بَنٰتِكَ	وَ	نِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ	يُدْنِيْنَ
اے	نبی	فرما دیجئے	اپنی بیویوں سے	اور	اپنی بیٹیوں سے	اور	مسلمان عورتوں سے کہ	لٹکا کر رکھیں

اے غیب بتانے والے نبی معظم ﷺ! اپنی بیویوں اور بیٹیوں اور مسلمانوں کی عورتوں کو حکم دیں کہ وہ اپنی

Marfat.com

عَلَيۡهِنَّ مِنۡ جَلَابِيۡبِهِنَّ ؕ ذٰلِكَ اَدۡنٰۤى اَنۡ يُّعۡرَفۡنَ فَلَا يُؤۡذَيۡنَ ؕ

عَلَيۡهِنَّ	مِنۡ جَلَابِيۡبِهِنَّ	ذٰلِكَ	اَدۡنٰۤى	اَنۡ	يُّعۡرَفۡنَ	فَلَا يُؤۡذَيۡنَ
اپنے منہ پر	اپنی چادریں	یہ	بہت قریب ہے	یہ کہ	پہچانی جائیں	تو نہ ستائی جائیں

چادروں کا کچھ حصہ اپنے (منہ) پر لٹکائے رہیں یہ (پردہ) اس کے بہت قریب ہے کہ وہ پہچان لی جائیں تو انہیں تکلیف نہ پہنچائی

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوۡرًا رَّحِيۡمًا ﴿۵۹﴾ لَئِنۡ لَّمۡ يَنۡتَهِ الۡمُنٰفِقُوۡنَ وَالَّذِيۡنَ

وَ	كَانَ	اللّٰهُ	غَفُوۡرًا	رَّحِيۡمًا	لَئِنۡ	لَّمۡ	يَنۡتَهِ	الۡمُنٰفِقُوۡنَ	وَ	الَّذِيۡنَ
اور	ہے	اللہ	بخشنے والا	مہربان	اگر	نہ	باز آئے	منافق	اور	وہ کہ جس کے

جائے اور اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اگر منافق باز نہ آئے اور وہ لوگ جن کے دلوں میں (شک کی) بیماری

فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ وَّالۡمُرۡجِفُوۡنَ فِى الۡمَدِيۡنَةِ لَنُغۡرِيَنَّكَ بِهِمۡ ثُمَّ

فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ	مَّرَضٌ	وَّ	الۡمُرۡجِفُوۡنَ	فِى	الۡمَدِيۡنَةِ	لَنُغۡرِيَنَّكَ	بِهِمۡ	ثُمَّ
ان کے دلوں میں	بیماری ہے	اور	افواہیں اڑانے والے	میں	مدینہ	تو غلبہ دینگے ہم آپ کو	ان پر	پھر

ہے اور مدینہ میں جھوٹی افواہیں اڑانے والے تو (اے محبوب ﷺ) ہم ضرور آپ کو ان پر (اس طرح) مسلط فرما دیں گے کہ اس

لَا يُجَاوِرُوۡنَكَ فِيۡهَاۤ اِلَّا قَلِيۡلًا ﴿۶۰﴾ ۛۚ مَّلۡعُوۡنِيۡنَ ۛۚ اَيۡنَمَا ثُقِفُوۡۤا اُخِذُوۡا معانقة ۱۲

لَا	يُجَاوِرُوۡنَكَ	فِيۡهَاۤ	اِلَّا	قَلِيۡلًا	مَّلۡعُوۡنِيۡنَ	اَيۡنَمَا	ثُقِفُوۡۤا	اُخِذُوۡا
نہ	پاس رہ سکیں گے آپ کے	اس میں	مگر	تھوڑے	لعنتی ہیں	جہاں بھی	پائے جائیں	پکڑے جائیں

کے بعد مدینہ میں وہ آپ کے پاس نہ ٹھہر سکیں گے مگر بہت کم۔ پھٹکارے ہوئے جہاں کہیں ملیں پکڑے جائیں گے اور بری

وَقُتِّلُوۡا تَقۡتِيۡلًا ﴿۶۱﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ فِى الَّذِيۡنَ خَلَوۡا مِنۡ قَبۡلُ ۚ وَلَنۡ تَجِدَ

وَ	قُتِّلُوۡا	تَقۡتِيۡلًا	سُنَّةَ	اللّٰهِ	فِى الَّذِيۡنَ	خَلَوۡا	مِنۡ قَبۡلُ	وَ	لَنۡ	تَجِدَ
اور	قتل کیے جائیں	گن گن کر	دستور ہے	اللہ کا	ان لوگوں میں جو	گزر چکے	پہلے	اور	ہرگز نہ	پاؤ گے تم

طرح قتل کئے جائیں گے۔ اللہ کا دستور چلا آتا ہے ان لوگوں میں جو پہلے گزر گئے اور تم اللہ کا

Marfat.com

لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿٦٢﴾ يَسْئَلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا

لسنة الله	تبديلا	يسئلك	الناس	عن الساعة	قل	انما	علمها
اللہ کے دستور میں	کوئی تبدیلی	پوچھتے ہیں آپ سے	لوگ	قیامت کے متعلق	فرما دیں	اسکے سوا نہیں کہ	اس کا علم

دستور ہرگز بدلتا نہ پاؤ گے۔ لوگ آپ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں۔ فرمائیے کہ یقیناً اس

عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ﴿٦٣﴾ اِنَّ اللّٰهَ

عند الله	و	ما يدريك	لعل	الساعة	تكون قريبا	ان	الله
اللہ کے پاس ہے	اور	تم کیا جانو	شائد	قیامت	قریب ہو	بیشک	اللہ نے

کا علم تو صرف اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔اور تمہیں کیا خبر شاید کہ قیامت قریب ہی ہو؟۔ بے شک اللہ نے

لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَاَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا ﴿٦٤﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ

لعن	الكافرين	و	اعد	لهم	سعيرا	خلدين	فيها	ابدا
لعنت کی	کافروں پر	اور	تیار کیا	ان کیلئے	بھڑکتا جہنم	ہمیشہ رہیں	اس میں	ہمیشہ تک

کافروں پر لعنت کی ہے اور ان کیلئے بھڑکتی آگ تیار کر رکھی ہے۔ وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے (وہاں)

لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿٦٥﴾ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ

لا	يجدون	وليا	و	لا	نصيرا	يوم	تقلب	وجوههم	في النار
نہیں	پائیں گے کوئی	حمایتی	اور	نہ	مددگار	جس دن	الٹ پلٹ ہوں گے	انکے چہرے	آگ میں

نہ پائیں گے کوئی حمایت کرنے والا اور نہ مددگار۔ جس دن ان کے منہ آگ میں پلٹائے جائیں گے بولیں گے

يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ﴿٦٦﴾ وَقَالُوْا رَبَّنَآ

يقولون	يليتنا	اطعنا	الله	و	اطعنا	الرسولا	و	قالوا	ربنا
کہیں گے	اے کاش	ہم حکم مانتے	اللہ کا	اور	حکم مانتے	رسول کا	اور	کہیں گے	اے ہمارے رب

اے کاش ہم اطاعت کرتے اللہ کی اور اطاعت کرتے رسول کی۔ اور کہیں گے اے ہمارے رب!

Marfat.com

اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ﴿۶۷﴾ رَبَّنَآ

اِنَّآ	اَطَعْنَا	سَادَتَنَا	وَكُبَرَآءَنَا	فَاَضَلُّوْنَا	السَّبِيْلَا	رَبَّنَآ
ہم نے	کہا مانا	اپنے سرداروں کا	اور اپنے بڑوں کا	تو گمراہ کیا انہوں نے ہم کو	راہ سے	اے ہمارے رب

ہم اپنے سرداروں اور اپنے بڑوں کے کہنے پر چلے تو انہوں نے ہمیں راستے سے بہکا دیا۔ اے ہمارے رب!

اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيْرًا ﴿۶۸﴾ ع يٰٓاَيُّهَا ع ۸ ۵

اٰتِهِمْ	ضِعْفَيْنِ	مِنَ الْعَذَابِ	وَ	الْعَنْهُمْ	لَعْنًا	كَبِيْرًا	يٰٓاَيُّهَا
دے ان کو	دُگنا	عذاب	اور	لعنت کر ان پر	لعنت	بڑی	اے

انہیں آگ کا دوگنا عذاب دے اور ان پر بڑی لعنت کر۔ اے ایمان والو!

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا	تَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ	اٰذَوْا	مُوْسٰى	فَبَرَّاَهُ	اللّٰهُ	مِمَّا
وہ جو	ایمان لائے ہو	نہ	ہو جاؤ	انکی طرح جنہوں نے	ستایا	موسیٰ کو	تو بری کیا اسے	اللہ نے	اس سے جو

اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے موسیٰ علیہ السلام کو اذیت دی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اُس کی برأت کر دی اُن باتوں سے جو لوگوں

قَالُوْا ؕ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ﴿۶۹﴾ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

قَالُوْا	وَكَانَ	عِنْدَ	اللّٰهِ	وَجِيْهًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا
انہوں نے کہا	اور ہے وہ	پاس	اللہ کے	عزت والا	اے	وہ جو	ایمان لائے ہو

نے ان کے بارے میں کہی تھیں۔ اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ باعزت تھے۔ اے ایمان والو!

اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ﴿۷۰﴾ ۙ يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ

اتَّقُوا	اللّٰهَ	وَقُوْلُوْا	قَوْلًا	سَدِيْدًا	يُصْلِحْ	لَكُمْ	اَعْمَالَكُمْ
ڈرو	اللہ سے	اور کہو	بات	سیدھی	درست کرے گا	تمہارے لیے	تمہارے عمل

اللہ تعالیٰ سے ڈر جاؤ اور سیدھی بات کیا کرو۔ (اللہ) تمہارے لئے تمہارے اعمال کو درست فرما دے گا

Marfat.com

وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ ۗ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا

وَيَغْفِرْ	لَكُمْ	ذُنُوْبَكُمْ	وَ	مَنْ	يُّطِعِ	اللّٰهَ	وَ	رَسُوْلَهٗ	فَقَدْ	فَازَ	فَوْزًا
اور بخشے گا	تم کو	تمہارے گناہ	اور	جو	فرمانبرداری کرے	اللہ کی	اور	اسکے رسول کی	تو بیشک	کامیاب ہوا	کامیابی

اور تمہارے لئے تمہارے گناہوں کو بخش دے گا اور جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے تو بے شک وہ بڑی کامیابی کے ساتھ

عَظِيْمًا ﴿٧١﴾ اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

عَظِيْمًا	اِنَّا	عَرَضْنَا	الْاَمَانَةَ	عَلَى	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
بڑی	بیشک ہم نے	پیش کیا	امانت کو	اوپر	آسمانوں	اور زمین کے

کامیاب ہوا۔ بے شک ہم نے امانت کو پیش کیا آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر تو وہ اس کے اٹھانے

وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا

وَ	الْجِبَالِ	فَاَبَيْنَ	اَنْ	يَّحْمِلْنَهَا	وَ	اَشْفَقْنَ	مِنْهَا	وَ	حَمَلَهَا
اور	پہاڑوں کے	تو انکار کیا انہوں نے	یہ کہ	اٹھائیں اس کو	اور	ڈر گئے	اس سے	اور	اٹھا لیا اس کو

پر آمادہ نہ ہوئے اور اس سے ڈر گئے اور انسان نے اسے اٹھا لیا

الْاِنْسَانُ ۗ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ﴿٧٢﴾ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ

الْاِنْسَانُ	اِنَّهٗ	كَانَ	ظَلُوْمًا	جَهُوْلًا	لِّيُعَذِّبَ	اللّٰهُ
انسان نے	بیشک وہ	ہے	ظالم	نادان	تاکہ سزا دے	اللہ

بے شک وہ بڑی زیادتی کرنے والا نادان ہے۔ تاکہ اللہ عذاب دے

الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ

الْمُنٰفِقِيْنَ	وَالْمُنٰفِقٰتِ	وَالْمُشْرِكِيْنَ	وَالْمُشْرِكٰتِ	وَ	يَتُوْبَ
منافق مردکو	اور منافق عورتوں کو	اور مشرک مردوں کو	اور مشرک عورتوں کو	اور	توبہ قبول کرے

منافق مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو اور اللہ توبہ قبول فرمائے

Marfat.com

اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٧٣﴾ ع

اللّٰهُ	عَلَى	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَ	الْمُؤْمِنٰتِ	وَكَانَ	اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا
اللہ	اوپر	مومنوں کے	اور	مومن عورتوں کے	اور ہے	اللہ	بخشنے والا	مہربان

مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کی اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

اٰیاتھا ۵۴ ﴿۳۴﴾ سُوْرَةُ سَبَاٍ مَّكِّيَّةٌ ﴿۵۸﴾ رکوعاتھا ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَلَهُ الْحَمْدُ

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْ	لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَ	مَا	فِي الْاَرْضِ	وَ	لَهُ	الْحَمْدُ	
سب تعریفیں	اللہ ہی کو ہیں	وہ کہ	اسی کا ہے	جو	آسمانوں میں ہے	اور	جو	زمین میں ہے	اور	اسی کی	تعریف ہے	

تعریف اللہ تعالیٰ کیلئے ہے جس کا وہ سب کچھ ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے

فِي الْاٰخِرَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿١﴾ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ

فِي الْاٰخِرَةِ	وَ	هُوَ	الْحَكِيْمُ	الْخَبِيْرُ	يَعْلَمُ	مَا	يَلِجُ	فِي الْاَرْضِ
آخرت میں	اور	وہ ہے	حکمت والا	خبردار	جانتا ہے	جو	داخل ہوتا ہے	زمین میں

اور اسی کیلئے آخرت میں حمد ہے۔ اور وہ دانا باخبر ہے۔ وہ جانتا ہے جو کچھ زمین میں جاتا ہے

وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ؕ وَهُوَ

وَ	مَا	يَخْرُجُ	مِنْهَا	وَ	مَا	يَنْزِلُ	مِنَ السَّمَآءِ	وَمَا	يَعْرُجُ	فِيْهَا	وَ	هُوَ
اور	جو	نکلتا ہے	اس سے	اور	جو	اترتا ہے	آسمان سے	اور جو	چڑھتا ہے	اس میں	اور	وہ

اور جو زمین سے نکلتا ہے اور جو آسمان سے اترتا ہے اور جو چڑھتا ہے اور

Marfat.com

الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ ۝٢ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ؕ قُلْ بَلٰى

الرَّحِيْمُ	الْغَفُوْرُ	وَ	قَالَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لَا	تَاْتِيْنَا	السَّاعَةُ	قُلْ	بَلٰى
رحم کرنے والا	بخشنے والا ہے	اور	کہا	انہوں نے جو	کافر ہیں	نہیں	آئے گی ہم پر	قیامت	فرمادو	کیوں نہیں

وہی ہے مہربان بخشنے والا۔ اور کافر کہتے ہیں وہ گھڑی ہم پر نہیں آئے گی فرمادیجئے کیوں نہیں!

وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ الْغَيْبِ ۚ لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ

وَرَبِّيْ	لَتَاْتِيَنَّكُمْ	عٰلِمِ	الْغَيْبِ	لَا	يَعْزُبُ	عَنْهُ	مِثْقَالُ	ذَرَّةٍ
قسم ہے میرے رب کی	ضرور آئے گی تمہارے پاس	وہ جاننے والا ہے	غیب کا	نہیں	چھپی رہتی	اس سے	برابر	ایک ذرے

قسم ہے میرے عالم الغیب رب کی! وہ تم پر ضرور آئے گی ذرہ برابر شے اس سے

فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا

فِي السَّمٰوٰتِ	وَ	لَا	فِي الْاَرْضِ	وَ	لَآ	اَصْغَرُ	مِنْ ذٰلِكَ	وَ	لَآ	اَكْبَرُ	اِلَّا
آسمانوں میں	اور	نہ	زمین میں	اور	نہ	چھوٹی	اس سے	اور	نہ	بڑی	مگر

نہ آسمانوں میں اوجھل ہوتی ہے اور نہ زمین میں اور نہ کوئی چھوٹی اور نہ بڑی کوئی چیز ہے مگر وہ ایک

فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝٣ لِّيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ

فِيْ كِتٰبٍ	مُّبِيْنٍ	لِّيَجْزِيَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ
کتاب میں ہے	صاف بتانیوالی	تاکہ بدلہ دے	ان کو	جو ایمان لائے	اور عمل کیے	نیک

واضح کتاب میں لکھی ہے۔ تاکہ وہ ان لوگوں کو جزاء دے جو ایمان لاتے اور درست عمل کرتے ہیں

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝٤ وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا

اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّ	رِزْقٌ	كَرِيْمٌ	وَ	الَّذِيْنَ	سَعَوْ	فِيْ	اٰيٰتِنَا
یہ لوگ	ان کیلئے	بخشش ہے	اور	رزق	اچھا	اور	وہ جو	کوشش کریں	میں	ہماری آیتوں

انکی کیلئے بخشش اور باعزت روزی ہے۔ اور وہ لوگ جنہوں نے ہماری آیتوں کے بارے میں

Marfat.com

مُعٰجِزِیْنَ اُولٰٓئِکَ لَہُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِیْمٌ ۝۵ وَیَرَی الَّذِیْنَ

مُعٰجِزِیْنَ	اُولٰٓئِکَ	لَہُمْ	عَذَابٌ	مِّنْ رِّجْزٍ	اَلِیْمٌ	وَیَرَی	الَّذِیْنَ
عاجز کرنیوالے	یہی لوگ ہیں	ان کیلئے	عذاب ہے	سخت سے	دردناک	اور دیکھتے ہیں	وہ جنہیں

مقابلہ کرتے ہوئے کوشش کی ان کیلئے (سخت) عذاب ہے دردناک عذاب میں سے۔ اور جن لوگوں کو علم دیا گیا

اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ ھُوَ الْحَقَّ ۙ وَیَھْدِیْٓ اِلٰی

اُوْتُوا	الْعِلْمَ	الَّذِیْٓ	اُنْزِلَ	اِلَیْکَ	مِنْ رَّبِّکَ	ھُوَ	الْحَقَّ	وَ	یَھْدِیْٓ	اِلٰی
دیا گیا ہے	علم	وہ جو	اتارا گیا	آپکی طرف	آپکے رب کی طرف سے	وہ	حق ہے	اور	راہ دکھاتا ہے	طرف

وہ جانتے ہیں کہ جو آپ پر آپ کے رب کی طرف سے نازل کیا گیا وہی حق ہے اور وہ بڑی عزت والے

صِرَاطِ الْعَزِیْزِ الْحَمِیْدِ ۝۶ وَقَالَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا ھَلْ نَدُلُّکُمْ عَلٰی

صِرَاطِ	الْعَزِیْزِ	الْحَمِیْدِ	وَ	قَالَ	الَّذِیْنَ	کَفَرُوْا	ھَلْ	نَدُلُّکُمْ	عَلٰی
راہ	عزت والے	تعریف کیے گئے کی	اور	کہا	انہوں نے جو	کافر ہیں	کیا	بتائیں ہم تم کو	وہ

سب خوبیوں والے کے راستہ کی طرف ہدایت کرتا ہے۔ اور کافر بولے کیا ہم تمہیں ایسا مرد بتادیں جو تمہیں خبر دے

رَجُلٍ یُّنَبِّئُکُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ کُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ اِنَّکُمْ لَفِیْ خَلْقٍ جَدِیْدٍ ۝۷ ج

رَجُلٍ	یُّنَبِّئُکُمْ	اِذَا	مُزِّقْتُمْ	کُلَّ	مُمَزَّقٍ	اِنَّکُمْ	لَفِیْ خَلْقٍ	جَدِیْدٍ
آدمی جو	بتاتا ہے تم کو	جب	ٹکڑے ہوجاؤ گے تم	پوری طرح	ٹکڑے	بیشک تم کو	البتہ بننا ہے	نیا

کہ جب تم ریزہ ریزہ ہو جاؤ تو پھر تمہیں (ایک) نئی پیدائش ملے گی۔

اَفْتَرٰی عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا اَمْ بِہٖ جِنَّۃٌ ۭ بَلِ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ

اَفْتَرٰی	عَلَی	اللّٰہِ	کَذِبًا	اَمْ	بِہٖ	جِنَّۃٌ	بَلِ	الَّذِیْنَ	لَا	یُؤْمِنُوْنَ
کیا باندھا	اوپر	اللہ کے	جھوٹ	یا	وہ	دیوانہ ہے	بلکہ	وہ جو	نہیں	ایمان لاتے

کیا اللہ پر اس نے جھوٹ باندھا یا وہ دیوانہ ہے بلکہ وہ جو آخرت پر ایمان نہیں لاتے

Marfat.com

بِالْاٰخِرَةِ فِی الْعَذَابِ وَالضَّلٰلِ الْبَعِیْدِ ﴿۸﴾ اَفَلَمْ یَرَوْا اِلٰی مَا

بِالْاٰخِرَةِ	فِی الْعَذَابِ	وَالضَّلٰلِ	الْبَعِیْدِ	اَفَلَمْ	یَرَوْا	اِلٰی	مَا
آخرت پر	عذاب میں	اور گمراہی	دور میں ہیں	کیا نہ	دیکھا انہوں نے	طرف	اسکی جو

عذاب اور دور کی گمراہی میں ہیں۔ تو کیا انہوں نے

بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ

بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ	وَمَا	خَلْفَهُمْ	مِّنَ السَّمَآءِ	وَ	الْاَرْضِ	اِنْ	نَّشَاْ	نَخْسِفْ
آگے ان کے ہے	اور جو	پیچھے انکے ہے	آسمان سے	اور	زمین سے	اگر	ہم چاہیں تو	دھنسا دیں

آسمان اور زمین میں سے اس پر جو ان کے سامنے ہے اور جو ان کے پیچھے ہے غور نہیں کیا

بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَیْهِمْ کِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ

بِهِمُ	الْاَرْضَ	اَوْ	نُسْقِطْ	عَلَیْهِمْ	کِسَفًا	مِّنَ السَّمَآءِ	اِنَّ	فِیْ ذٰلِكَ
ان کو	زمین میں	یا	گرادیں	ان پر	ٹکڑا	آسمان سے	بیشک	اس میں

اگر ہم چاہیں تو انہیں زمین میں دھنسا دیں یا ان پر آسمان سے ٹکڑے گرا دیں بے شک اس بات میں ہر

لَاٰیَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِیْبٍ ﴿۹﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَیْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ؕ یٰجِبَالُ ع

لَاٰیَةً	لِّكُلِّ	عَبْدٍ	مُّنِیْبٍ	وَلَقَدْ	اٰتَیْنَا	دَاوٗدَ	مِنَّا	فَضْلًا	یٰجِبَالُ
نشانی ہے	ہر	بندے	رجوع کرنیوالے کے	اور بیشک	دیا ہم نے	داؤد کو	اپنی طرف سے	فضل	اے پہاڑو

رجوع کرنے والے بندے کیلئے نشانی ہے۔ اور ہم نے داؤد علیہ السلام کو اپنی طرف سے بزرگی عطا کی (اور حکم فرمایا) اے پہاڑو

اَوِّبِیْ مَعَهٗ وَالطَّیْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِیْدَ ﴿۱۰﴾ اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ

اَوِّبِیْ	مَعَهٗ	وَالطَّیْرَ	وَاَلَنَّا	لَهُ	الْحَدِیْدَ	اَنِ	اعْمَلْ	سٰبِغٰتٍ	وَ	قَدِّرْ
رجوع کرو	اسکے ساتھ	اور اے پرندو	اور نرم کیا ہم نے	اس کیلئے	لوہا	یہ کہ	بنا	زرہیں	اور	اندازہ رکھ

اور پرندو اس کے ساتھ مل کر میری طرف رجوع کرو اور ہم نے لوہے کو اس کیلئے نرم کر دیا۔ یہ کہ زرہیں بناؤ اور اُن کے حلقے

Marfat.com

فِي السَّرْدِ وَاعْمَلُوا صَالِحًا ۖ إِنِّي بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿١١﴾ وَلِسُلَيْمٰنَ

فِي السَّرْدِ	وَاعْمَلُوْا	صَالِحًا	اِنِّيْ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	وَلِسُلَيْمٰنَ
پرونے میں	اور عمل کرو	نیک	بیشک میں	اس کو جو	تم کرتے ہو	دیکھنے والا ہوں	اور سلیمان کیلئے

جوڑو اور اچھے عمل کرو۔ یقیناً میں دیکھنے والا ہوں اُس کو جو تم کرتے ہو۔ اور سلیمان علیہ السلام کیلئے

الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ۖ

الرِّيْحَ	غُدُوُّهَا	شَهْرٌ	وَ	رَوَاحُهَا	شَهْرٌ	وَاَسَلْنَا	لَهٗ	عَيْنَ	الْقِطْرِ
ہوا تابع کی	پہلا پہر اس کا راستہ	ایک مہینے کا	اور	پچھلا پہر اس کا	ایک مہینہ کا	اور بہادیا ہم نے	اس کیلئے	چشمہ	تانبے کا

ہوا کو (مسخر کردیا)۔ اُس کی صبح کی منزل ایک مہینہ اور اُس کی شام کی منزل ایک مہینہ۔ اور ہم نے اُس کیلئے

وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۖ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ

وَ	مِنَ الْجِنِّ	مَنْ	يَّعْمَلُ	بَيْنَ يَدَيْهِ	بِاِذْنِ رَبِّهٖ	وَ	مَنْ	يَّزِغْ	مِنْهُمْ
اور	جنوں میں سے	وہ بھی تھے جو	کام کرتے	اس کے آگے	اسکے رب کے حکم سے	اور	جو	ٹیڑھا ہو	ان میں سے

تانبے کا چشمہ بہادیا اور جنّات میں سے ایسے جو اپنے ربّ کے حکم سے اُن کے آگے کام کرتے تھے۔ اور اُن

عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿١٢﴾ يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ

عَنْ اَمْرِنَا	نُذِقْهُ	مِنْ عَذَابِ	السَّعِيْرِ	يَعْمَلُوْنَ	لَهٗ	مَا	يَشَآءُ
ہمارے حکم سے	چکھاتے ہم اس کو	عذاب	جلنے کا	بناتے	اس کیلئے	جو	چاہتا

میں سے جو ہمارے حکم سے سرکشی کرتا ہے اُس کو ہم دوزخ کے عذاب کا مزہ چکھائیں گے۔ وہ اُس کیلئے بناتے تھے جو وہ چاہتا اونچی

مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ ۖ

مِنْ مَّحَارِيْبَ	وَتَمَاثِيْلَ	وَ	جِفَانٍ	كَالْجَوَابِ	وَقُدُوْرٍ	رّٰسِيٰتٍ
اونچے اونچے محل	اور تصویریں	اور	لگن	حوضوں جیسے	اور دیگیں	لنگردار

عمارتیں اور مجسمے اور بڑے بڑے حوضوں کی طرح (لکڑی کے) بڑے پیالے اور ایک جگہ رہنے والی دیگیں۔

Marfat.com

اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ؕ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ ﴿ ﴾ فَلَمَّا

اِعْمَلُوْٓا	اٰلَ	دَاوٗدَ	شُكْرًا	وَ	قَلِيْلٌ	مِّنْ عِبَادِيَ	الشَّكُوْرُ	فَلَمَّا
کرو	اے آل	داود	شکر	اور	تھوڑے ہیں	میرے بندوں	شکرگذار	پھر جب

اے آل داؤد علیہ السلام ! شکر گزاری کے طور پر عمل کرو۔ اور میرے بندوں میں سے کم ہی شکر گزار ہیں۔ پھر جب

قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ عَلٰى مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَآبَّةُ الْاَرْضِ

قَضَيْنَا	عَلَيْهِ	الْمَوْتَ	مَا	دَلَّهُمْ	عَلٰى	مَوْتِهٖٓ	اِلَّا	دَآبَّةُ	الْاَرْضِ
بھیجا ہم نے	اس پر	موت کو	نہ	خبر ہوئی ان کو	اوپر	اکی موت کے	مگر	دیمک نے	زمین کی

ہم نے اس پر موت کا حکم بھیجا جنوں کو ان کی موت نہ بتائی مگر زمین کی دیمک نے کہ

تَاْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ ۚ فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ

تَاْكُلُ	مِنْسَاَتَهٗ	فَلَمَّا	خَرَّ	تَبَيَّنَتِ	الْجِنُّ	اَنْ	لَّوْ	كَانُوْا	يَعْلَمُوْنَ
کھائی	اس کی لاٹھی	تو جب	وہ گرا	تو معلوم ہوا	جنوں کو	یہ کہ	اگر	وہ ہوتے	جانتے

ان کا عصا کھالی جاتی تھی پھر جب سلیمان علیہ السلام زمین پر آئے جنوں پر حقیقت کھل گئی کہ اگر غیب

الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۱۳﴾ ط لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ

الْغَيْبَ	مَا	لَبِثُوْا	فِي الْعَذَابِ	الْمُهِيْنِ	لَقَدْ	كَانَ	لِسَبَاٍ	فِيْ مَسْكَنِهِمْ
غیب کو	تو نہ	ٹھہرے رہتے	عذاب میں	رسوا کرنیوالے	بیشک	تھی	سبا کیلئے	انکے گھروں میں

جانتے ہوتے تو اس خواری کے عذاب میں نہ ہوتے۔ بے شک سبا کیلئے ان کی بستی میں ایک نشانی تھی

اٰيَةٌ ۚ جَنَّتٰنِ عَنْ يَّمِيْنٍ وَّشِمَالٍ ؕ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا

اٰيَةٌ	جَنَّتٰنِ	عَنْ يَّمِيْنٍ	وَّ	شِمَالٍ	كُلُوْا	مِنْ رِّزْقِ	رَبِّكُمْ	وَاشْكُرُوْا
نشانی تھی	دو باغ	دائیں	اور	بائیں	کھاؤ	رزق	اپنے رب کا	اور شکر کرو

وہ باغ دائیں اور بائیں اپنے رب کے رزق میں سے کھاؤ اور اس کا شکر ادا کرو

Marfat.com

لَهٗ بَلۡدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ غَفُوۡرٌ ﴿۱۵﴾ فَاَعۡرَضُوۡا فَاَرۡسَلۡنَا عَلَيۡهِمۡ سَيۡلَ

لَهٗ	بَلۡدَةٌ	طَيِّبَةٌ	وَ	رَبٌّ	غَفُوۡرٌ	فَاَعۡرَضُوۡا	فَاَرۡسَلۡنَا	عَلَيۡهِمۡ	سَيۡلَ
اس کا	شہر ہے	پاکیزہ	اور	رب	بخشنے والا	تو منہ پھیرا انہوں نے	تو بھیجا ہم نے	ان پر	سیلاب

تمہارا شہر کتنا پاکیزہ ہے اور رب بخشنے والا مہربان ہے۔ مگر وہ (قانونِ خدا سے) کنارا کر گئے پھر ہم نے ان پر زور کا

الۡعَرِمِ وَبَدَّلۡنٰهُمۡ بِجَنَّتَيۡهِمۡ جَنَّتَيۡنِ ذَوَاتَيۡ اُكُلٍ خَمۡطٍ وَّاَثۡلٍ

الۡعَرِمِ	وَ	بَدَّلۡنٰهُمۡ	بِجَنَّتَيۡهِمۡ	جَنَّتَيۡنِ	ذَوَاتَيۡ اُكُلٍ	خَمۡطٍ	وَ	اَثۡلٍ
پانی کا	اور	بدل دیے ہم نے انکو	دو باغوں کے بدلے	دو باغ	جن میں پھل تھے	بدمزہ	اور	جھاؤ

سیلاب بھیج دیا اور ان کے دو باغوں کو کڑوے پھلوں جھاؤ اور

وَّشَيۡءٍ مِّنۡ سِدۡرٍ قَلِيۡلٍ ﴿۱۶﴾ ذٰلِكَ جَزَيۡنٰهُمۡ بِمَا كَفَرُوۡا ؕ وَهَلۡ

وَّشَيۡءٍ	مِّنۡ سِدۡرٍ	قَلِيۡلٍ	ذٰلِكَ	جَزَيۡنٰهُمۡ	بِمَا	كَفَرُوۡا	وَ	هَلۡ
اور کچھ	بیریاں	تھوڑی سی	یہ	بدلہ دیا ہم نے انکو	اس کا جو	کفر کیا انہوں نے	اور	ایسا نہیں

چند بیری کے درختوں سے بدل دیا۔ یہ ہم نے ان کی ناشکری کا انہیں بدلہ دیا اور

نُجٰزِيۡۤ اِلَّا الۡكَفُوۡرَ ﴿۱۷﴾ وَجَعَلۡنَا بَيۡنَهُمۡ وَبَيۡنَ الۡقُرَى الَّتِيۡ بٰرَكۡنَا

نُجٰزِيۡۤ	اِلَّا	الۡكَفُوۡرَ	وَ	جَعَلۡنَا	بَيۡنَهُمۡ	وَ	بَيۡنَ	الۡقُرَى	الَّتِيۡ	بٰرَكۡنَا
بدلہ دیتے ہم	مگر	ناشکروں کو	اور	بنائیں ہم نے	انکے درمیان	اور	درمیان	ان بستیوں	کے جو	برکت رکھی ہم نے

ہم سزا نہیں دیتے لیکن بڑے ناشکرے کو۔ اور ہم نے آباد کر دیا ان لوگوں اور ان بستیوں کے درمیان

فِيۡهَا قُرًى ظَاهِرَةً وَّقَدَّرۡنَا فِيۡهَا السَّيۡرَ ؕ سِيۡرُوۡا فِيۡهَا لَيَالِيَ وَاَيَّامًا

فِيۡهَا	قُرًى	ظَاهِرَةً	وَ	قَدَّرۡنَا	فِيۡهَا	السَّيۡرَ	سِيۡرُوۡا	فِيۡهَا	لَيَالِيَ	وَ	اَيَّامًا
اس میں	بستیاں	سرِراہ	اور	اندازہ کیا ہم نے	اس میں	چلنے کا	چلو	ان میں	رات	اور	دن

جن میں ہم نے برکت دی تھی صاف ظاہر نظر آنے والی بستیاں اور ہم نے انہیں منزل کے اندازے پر رکھا ان میں راتوں اور

Marfat.com

اٰمِنِیۡنَ ﴿۱۸﴾ فَقَالُوۡا رَبَّنَا بٰعِدۡ بَیۡنَ اَسۡفَارِنَا وَ ظَلَمُوۡۤا اَنۡفُسَہُمۡ

اٰمِنِیۡنَ	فَقَالُوۡا	رَبَّنَا	بٰعِدۡ	بَیۡنَ	اَسۡفَارِنَا	وَ ظَلَمُوۡۤا	اَنۡفُسَہُمۡ
امن سے	تو بولے	اے ہمارے رب	دوری کر	درمیان	ہمارے سفروں کے	اور ظلم کیا انہوں نے	اپنی جانوں پر

دنوں میں چلتے رہو بغیر کسی خوف کے۔ تو بولے اے ہمارے رب! ہمارے سفر میں دوری ڈال اور انہوں نے خود اپنی ہی

فَجَعَلۡنٰہُمۡ اَحَادِیۡثَ وَ مَزَّقۡنٰہُمۡ کُلَّ مُمَزَّقٍ ؕ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ

فَجَعَلۡنٰہُمۡ	اَحَادِیۡثَ	وَ مَزَّقۡنٰہُمۡ	کُلَّ	مُمَزَّقٍ	اِنَّ	فِیۡ ذٰلِکَ	لَاٰیٰتٍ
تو کر دیا ہم نے انکو	افسانے	اور ہم نے پراگندہ کر دیا	پوری طرح	پراگندہ	بیشک	اس میں	نشانیاں ہیں

نقصان کیا تو ہم نے انہیں افسانہ بنا کر رکھ دیا اور انہیں ان کی پوری پریشانی سے پراگندہ کر دیا بے شک اس میں ضرور نشانیاں ہیں

لِّکُلِّ صَبَّارٍ شَکُوۡرٍ ﴿۱۹﴾ وَ لَقَدۡ صَدَّقَ عَلَیۡہِمۡ اِبۡلِیۡسُ ظَنَّہٗ فَاتَّبَعُوۡہُ

لِّکُلِّ	صَبَّارٍ	شَکُوۡرٍ	وَ	لَقَدۡ	صَدَّقَ	عَلَیۡہِمۡ	اِبۡلِیۡسُ	ظَنَّہٗ	فَاتَّبَعُوۡہُ
ہر ایک	صبر کرنے والے	شکر کرنے والے کیلئے	اور	بیشک	سچ کر دکھایا	ان پر	ابلیس نے	اپنا گمان	تو پیروی کی انہوں نے اس کی

ہر بڑے صبر والے ہر بڑے شکر والے کیلئے۔ اور بے شک ابلیس نے انہیں اپنا گمان سچا کر دکھایا تو وہ اس سے

اِلَّا فَرِیۡقًا مِّنَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ﴿۲۰﴾ وَ مَا کَانَ لَہٗ عَلَیۡہِمۡ مِّنۡ سُلۡطٰنٍ اِلَّا

اِلَّا	فَرِیۡقًا	مِّنَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ	وَ مَا	کَانَ	لَہٗ	عَلَیۡہِمۡ	مِّنۡ	سُلۡطٰنٍ	اِلَّا
مگر	ایک گروہ	مومنوں کا نے	اور نہیں	تھا	اس کا	ان پر	کوئی	غلبہ	مگر

پیچھے ہو لئے مگر ایک گروہ کہ وہ مسلمان تھا۔ اور اس کا ان پر کوئی زور نہ تھا مگر یہ اس لئے تھا کہ ہم جان لیں

لِنَعۡلَمَ مَنۡ یُّؤۡمِنُ بِالۡاٰخِرَۃِ مِمَّنۡ ہُوَ مِنۡہَا فِیۡ شَکٍّ ؕ وَ رَبُّکَ عَلٰی

لِنَعۡلَمَ	مَنۡ	یُّؤۡمِنُ	بِالۡاٰخِرَۃِ	مِمَّنۡ	ہُوَ	مِنۡہَا	فِیۡ شَکٍّ	وَ	رَبُّکَ	عَلٰی
تاکہ ظاہر کریں ہم	اسکو جو	ایمان رکھے	آخرت پر	اس سے کہ	وہ	اس سے	شک میں ہیں	اور	تمہارا رب	اوپر

کہ ان میں جو آخرت کے بارے میں شک میں ہیں کون اس پر ایمان رکھتا ہے اور تمہارا رب

Marfat.com

ع ١٢ / ٨

كُلِّ شَيْءٍ حَفِيظٌ ﴿٢١﴾ قُلِ ادْعُوا الَّذِينَ زَعَمْتُم مِّن دُونِ اللَّهِ ج

كُلِّ	شَيْءٍ	حَفِيظٌ	قُلِ	ادْعُوا	الَّذِينَ	زَعَمْتُم	مِّن دُونِ	اللَّهِ
ہر	چیز کے	نگران ہے	فرماؤ	بلاؤ	ان کو جن کو	تم نے خیال کر رکھا ہے	سوا	اللہ کے

ہر چیز کا نگران ہے۔ فرما دیجئے انہیں پکارو جن پر اللہ کے سوا تم دعویٰ رکھتے ہو

لَا يَمْلِكُونَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ وَمَا لَهُمْ

لَا	يَمْلِكُونَ	مِثْقَالَ	ذَرَّةٍ	فِي السَّمَاوَاتِ	وَ	لَا	فِي الْأَرْضِ	وَ	مَا	لَهُمْ
نہیں	مالک ہیں	برابر	ایک ذرہ کے	آسمانوں میں	اور	نہ	زمین میں	اور	نہیں	ان کی

وہ آسمانوں میں ذرہ بھر اختیار نہیں رکھتے اور نہ زمین میں اور نہ ان میں

فِيهِمَا مِن شِرْكٍ وَمَا لَهُ مِنْهُم مِّن ظَهِيرٍ ﴿٢٢﴾ وَلَا تَنفَعُ

فِيهِمَا	مِن	شِرْكٍ	وَ	مَا	لَهُ	مِنْهُم	مِّن	ظَهِيرٍ	وَ	لَا	تَنفَعُ
ان میں	کوئی	شراکت	اور	نہیں	اس کا	ان میں سے	کوئی	مددگار	اور	نہیں	نفع دیتی

ان کی کوئی شراکت ہے اور نہ ان میں سے کوئی اللہ کا مددگار ہے۔ اور اس کی بارگاہ میں

الشَّفَاعَةُ عِندَهُ إِلَّا لِمَنْ أَذِنَ لَهُ ط حَتَّىٰ إِذَا فُزِّعَ عَن قُلُوبِهِمْ

الشَّفَاعَةُ	عِندَهُ	إِلَّا	لِمَنْ	أَذِنَ	لَهُ	حَتَّىٰ	إِذَا	فُزِّعَ	عَن قُلُوبِهِمْ
سفارش	اسکے پاس	مگر	اس کو کہ	اجازت دے	اس کو	یہانتک کہ	جب	گھبراہٹ دور کی جاتی ہے	انکے دلوں سے

شفاعت نفع نہ دے گی مگر جس کیلئے وہ اذن فرمائے یہاں تک کہ جب ان کے دلوں سے گھبراہٹ دور کر دی جائے گی

قَالُوا مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ ط قَالُوا الْحَقَّ ج وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ ﴿٢٣﴾ قُلْ مَن

قَالُوا	مَاذَا	قَالَ	رَبُّكُمْ	قَالُوا	الْحَقَّ	وَ	هُوَ	الْعَلِيُّ	الْكَبِيرُ	قُلْ	مَن
کہتے ہیں	کیا	فرمایا	تمہارے رب نے	کہتے ہیں	حق	اور	وہ ہے	بلند	بڑا	فرمادو	کون

تو وہ کہیں گے تمہارے رب نے کیا فرمایا وہ کہیں گے حق (فرمایا) اور وہی نہایت بلند بہت بڑا ہے۔ آپ فرمائیں تمہیں کون

Marfat.com

يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ قُلِ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّآ اَوْ اِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى

يَرْزُقُكُمْ	مِّنَ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	قُلِ	اللّٰهُ	وَ	اِنَّآ	اَوْ	اِيَّاكُمْ	لَعَلٰى هُدًى
رزق دیتا ہے تم کو	آسمانوں سے	اور زمین سے	فرماؤ	اللہ	اور	بیشک ہم	یا	تم	یا تو ضرور راہ پر ہدایت پہ ہیں

روزی دیتا ہے آسمانوں اور زمین سے (وہ کیا جواب دیں گے؟) آپ (خود ہی) فرمائیں اللہ تعالیٰ اور بے شک

اَوْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۴﴾ قُلْ لَّا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّآ اَجْرَمْنَا وَلَا نُسْـَٔلُ

اَوْ	فِيْ	ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ	قُلْ	لَّا	تُسْـَٔلُوْنَ	عَمَّآ	اَجْرَمْنَا	وَ	لَا	نُسْـَٔلُ
یا	میں	گمراہی	کھلی	فرمادیں	نہ	پوچھے جاؤ گے تم	اس سے جو	ہم نے جرم کیا	اور	نہ	پوچھے جائیں گے ہم

ہم یا تم ضرور ہدایت پر ہیں یا کھلی گمراہی میں۔ فرمادیجئے کہ جو قصور ہم نے کیے ان کے بارے میں تم سے نہیں پوچھا جائے گا اور جو تم

عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۵﴾ قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ۭ

عَمَّا	تَعْمَلُوْنَ	قُلْ	يَجْمَعُ	بَيْنَنَا	رَبُّنَا	ثُمَّ	يَفْتَحُ	بَيْنَنَا	بِالْحَقِّ
اس سے جو	تم کرتے ہو	فرمادیں	جمع کرے گا	ہمارے درمیان	ہمارا رب	پھر	فیصلہ کرے گا	ہمارے درمیان	ساتھ حق کے

کرتے ہو اس کے بارے میں ہم سے نہیں پوچھا جائے گا۔ فرمادیجئے ہمارا رب ہم سب کو جمع کرے گا پھر ہم میں سچا فیصلہ فرمائے گا

وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ ﴿۲۶﴾ قُلْ اَرُوْنِيَ الَّذِيْنَ اَلْحَقْتُمْ بِهٖ شُرَكَاۗءَ كَلَّا ۭ بَلْ

وَ	هُوَ	الْفَتَّاحُ	الْعَلِيْمُ	قُلْ	اَرُوْنِيَ	الَّذِيْنَ	اَلْحَقْتُمْ	بِهٖ	شُرَكَاۗءَ	كَلَّا	بَلْ
اور	وہ ہے	فیصلہ کرنیوالا	جاننے والا	فرماؤ	دکھاؤ مجھے	وہ جنہیں	تم ملاتے ہو	اسکے ساتھ	شریک	ہرگز نہیں	بلکہ

اور وہی ہے بڑا فیصلے کرنے والا سب کچھ جاننے والا ہے۔ فرمادیجئے مجھے وہ لوگ دکھاؤ جنہیں تم نے اس کے ساتھ شریک کر رکھا

هُوَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۷﴾ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَاۗفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا

هُوَ	اللّٰهُ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	وَمَآ	اَرْسَلْنٰكَ	اِلَّا	كَاۗفَّةً	لِّلنَّاسِ	بَشِيْرًا
وہ ہے	اللہ	عزت والا	حکمت والا	اور نہیں	بھیجا ہم نے تم کو	مگر	تمام	لوگوں کیلئے	خوشخبری دینے والا

ہے ہرگز نہیں بلکہ اللہ ہی غالب و دانا ہے۔ اور (اے رسول ﷺ) ہم نے آپ کو نہیں بھیجا مگر تمام لوگوں کیلئے

Marfat.com

وَّنَذِيۡرًا وَّلٰـكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۲۸﴾ وَيَقُوۡلُوۡنَ مَتٰى هٰذَا

وَّنَذِيۡرًا	وَّ	لٰـكِنَّ	اَكۡثَرَ	النَّاسِ	لَا	يَعۡلَمُوۡنَ	وَ	يَقُوۡلُوۡنَ	مَتٰى	هٰذَا
اور ڈرسنانے والا	اور	لیکن	اکثر	لوگ	نہیں	جانتے	اور	کہتے ہیں	کب ہوگا	یہ

خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور وہ کہتے ہیں کب پورا ہوگا یہ وعدہ

الۡوَعۡدُ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿۲۹﴾ قُلۡ لَّـكُمۡ مِّيۡعَادُ يَوۡمٍ لَّا تَسۡتَاۡخِرُوۡنَ

الۡوَعۡدُ	اِنۡ	كُنۡتُمۡ	صٰدِقِيۡنَ	قُلۡ	لَّـكُمۡ	مِّيۡعَادُ	يَوۡمٍ	لَا	تَسۡتَاۡخِرُوۡنَ
وعدہ	اگر	ہوتم	سچے	فرماؤ	تمہارے لیے	وعدہ ہے	ایک دن کا کہ	نہ	پیچھے رہوگے

اگر تم سچے ہو۔ فرما دیجئے تمہارے لئے وعدے کا ایسا دن مقرر ہے جس سے تم ایک گھڑی

عَنۡهُ سَاعَةً وَّلَا تَسۡتَقۡدِمُوۡنَ ﴿۳۰﴾ وَقَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَنۡ نُّؤۡمِنَ ع ۲ النصف

عَنۡهُ	سَاعَةً	وَّلَا	تَسۡتَقۡدِمُوۡنَ	وَقَالَ	الَّذِيۡنَ	كَفَرُوۡا	لَنۡ	نُّؤۡمِنَ
اس سے	ایک گھڑی	اور نہ	آگے بڑھوگے	اور بولے	وہ جو	کافر تھے	ہرگز نہ	ایمان لائیں گے ہم

نہ پیچھے ہٹ سکو گے اور نہ آگے بڑھ سکو گے۔ اور کافر بولے ہم ہرگز نہیں ایمان لائیں گے اس

بِهٰذَا الۡقُرۡاٰنِ وَلَا بِالَّذِيۡ بَيۡنَ يَدَيۡهِ ؕ وَلَوۡ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوۡنَ

بِهٰذَا	الۡقُرۡاٰنِ	وَ	لَا	بِالَّذِيۡ	بَيۡنَ يَدَيۡهِ	وَ	لَوۡ	تَرٰٓى	اِذِ	الظّٰلِمُوۡنَ
اس	قرآن پر	اور	نہ	ان کتابوں پر جو	اس سے پہلے ہیں	اور	اگر	دیکھے تم	جب	ظالم

قرآن پر اور نہ ان کتابوں پر جو اس سے پہلے تھیں اور کاش تم دیکھو کہ جب ظالم

مَوۡقُوۡفُوۡنَ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ ۖۚ يَرۡجِعُ بَعۡضُهُمۡ اِلٰى بَعۡضِ ۨالۡقَوۡلَ ۚ يَقُوۡلُ

مَوۡقُوۡفُوۡنَ	عِنۡدَ	رَبِّهِمۡ	يَرۡجِعُ	بَعۡضُهُمۡ	اِلٰى	بَعۡضِ	الۡقَوۡلَ	يَقُوۡلُ
کھڑے ہوں گے	نزدیک	اپنے رب کے	لوٹائے گا	بعض ان کا	طرف	بعض کی	بات کو	کہیں گے

اپنے رب کے پاس کھڑے کئے جائیں گے ان میں ایک دوسرے پر الزام لگائیں گے

Marfat.com

اَلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لَوْلَآ اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ ۳۱

الذین	استضعفوا	للذین	استکبروا	لو	لا	انتم	لکنا	مؤمنین
وہ جو	کمزور تھے	ان کو جو	متکبر تھے	اگر	نہ	ہوتے تم	تو ہوتے ہم	مومن

اور جو لوگ کمزور سمجھے جاتے تھے وہ بڑے بننے والوں سے کہیں گے اگر تم نہ ہوتے تو ہم ضرور ایمان لے آتے۔

قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْٓا اَنَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ عَنِ الْهُدٰى

قال	الذین	استکبروا	للذین	استضعفوا	انحن	صددنکم	عن الهدی
کہیں گے	وہ جو	متکبر تھے	ان کو جو	کمزور تھے	کیا ہم نے	روکا تھا تم کو	ہدایت سے

جو لوگ بڑے بنتے تھے وہ کمزور سمجھے جانے والوں سے کہیں گے کیا ہم نے تمہیں ہدایت سے روک دیا

بَعْدَ اِذْ جَآءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ۳۲ وَقَالَ الَّذِيْنَ

بعد	اذ	جاءکم	بل	کنتم	مجرمین	و	قال	الذین
بعد اسکے کہ	جب	آئی تمہارے پاس	بلکہ	تھے تم	مجرم	اور	کہیں گے	وہ جو

اس کے بعد کہ تمہارے پاس آ چکی تھی بلکہ تم خود مجرم تھے۔ پھر کمزور لوگ بڑے بننے والے

اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ

استضعفوا	للذین	استکبروا	بل	مکر	الیل	و	النهار	اذ	تامروننا
کمزور تھے	ان کو جو	متکبر تھے	بلکہ	تدبیریں	رات	اور	دن کی	جب	حکم دیتے تھے تم ہم کو

لوگوں سے کہیں گے نہیں بلکہ یہ رات اور دن کی مکاری تھی جب تم ہمیں تلقین کرتے تھے

اَنْ نَّكْفُرَ بِاللّٰهِ وَنَجْعَلَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ؕ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا

ان	نکفر	بالله	و	نجعل	له	اندادا	و	اسروا	الندامة	لما	راوا
یہ کہ	ہم انکار کریں	اللہ کا	اور	بنائیں	اس کیلئے	شریک	اور	چھپائیں گے	ندامت کو	جبکہ	دیکھیں گے

کہ ہم اللہ کا انکار کریں اور اس کے ہمسر ٹھہرائیں اور وہ پشیمانی کو چھپائیں گے جو عذاب

Marfat.com

الْعَذَابَ ۚ وَجَعَلْنَا الْأَغْلَالَ فِي أَعْنَاقِ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ هَلْ

الْعَذَابَ	وَ	جَعَلْنَا	الْأَغْلَالَ	فِي أَعْنَاقِ	الَّذِينَ	كَفَرُوا	هَلْ
عذاب	اور	کیے ہم نے	طوق	گردنوں میں	ان لوگوں کے جو	کافر ہیں	نہیں

کو دیکھیں گے اور ہم نے کافروں کی گردنوں میں طوق ڈال رکھے ہیں کیا وہ

يُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٣٣﴾ وَمَا أَرْسَلْنَا فِي قَرْيَةٍ مِنْ نَذِيرٍ

يُجْزَوْنَ	إِلَّا	مَا	كَانُوا	يَعْمَلُونَ	وَ	مَا	أَرْسَلْنَا	فِي قَرْيَةٍ	مِنْ	نَذِيرٍ
بدلے پائیں گے	مگر	جو	تھے	وہ عمل کرتے	اور	نہ	بھیجا ہم نے	بستی میں	کوئی	ڈرانے والا

اپنے عملوں کے سوا بھی جزاء پا سکتے ہیں؟ اور ہم نے جس بستی میں بھی کوئی ڈرانے والا بھیجا اس کے خوش حال

إِلَّا قَالَ مُتْرَفُوهَا إِنَّا بِمَا أُرْسِلْتُمْ بِهِ كَافِرُونَ ﴿٣٤﴾ وَقَالُوا نَحْنُ أَكْثَرُ

إِلَّا	قَالَ	مُتْرَفُوهَا	إِنَّا	بِمَا	أُرْسِلْتُمْ	بِهِ	كَافِرُونَ	وَ	قَالُوا	نَحْنُ	أَكْثَرُ
مگر	کہا	اسکے دولتمندوں نے	بیشک ہم	اس چیز پر کہ	بھیجے گئے ہو تم	اسکے ساتھ	انکار کرتے ہیں	اور	بولے	ہم	زیادہ ہیں

لوگوں نے کہا ہم اس پیغام کا جس کے ساتھ تمہیں بھیجا گیا ہے انکار کرتے ہیں۔ اور انہوں نے کہا ہم بہت

أَمْوَالًا وَأَوْلَادًا وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ﴿٣٥﴾ قُلْ إِنَّ رَبِّي يَبْسُطُ

أَمْوَالًا	وَ	أَوْلَادًا	وَ	مَا	نَحْنُ	بِمُعَذَّبِينَ	قُلْ	إِنَّ	رَبِّي	يَبْسُطُ
مال میں	اور	اولاد میں	اور	نہ	ہم	سزا دیے جائینگے	فرماؤ	بیشک	میرا رب	فراخ کرتا ہے

زیادہ مال اور اولاد والے ہیں اور ہم عذاب نہیں دیے جائیں گے۔ فرما دیجئے بے شک میرا رب کشادہ

الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَقْدِرُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٣٦﴾ وَمَا ع۴ ۱ ۱۰

الرِّزْقَ	لِمَنْ	يَشَاءُ	وَ	يَقْدِرُ	وَ	لَٰكِنَّ	أَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا	يَعْلَمُونَ	وَمَا
رزق	جس کیلئے	چاہے	اور	تنگ کرتا ہے	اور	لیکن	اکثر	لوگ	نہیں	جانتے	اور نہیں

کر دیتا ہے رزق جس کیلئے چاہے اور تنگ کر دیتا ہے (جس کیلئے چاہے) لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور تمہارے مال اور

Marfat.com

أَمْوَالُكُمْ وَلَآ أَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓى اِلَّا مَنْ اٰمَنَ

أَمْوَالُكُمْ	وَ	لَآ	أَوْلَادُكُمْ	بِالَّتِيْ	تُقَرِّبُكُمْ	عِنْدَنَا	زُلْفٰٓى	اِلَّا	مَنْ	اٰمَنَ
تمہارے مال	اور	نہ	تمہاری اولاد	ایسی کہ	نزدیک کرے تمہیں	ہمارے	قریب	مگر	جو	ایمان لائے

تمہاری اولاد اس قابل نہیں کہ تمہیں ہمارے قرب تک پہنچائیں مگر وہ جو ایمان لائے

وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا وَهُمْ

وَ	عَمِلَ	صَالِحًا	فَاُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	جَزَآءُ	الضِّعْفِ	بِمَا	عَمِلُوْا	وَ	هُمْ
اور	عمل کرے	اچھے	تو یہ لوگ	ان کیلئے	بدلہ ہے	دگنا	جو	عمل کیے	اور	وہ

اور پھر یہی لوگ ہیں جن کے لیے دوگنی جزا ہے اس بنا پر جو انہوں نے عمل کیے۔ اور وہ

فِي الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ﴿٣٧﴾ وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ

فِيْ	الْغُرُفٰتِ	اٰمِنُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	يَسْعَوْنَ	فِيْٓ	اٰيٰتِنَا	مُعٰجِزِيْنَ
میں	بالاخانوں	امن میں ہوں	اور وہ جو	کوشش کریں	میں	ہماری آیتوں	عاجز کرنیوالے

بالاخانوں میں امن و امان سے رہیں گے۔ اور وہ جو ہماری آیتوں میں ہمیں عاجز کرنے کی کوشش کرتے ہیں

أُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿٣٨﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ

أُولٰٓئِكَ	فِي الْعَذَابِ	مُحْضَرُوْنَ	قُلْ	اِنَّ	رَبِّيْ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ
یہ لوگ	عذاب میں	حاضر کیے جائینگے	فرمادیں	بیشک	میرا رب	فراخ کرتا ہے	رزق

وہی لوگ عذاب میں حاضر کیے جائیں گے۔ فرما دیجئے میرا رب اپنے بندوں میں سے جس

لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ۭ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ

لِمَنْ	يَّشَآءُ	مِنْ عِبَادِهٖ	وَ	يَقْدِرُ	لَهٗ	وَ	مَآ	اَنْفَقْتُمْ	مِّنْ	شَيْءٍ	فَهُوَ
جس کا	چاہے	اپنے بندوں میں سے	اور	تنگ کرتا ہے	اس کیلئے	اور	جو	تم خرچ کرو	کوئی	چیز	تو وہ

کیلئے چاہتا ہے رزق کشادہ اور تنگ کر دیتا ہے اور جو کچھ تم نے خرچ کر دیا تو وہی

Marfat.com

يُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿٣٩﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ

یُخْلِفُهٗ	وَهُوَ	خَیْرُ	الرّٰزِقِیْنَ	وَ	یَوْمَ	یَحْشُرُهُمْ	جَمِیْعًا	ثُمَّ
اس کا بدل دیتا ہے	اور وہ ہے	بہتر	رزق دینے والا	اور	جس دن	اکٹھا کرے گا ان کو	سب کو	پھر

اس کی جگہ اور دیتا ہے اور وہ بہترین رزق دینے والا ہے۔ اور جس دن وہ ان سب کو جمع کرے گا پھر

يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿٤٠﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ

یَقُوْلُ	لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اَهٰٓؤُلَآءِ	اِیَّاکُمْ	کَانُوْا	یَعْبُدُوْنَ	قَالُوْا	سُبْحٰنَکَ
فرمائے گا	فرشتوں کو	کیا یہ	خاص تمہاری	ہی	عبادت کرتے تھے	عرض کریں گے	تو پاک ہے

فرشتوں سے فرمائے گا کیا یہ لوگ تمہاری عبادت کیا کرتے تھے؟ وہ عرض کریں گے پاک ہے

اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ بِهِمْ

اَنْتَ	وَلِیُّنَا	مِنْ دُوْنِهِمْ	بَلْ	کَانُوْا	یَعْبُدُوْنَ	الْجِنَّ	اَکْثَرُهُمْ	بِهِمْ
تو	ہمارا مالک ہے	ان کے سوا	بلکہ	وہ تھے	عبادت کرتے	جنوں کو	اکثر ان کے	ان پر

تیری ذات تو ہی ہمارا دوست ہے ان کے سوا بلکہ یہ جنوں کی عبادت کرتے تھے ان کے اکثر (لوگ) ان ہی

مُّؤْمِنُوْنَ ﴿٤١﴾ فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ

مُؤْمِنُوْنَ	فَالْیَوْمَ	لَا	یَمْلِكُ	بَعْضُكُمْ	لِبَعْضٍ	نَفْعًا	وَلَا	ضَرًّا
ایمان لانیوالے ہیں	تو آج	نہیں	اختیار ہوگا	تمہارے بعض کا	بعض پر	نفع	اور نہ	نقصان کا

پر یقین رکھتے ہیں۔ تو آج کے دن تم میں سے کوئی ایک دوسرے کے نفع کا مالک نہ ہو گا

وَنَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا

وَ	نَقُوْلُ	لِلَّذِیْنَ	ظَلَمُوْا	ذُوْقُوْا	عَذَابَ	النَّارِ	الَّتِیْ	کُنْتُمْ	بِهَا
اور	فرمائے گا	ان کو جو	ظالم ہیں	چکھو	عذاب	آگ کا	وہ کہ	تھے تم	اس کو

اور نہ کسی نقصان کا اور ہم ظالموں سے فرمائیں گے چکھو آگ کا عذاب جسے تم

Marfat.com

تُكَذِّبُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا رَجُلٌ

تُكَذِّبُوْنَ	وَ	اِذَا	تُتْلٰى	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتُنَا	بَيِّنٰتٍ	قَالُوْا	مَا	هٰذَآ	اِلَّا	رَجُلٌ
جھٹلاتے	اور	جب	پڑھی جاتی ہیں	ان پر	ہماری آیتیں	روشن	کہتے ہیں	نہیں	یہ	مگر	ایک آدمی

جھٹلاتے تھے۔ اور جب ہماری واضح آیات اُن پر پڑھی جاتی ہیں تو کہتے ہیں کہ یہ ایک آدمی کے سوا کچھ نہیں

يُّرِيْدُ اَنْ يَّصُدَّكُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُكُمْ ۚ وَقَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّآ اِفْكٌ

يُرِيْدُ	اَنْ	يَّصُدَّكُمْ	عَمَّا	كَانَ	يَعْبُدُ	اٰبَآؤُكُمْ	وَ	قَالُوْا	مَا	هٰذَآ	اِلَّآ	اِفْكٌ
چاہتا ہے	یہ کہ	روک دے تم کو	اس سے کہ	تھے	عبادت کرتے	تمہارے باپ دادا	اور	بولے	نہیں	یہ	مگر	جھوٹ

جو یہ ارادہ رکھتا ہے کہ تمہیں اُن سے روک دے جن کی تمہارے باپ دادا عبادت کرتے تھے۔ اور کہتے ہیں

مُّفْتَرًى ؕ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّا

مُّفْتَرًى	وَ	قَالَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لِلْحَقِّ	لَمَّا	جَآءَهُمْ	اِنْ	هٰذَآ	اِلَّا
گھڑا ہوا	اور	بولے	وہ جو	کافر ہیں	حق کے متعلق	جب	آیا انکے پاس	نہیں	یہ	مگر

کہ یہ تو محض ایک جھوٹ ہے گھڑا ہوا۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا اُن کے سامنے جب حق آیا تو انہوں نے کہا کہ یہ

سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۴۳﴾ وَمَآ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ كُتُبٍ يَّدْرُسُوْنَهَا وَمَآ اَرْسَلْنَآ

سِحْرٌ	مُّبِيْنٌ	وَ	مَآ اٰتَيْنٰهُمْ	مِّنْ كُتُبٍ	يَّدْرُسُوْنَهَا	وَ	مَآ	اَرْسَلْنَآ
جادو	کھلا	اور	ہم نے ان کو نہیں دیں	کچھ کتابیں	جنہیں پڑھتے ہوں	اور	نہ	بھیجا ہم نے

تو محض کھلا جادو ہے۔ اور ہم نے ان (اہل مکہ) کو نہ آسمانی کتابیں عطا کیں تھیں جنہیں یہ لوگ پڑھتے ہوں

اِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِنْ نَّذِيْرٍ ﴿۴۴﴾ؕ وَكَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۙ وَمَا

اِلَيْهِمْ	قَبْلَكَ	مِنْ	نَّذِيْرٍ	وَكَذَّبَ	الَّذِيْنَ	مِنْ	قَبْلِهِمْ	وَ	مَا
انکی طرف	تم سے پہلے	کوئی	ڈرانے والا	اور جھٹلایا	انہوں نے جو	ان سے	پہلے تھے	اور	نہ

نہ تم سے پہلے ان کے پاس کوئی ڈرسنانے والا آیا۔ اور ان سے پہلے لوگوں نے بھی جھٹلایا اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا تھا یہ لوگ

Marfat.com

بَلَغُوْا مِعْشَارَ مَآ اٰتَيْنٰهُمْ فَكَذَّبُوْا رُسُلِيْ ۖ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿٤٥﴾ ع

بَلَغُوْا	مِعْشَارَ	مَآ	اٰتَيْنٰهُمْ	فَكَذَّبُوْا	رُسُلِيْ	فَكَيْفَ	كَانَ	نَكِيْرِ
پہنچے وہ	دسویں حصہ کو	جو	ہم نے ان کو دیا	تو جھٹلایا انہوں نے	میرے رسولوں کو	تو کیسا	ہوا	میرا انکار کرنا

اس کے دسویں حصے کو بھی نہیں پہنچے ہاں! انہوں نے میرے رسولوں کو جھٹلادیا سو میری سزا کیسی تھی۔

قُلْ اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ ۚ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ

قُلْ	اِنَّمَآ	اَعِظُكُمْ	بِوَاحِدَةٍ	اَنْ	تَقُوْمُوْا	لِلّٰهِ	مَثْنٰى	وَفُرَادٰى	ثُمَّ
فرماؤ	اسکے سوا نہیں کہ	میں نصیحت کرتا ہوں تم کو	ایک بات کی	یہ کہ	کھڑے ہو تم	اللہ کیلئے	دو دو	اور اکیلے اکیلے	پھر

فرمادیجئے میں تمہیں صرف ایک ہی بات کی نصیحت کرتا ہوں کہ تم اللہ کیلئے دو دو اور

تَتَفَكَّرُوْا ۫ مَا بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ جِنَّةٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ

تَتَفَكَّرُوْا	مَا	بِصَاحِبِكُمْ	مِّنْ جِنَّةٍ	اِنْ	هُوَ	اِلَّا	نَذِيْرٌ	لَّكُمْ	بَيْنَ يَدَيْ
سوچو کہ	نہیں ہے	تمہارا ساتھی	دیوانہ	نہیں	وہ	مگر	ڈرانے والے	تمہیں	آگے

ایک ایک کھڑے ہو جاؤ پھر سوچو تمہارے ساتھی کو کوئی جنون تو نہیں وہ تو سخت

عَذَابٍ شَدِيْدٍ ﴿٤٦﴾ قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ۭ اِنْ اَجْرِيَ

عَذَابٍ	شَدِيْدٍ	قُلْ	مَا	سَاَلْتُكُمْ	مِّنْ	اَجْرٍ	فَهُوَ	لَكُمْ	اِنْ	اَجْرِيَ
عذاب	سخت کے	فرماؤ	جو	مانگوں میں تم سے	کوئی	اجر	تو وہ	تمہارے لیے ہے	نہیں	میرا اجر

عذاب سے پہلے تمہیں خبردار کرنے والا ہے۔ فرما دیجئے جو اجر میں نے تم سے مانگا ہو وہ تم ہی رکھو

اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿٤٧﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَقْذِفُ

اِلَّا	عَلَى	اللّٰهِ	وَهُوَ	عَلٰي	كُلِّ	شَيْءٍ	شَهِيْدٌ	قُلْ	اِنَّ	رَبِّيْ	يَقْذِفُ
مگر	اوپر	اللہ کے ہے	اور وہ	اوپر	ہر	چیز کے	گواہ ہے	فرماؤ	بیشک	میرا رب	ڈالتا ہے

میرا اجر تو صرف اللہ پر ہے اور وہ ہر چیز پر نگہبان ہے۔ فرما دیجئے بے شک میرا رب حق کی ضرب لگاتا ہے

Marfat.com

بِالْحَقِّ ۚ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ﴿۴۸﴾ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا

بِالْحَقِّ	عَلَّامُ	الْغُيُوبِ	قُلْ	جَآءَ الْحَقُّ	وَ	مَا يُبْدِئُ	الْبَاطِلُ	وَمَا
حق کو	جاننے والا ہے	غیبوں کا	فرماؤ	حق آیا	اور	پہل نہ کرے	باطل	اور نہ

بہت جاننے والا سب غیبوں کا۔ اور اگر وہ تمہیں جھٹلاتے ہیں تو تحقیق آپ سے پہلے بھی بہت سے رسول جھٹلائے جا چکے ہیں۔

يُعِيدُ ﴿۴۹﴾ قُلْ إِنْ ضَلَلْتُ فَإِنَّمَآ أَضِلُّ عَلَىٰ نَفْسِي ۖ وَإِنِ اهْتَدَيْتُ

يُعِيدُ	قُلْ	إِنْ	ضَلَلْتُ	فَإِنَّمَآ	أَضِلُّ	عَلَىٰ	نَفْسِي	وَ	إِنِ	اهْتَدَيْتُ
پھر کر آئے	فرماؤ	اگر	میں گمراہ ہوں	تو	میری گمراہی	اوپر	میرے ہے	اور	اگر	میں ہدایت پاؤں

اور سارے معاملات اللہ تعالیٰ ہی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں۔ فرمادیجئے اگر میں بہکا تو اپنے ہی بُرے کو بہکا اور اگر میں نے

فَبِمَا يُوحِيٓ إِلَيَّ رَبِّي ۚ إِنَّهُ سَمِيعٌ قَرِيبٌ ﴿۵۰﴾ وَلَوْ تَرَىٰٓ إِذْ فَزِعُوا

فَبِمَا	يُوحِيٓ	إِلَيَّ	رَبِّي	إِنَّهُ	سَمِيعٌ	قَرِيبٌ	وَ	لَوْ	تَرَىٰٓ	إِذْ	فَزِعُوا
تو اس سے جو	وحی کرتا ہے	میری طرف	میرا رب	بیشک وہ	سننے والا	قریب ہے	اور	اگر	تو دیکھے	جب	وہ گھبراہٹ میں ڈالے جائیں گے

راہ پائی تو اس کے سبب جو میرا رب میری طرف وحی فرماتا ہے بیشک وہ سننے والا نزدیک ہے۔ اور اگر تم ان کا حال دیکھیں جب

فَلَا فَوْتَ وَأُخِذُوا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيبٍ ﴿۵۱﴾ وَقَالُوٓا آمَنَّا بِهِ ۚ وَأَنَّىٰ لَهُمُ

فَلَا فَوْتَ	وَأُخِذُوا	مِنْ مَّكَانٍ	قَرِيبٍ	وَقَالُوٓا	آمَنَّا	بِهِ	وَأَنَّىٰ	لَهُمُ
پھر بچ کر نہ نکل سکیں گے	اور پکڑے جائیں گے	جگہ ہی	قریب سے	اور کہیں گے	ہم ایمان لائے	اس پر	اور کہاں ہے	ان کیلئے

وہ گھبرائے ہوئے ہوں گے پھر وہ بچ نہ سکیں گے اور قریبی جگہ سے پکڑ لئے جائیں گے۔ اور کہیں گے ہم اس پر ایمان لائے مگر

التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍ بَعِيدٍ ﴿۵۲﴾ وَقَدْ كَفَرُوا بِهِ مِنْ قَبْلُ ۖ وَيَقْذِفُونَ

التَّنَاوُشُ	مِنْ مَّكَانٍ	بَعِيدٍ	وَ	قَدْ	كَفَرُوا	بِهِ	مِنْ قَبْلُ	وَ	يَقْذِفُونَ
حاصل کرنا	جگہ	دور سے	اور	بیشک	کفر کیا انہوں نے	اس کا	پہلے	اور	پھینکتے ہیں

اب اتنی دور دراز جگہ سے وہ اسے کہاں پا سکتے ہیں؟ حالانکہ وہ اس سے پہلے کفر کر چکے تھے اور بغیر دیکھے اندھیرے میں تیر

Marfat.com

بِالْغَيْبِ مِنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ ﴿۵۳﴾ وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ كَمَا

بِالْغَيْبِ	مِنْ مَّكَانٍ	بَعِيْدٍ	وَ	حِيْلَ	بَيْنَهُمْ	وَ	بَيْنَ	مَا	يَشْتَهُوْنَ	كَمَا
غیب کی باتیں	جگہ	دور سے	اور	حائل ہوگا	ان کے	اور	درمیان	اسکے جو	چاہیں گے	جیسا کہ

چلاتے ہیں بہت دور کی جگہ سے۔ اور رکاوٹ پیدا کر دی جائے گی ان کے اور ان کی خواہشات کے درمیان

فُعِلَ بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ ﴿۵۴﴾ ع ۶ ۹ ۱۲

فُعِلَ	بِاَشْيَاعِهِمْ	مِّنْ قَبْلُ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	فِيْ شَكٍّ	مُّرِيْبٍ
کیا گیا	اسکے ساتھیوں سے	پہلے	بیشک وہ	تھے	شک میں	دھوکے والے کے

جیسا کہ اس سے پہلے ان کے ہم مشرب گروہوں کے ساتھ کیا گیا بے شک وہ دھوکہ دینے والے شک میں پڑے ہوئے تھے۔

آیاتہا ۴۵ — ۳۵ سُوْرَۃُ فَاطِرٍ مَّكِّيَّةٌ ۴۳ — رکوعاتہا ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	فَاطِرِ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	جَاعِلِ	الْمَلٰٓئِكَةِ	رُسُلًا
تمام تعریفیں	اللہ ہی کی ہیں	پیدا کرنے والا ہے	آسمانوں	اور	زمین کا	بنانے والا ہے	فرشتوں کو	پیغام رساں

سب خوبیاں اللہ کو جو آسمانوں اور زمین کا بنانے والا فرشتوں کو قاصد بنا کر بھیجنے والا

اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ؕ يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ

اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ	مَّثْنٰى	وَ	ثُلٰثَ	وَ	رُبٰعَ	يَزِيْدُ	فِي	الْخَلْقِ	مَا	يَشَآءُ	اِنَّ
پروں والے	دو دو	اور	تین تین	اور	چار چار	بڑھاتا ہے	میں	پیدائش	جو	چاہے	بیشک

جن کے دو دو تین تین چار چار پر ہیں وہ مخلوق میں جو چاہتا ہے اضافہ کر دیتا ہے بے شک

Marfat.com

اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۱﴾ مَا یَفۡتَحِ اللّٰہُ لِلنَّاسِ مِنۡ رَّحۡمَۃٍ فَلَا

اللّٰہَ	عَلٰی	کُلِّ	شَیۡءٍ	قَدِیۡرٌ	مَا	یَفۡتَحِ	اللّٰہُ	لِلنَّاسِ	مِنۡ رَّحۡمَۃٍ	فَلَا
اللہ	اوپر	ہر	چیز کے	قادر ہے	جو	کھولے	اللہ	لوگوں کیلئے	اپنی رحمت سے	تو نہیں

اللہ ہر چاہت پر قادر ہے۔ اللہ تعالیٰ جو رحمت کے دروازے لوگوں کیلئے کھولے اس کا

مُمۡسِکَ لَہَا ۚ وَمَا یُمۡسِکۡ ۙ فَلَا مُرۡسِلَ لَہٗ مِنۡۢ بَعۡدِہٖ ؕ وَہُوَ

مُمۡسِکَ	لَہَا	وَ	مَا	یُمۡسِکۡ	فَلَا	مُرۡسِلَ	لَہٗ	مِنۡ	بَعۡدِہٖ	وَ	ہُوَ
کوئی روکنے والا	اس کو	اور	جو	روک لے	تو نہیں کوئی	بھیجنے والا	اس کو	اس کے	بعد	اور	وہ

کوئی روکنے والا نہیں اور جو کچھ وہ روک لے تو اس کی روک کے بعد اس کا کوئی بھیجنے والا نہیں اور

الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ﴿۲﴾ یٰۤاَیُّہَا النَّاسُ اذۡکُرُوۡا نِعۡمَتَ اللّٰہِ عَلَیۡکُمۡ ؕ ہَلۡ

الۡعَزِیۡزُ	الۡحَکِیۡمُ	یٰۤاَیُّہَا	النَّاسُ	اذۡکُرُوۡا	نِعۡمَتَ	اللّٰہِ	عَلَیۡکُمۡ	ہَلۡ
عزت والا ہے	حکمت والا ہے	اے	لوگو	یاد کرو	احسان	اللہ کا	اپنے اوپر	کیا کوئی

وہی عزت و حکمت والا ہے۔ اے لوگو! اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو یاد کرو کیا

مِنۡ خَالِقٍ غَیۡرُ اللّٰہِ یَرۡزُقُکُمۡ مِّنَ السَّمَآءِ وَالۡاَرۡضِ ؕ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا

مِنۡ خَالِقٍ	غَیۡرُ	اللّٰہِ	یَرۡزُقُکُمۡ	مِّنَ السَّمَآءِ	وَ	الۡاَرۡضِ	لَاۤ	اِلٰہَ	اِلَّا
پیدا کرنیوالا ہے	سوائے	اللہ کے	رزق دیتا ہے تم کو	آسمان سے	اور	زمین سے	نہیں	کوئی معبود	مگر

اللہ کے سوا بھی کوئی خالق ہے جو آسمان اور زمین سے تمہیں رزق دیتا ہو؟ اس کے سوا کوئی خدا نہیں

ہُوَ ۫ فَاَنّٰی تُؤۡفَکُوۡنَ ﴿۳﴾ وَاِنۡ یُّکَذِّبُوۡکَ فَقَدۡ کُذِّبَتۡ رُسُلٌ مِّنۡ قَبۡلِکَ ؕ

ہُوَ	فَاَنّٰی	تُؤۡفَکُوۡنَ	وَ	اِنۡ	یُّکَذِّبُوۡکَ	فَقَدۡ	کُذِّبَتۡ	رُسُلٌ	مِّنۡ قَبۡلِکَ
وہی	تو کہاں	پھیرے جاتے ہو	اور	اگر	آپ کو جھٹلائیں	تو بیشک	جھٹلائے گئے	رسول	آپ سے پہلے

مگر تم بہکائے جارہے ہو؟ اور اگر لوگ آپ ﷺ جھٹلاتے ہیں تو آپ سے پہلے بھی رسولوں کو جھٹلایا گیا

Marfat.com

وَ اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۴﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

وَ	اِلٰى	اللّٰهِ	تُرْجَعُ	الْاُمُوْرُ	يٰۤاَيُّهَا	النَّاسُ	اِنَّ	وَعْدَ	اللّٰهِ
اور	طرف	اللہ کی	لوٹائے جاتے ہیں	سب کام	اے	لوگو	بیشک	وعدہ	اللہ کا

اور اللہ ہی کی طرف معاملات لوٹائے جاتے ہیں۔ اے لوگو! بے شک اللہ کا وعدہ حق ہے تو ہرگز تمہیں دنیا کی

حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وقفة وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۵﴾ اِنَّ

حَقٌّ	فَلَا	تَغُرَّنَّكُمُ	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَا	وَلَا	يَغُرَّنَّكُمْ	بِاللّٰهِ	الْغَرُوْرُ	اِنَّ
سچا ہے	تو نہ	دھوکہ دے تمہیں	زندگی	دنیا کی	اور نہ	دھوکہ دے تم کو	اللہ کے متعلق	دھوکے باز	بیشک

زندگی دھوکے میں نہ ڈال دے اور اللہ کے بارے میں فریبی (شیطان) تمہیں ہرگز فریب میں نہ مبتلا کر دے۔ بے شک شیطان

الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا ط اِنَّمَا يَدْعُوْا حِزْبَهٗ لِيَكُوْنُوْا

الشَّيْطٰنَ	لَكُمْ	عَدُوٌّ	فَاتَّخِذُوْهُ	عَدُوًّا	اِنَّمَا	يَدْعُوْا	حِزْبَهٗ	لِيَكُوْنُوْا
شیطان	تمہارا	دشمن ہے	تو اسے سمجھو	دشمن	اسکے سوا نہیں کہ	کہ بلاتا ہے وہ	اپنے گروہ کو	تاکہ ہوں وہ

تمہارا دشمن ہے تو تم بھی اسے دشمن (ہی) سمجھو اس کے سوا کچھ نہیں کہ وہ اپنے گروہ کو اس لئے بلاتا ہے

مِنْ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ﴿۶﴾ ط اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ط

مِنْ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ	اَلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لَهُمْ	عَذَابٌ	شَدِيْدٌ
دوزخ والوں سے	وہ جو	کافر ہوئے	ان کے لیے	عذاب ہے	سخت

کہ وہ دوزخ والوں میں سے ہو جائیں۔ کافروں کیلئے سخت عذاب ہے اور جو ایمان لائے

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿۷﴾ ع ع ۲ ۱۴

وَ	اَلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّ	اَجْرٌ	كَبِيْرٌ
اور	وہ جو	ایمان لائے	اور	عمل کیے	اچھے	ان کیلئے	بخشش ہے	اور	اجر	بڑا

اور اچھے کام کیے ان کیلئے بخشش اور بڑا ثواب ہے۔

Marfat.com

أَفَمَنْ زُيِّنَ لَهُ سُوءُ عَمَلِهِ فَرَآهُ حَسَنًا ۖ فَإِنَّ اللَّهَ يُضِلُّ مَنْ يَشَاءُ

اَفَمَنْ	زُيِّنَ	لَهٗ سُوْٓءُ	عَمَلِهٖ	فَرَاٰهُ	حَسَنًا	فَاِنَّ	اللّٰهَ	يُضِلُّ	مَنْ يَّشَآءُ
تو کیا وہ جس کو	خوشنما معلوم ہو	اسکو برے	عمل اسکے	تو دیکھا اسکو	اچھے	تو بیشک	اللہ	گمراہ کرتا	جسے چاہے

تو کیا وہ جس کی نگاہ میں اس کا برا کام خوشنما بنا دیا یا کہ اس نے اچھا سمجھا ہدایت والے کی طرح ہو جائیگا

وَيَهْدِي مَنْ يَشَاءُ ۖ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرَاتٍ ۚ إِنَّ

وَ	يَهْدِيْ	مَنْ	يَّشَآءُ	فَلَا	تَذْهَبْ	نَفْسُكَ	عَلَيْهِمْ	حَسَرٰتٍ	اِنَّ
اور	ہدایت دیتا ہے	جسے	چاہے	تو نہ	چلی جائے	آپ کی جان	ان پر	حسرتوں میں	بیشک

اس لئے اللہ گمراہ کرتا ہے جسے چاہے اورراہ ہدایت دیتا ہے جسے چاہے تو تمہاری جان ان پر حسرت میں

اللَّهَ عَلِيمٌ بِمَا يَصْنَعُونَ ﴿٨﴾ وَاللَّهُ الَّذِي أَرْسَلَ الرِّيَاحَ فَتُثِيرُ

اللّٰهَ	عَلِيْمٌ	بِمَا	يَصْنَعُوْنَ	وَ	اللّٰهُ	الَّذِيْ	اَرْسَلَ	الرِّيٰحَ	فَتُثِيْرُ
اللہ	جانتا ہے	جو وہ	کرتے ہیں	اور	اللہ	وہ ہے جس نے	بھیجا	ہواؤں کو	تو اٹھاتی ہیں

نہ رہ جائے اللہ خوب جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔ اور اللہ وہ ہے جو ہواؤں کو چلاتا ہے پھر وہ بادل کو ابھارتی ہیں

سَحَابًا فَسُقْنَاهُ إِلَىٰ بَلَدٍ مَيِّتٍ فَأَحْيَيْنَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ

سَحَابًا	فَسُقْنٰهُ	اِلٰى	بَلَدٍ	مَّيِّتٍ	فَاَحْيَيْنَا	بِهٖ	الْاَرْضَ	بَعْدَ	مَوْتِهَا
بادل	پھر لے جاتے ہیں ہم اسکو	طرف	شہر	مردہ کے	تو ہم زندہ کردیتے ہیں	اس سے	زمین کو	بعد	اسکے مرنے کے

پھر ہم اسے مردہ شہر کی طرف ہانک دیتے ہیں پھر اس سے زمین کو اسکے مردہ ہو جانے کے بعد زندہ کر دیتے ہیں

كَذَٰلِكَ النُّشُورُ ﴿٩﴾ مَنْ كَانَ يُرِيدُ الْعِزَّةَ فَلِلَّهِ الْعِزَّةُ جَمِيعًا ۚ إِلَيْهِ

كَذٰلِكَ	النُّشُوْرُ	مَنْ	كَانَ	يُرِيْدُ	الْعِزَّةَ	فَلِلّٰهِ	الْعِزَّةُ	جَمِيْعًا	اِلَيْهِ
یوں ہی	حشر میں اٹھنا ہے	جو	ہے	چاہتا	عزت	تو اللہ ہی کیلئے	عزت	ساری	اسکی طرف

اسی طرح (مردوں کا) دوبارہ اٹھنا ہوگا۔ جو کوئی عزت چاہتا ہے تو عزت سب اللہ کے پاس ہے

Marfat.com

يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ ۭ وَالَّذِيْنَ

يَصْعَدُ	الْكَلِمُ	الطَّيِّبُ	وَ	الْعَمَلُ	الصَّالِحُ	يَرْفَعُهٗ	وَالَّذِيْنَ
چڑھتے ہیں	کلمات	پاکیزہ	اور	عمل	نیک	اٹھاتا ہے اسکو	اور وہ جو

اسی کی طرف پاکیزہ کلام چڑھتا ہے اور نیک عمل کو وہ بلند کرتا ہے اور جو لوگ

يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۭ وَمَكْرُ اُولٰۗئِكَ هُوَ

يَمْكُرُوْنَ	السَّيِّاٰتِ	لَهُمْ	عَذَابٌ	شَدِيْدٌ	وَمَكْرُ	اُولٰۗئِكَ	هُوَ
داؤں کرتے ہیں	برے	ان کیلئے	عذاب ہے	سخت	اور مکر	ان کا	وہ

بُرے کاموں کی تدبیریں کرتے ہیں انہیں سخت عذاب ہو گا اور ان کی تدبیریں خود ہی

يَبُوْرُ ﴿۱۰﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ

يَبُوْرُ	وَ	اللّٰهُ	خَلَقَكُمْ	مِّنْ تُرَابٍ	ثُمَّ	مِنْ نُّطْفَةٍ	ثُمَّ	جَعَلَكُمْ
برباد ہوگا	اور	اللہ نے	پیدا کیا تم کو	مٹی سے	پھر	نطفہ سے	پھر	بنایا تم کو

مٹ کر رہیں گی۔ اور اللہ تعالیٰ نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر نطفے سے پھر تمہارے جوڑے بنائے۔

اَزْوَاجًا ۭ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ۭ وَمَا يُعَمَّرُ

اَزْوَاجًا	وَ	مَا	تَحْمِلُ	مِنْ اُنْثٰى	وَ	لَا	تَضَعُ	اِلَّا	بِعِلْمِهٖ	وَ	مَا	يُعَمَّرُ
جوڑے جوڑے	اور	نہیں	حاملہ ہوتی	کوئی مادہ	اور	نہیں	جنتی	مگر	اسکے علم میں ہے	اور	نہیں	عمر دیا جاتا

اور کوئی مادہ حاملہ نہیں ہوتی اور نہ کوئی بچہ جنتی ہے مگر اُس کے علم سے۔ اور کسی عمر پانے والے کو عمر نہیں دی جاتی

مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى

مِنْ مُّعَمَّرٍ	وَ	لَا	يُنْقَصُ	مِنْ عُمُرِهٖٓ	اِلَّا	فِيْ كِتٰبٍ	اِنَّ	ذٰلِكَ	عَلَى
کوئی عمر رسیدہ	اور	نہ	کمی کی جاتی ہے	اس کی عمر سے	مگر	کتاب میں ہے	بیشک	یہ	اوپر

اور نہ کسی کی عمر میں کمی کی جاتی ہے مگر وہ ایک کتاب میں (لکھا) ہوتا ہے۔ یقیناً یہ

Marfat.com

اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿١١﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرٰنِ ۖ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَآئِغٌ

اللّٰهِ	يَسِيْرٌ	وَ	مَا	يَسْتَوِي	الْبَحْرٰنِ	هٰذَا	عَذْبٌ	فُرَاتٌ	سَآئِغٌ
اللہ کے	آسان ہے	اور	نہیں	برابر ایک سے ہوئے	دو سمندر	یہ	میٹھا ہے	خوب میٹھا	خوشگوار ہے

اللہ تعالیٰ پر آسان ہے۔ اور دونوں دریا یکساں نہیں یہ (ایک) میٹھا ہے بہت میٹھا اس کا پینا نہایت خوشگوار ہے

شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۖ وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا

شَرَابُهٗ	وَ	هٰذَا	مِلْحٌ	اُجَاجٌ	وَ	مِنْ كُلٍّ	تَاْكُلُوْنَ	لَحْمًا	طَرِيًّا
اس کا پانی	اور	یہ	نمکین ہے	کڑوا	اور	ہر ایک میں سے	کھاتے ہو	گوشت	تازہ

اور یہ (دوسرا) نمکین سخت کڑوا ہے اور تم ہر ایک میں سے تازہ گوشت کھاتے ہو اور نکالتے ہو

وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ مَوَاخِرَ

وَ	تَسْتَخْرِجُوْنَ	حِلْيَةً	تَلْبَسُوْنَهَا	وَ	تَرَى	الْفُلْكَ	فِيْهِ	مَوَاخِرَ
اور	نکالتے ہو	زیور کہ	پہنتے ہو اس کو	اور	دیکھتا ہے تو	کشتی کو	اس میں	پھاڑتی ہے

زیور جسے تم پہنتے ہو اور (سننے والے!) تو اس میں کشتیوں کو دیکھتا ہے کہ پانی کو چیرتی چلی جاتی ہیں

لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿١٢﴾ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ

لِتَبْتَغُوْا	مِنْ فَضْلِهٖ	وَ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ	يُوْلِجُ	الَّيْلَ	فِي النَّهَارِ
تاکہ تم ڈھونڈو	اس کا فضل	اور	تاکہ تم	شکر کرو	داخل کرتا ہے	رات کو	دن میں

تاکہ تم اس کا فضل تلاش کرو اور تاکہ تم شکر گزار ہو جاؤ۔ وہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے

وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۙ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ يَّجْرِيْ

وَ	يُوْلِجُ	النَّهَارَ	فِي الَّيْلِ	وَ	سَخَّرَ	الشَّمْسَ	وَ	الْقَمَرَ	كُلٌّ	يَّجْرِيْ
اور	داخل کرتا ہے	دن کو	رات میں	اور	تابع کیا	سورج کو	اور	چاند کو	ہر ایک	چلتا ہے

اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے۔ اور سوج اور چاند کو اس نے مسخر کر رکھا ہے۔ یہ سب ایک

Marfat.com

لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ۚ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ

لِاَجَلٍ	مُّسَمًّى	ذٰلِكُمُ	اللّٰهُ	رَبُّكُمْ	لَهُ	الْمُلْكُ	وَ	الَّذِيْنَ	تَدْعُوْنَ
مدت	مقرر تک	یہ ہے تمہارا	اللہ	تمہارا رب	اسی کی	بادشاہی ہے	اور	وہ جن کو	تم پکارتے ہو

مقررہ مدت کے لیے چلے جا رہے ہیں۔ یہ ہے اللہ تعالیٰ تمہارا رب۔ بادشاہی اُسی کی ہے۔ اور اُس کے

مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ﴿۱۳﴾ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا

مِنْ دُوْنِهٖ	مَا	يَمْلِكُوْنَ	مِنْ قِطْمِيْرٍ	اِنْ	تَدْعُوْهُمْ	لَا	يَسْمَعُوْا
اس کے سوا	نہیں	مالک ہیں	کھجور کی گٹھلی کے چھلکے کے	اگر	تم پکارو ان کو	نہ	سنیں گے

سوا تم جن کو پکارتے ہو وہ کھجور کی گٹھلی کے چھلکے کے بھی مالک نہیں۔ تم انہیں پکارو تو تمہاری پکار نہ سنیں

دُعَآءَكُمْ ۚ وَلَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ

دُعَآءَكُمْ	وَ	لَوْ	سَمِعُوْا	مَا	اسْتَجَابُوْا	لَكُمْ	وَيَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	يَكْفُرُوْنَ
تمہاری پکار	اور	اگر	سن بھی لیں تو	نہ	جواب دیں	تم کو	اور دن	قیامت کے	انکار کریں گے

اور بالفرض سن بھی لیں تو تمہاری حاجت نہ روائی کر سکیں اور قیامت کے دن وہ تمہارے شرک سے منکر ہوں گے

بِشِرْكِكُمْ ۚ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ﴿۱۴﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ع ۲

بِشِرْكِكُمْ	وَ	لَا	يُنَبِّئُكَ	مِثْلُ	خَبِيْرٍ	يٰٓاَيُّهَا	النَّاسُ	اَنْتُمُ	الْفُقَرَآءُ
تمہارے شرک کا	اور	نہ	بتائے گا تجھ کو	مثل	خبر والے کے	اے	لوگو	تم سب	محتاج ہو

اور تمہیں کوئی نہ بتائے گا اس بتانے والے باخبر کی طرح۔ اے لوگو! تم اللہ کے سامنے نادار ہو

اِلَى اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۱۵﴾ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ

اِلَى اللّٰهِ	وَاللّٰهُ	هُوَ	الْغَنِيُّ	الْحَمِيْدُ	اِنْ	يَّشَاْ	يُذْهِبْكُمْ	وَ	يَاْتِ
اللہ کے	اور اللہ	وہی ہے	بے نیاز	تعریف کیا گیا	اگر	چاہے	لے جائے تم کو	اور	لے آئے

اور اللہ ہی بے نیاز اور صاحب تعریف ہے۔ اگر وہ چاہے تو تمہیں لے جائے اور کوئی نئی

Marfat.com

بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝١٦ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ۝١٧ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ

بِخَلْقٍ	جَدِيْدٍ	وَ	مَا	ذٰلِكَ	عَلَى	اللّٰهِ	بِعَزِيْزٍ	وَ	لَا	تَزِرُ	وَازِرَةٌ
مخلوق	نئی	اور	نہیں	یہ	اوپر	اللہ کے	مشکل	اور	نہ	اٹھائے گی	کوئی بوجھ اٹھانے والی جان

مخلوق لے آئے۔ اور یہ اللہ پر کچھ بھی دشوار نہیں۔ اور کوئی بوجھ اٹھانے

وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَاِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ اِلٰى حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ

وِّزْرَ	اُخْرٰى	وَ	اِنْ	تَدْعُ	مُثْقَلَةٌ	اِلٰى	حِمْلِهَا	لَا	يُحْمَلْ	مِنْهُ	شَيْءٌ
بوجھ	دوسرے کا	اور	اگر	پکارے	کوئی بوجھل	طرف	اپنے بوجھ کی	نہ	اٹھایا جائے	اس سے	کچھ

والا کسی دوسرے کا بوجھ نہ اٹھائے گا اور اگر کوئی بوجھ والا اپنا بوجھ اٹھانے کیلئے کسی کو بلائے تو اس کے بوجھ میں

وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ؕ اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ

وَ	لَوْ	كَانَ	ذَا قُرْبٰى	اِنَّمَا	تُنْذِرُ	الَّذِيْنَ	يَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ	بِالْغَيْبِ
اور	اگرچہ	ہو وہ	قرابت دار	اسکے سوا نہیں کہ	تمہارا ڈرانا ہے	ان کو جو	ڈرتے ہیں	اپنے رب سے	بن دیکھے

سے کچھ نہ اٹھایا جائے گا اگرچہ قریبی رشتہ دار ہو (اے محبوب ﷺ) آپ ان ہی لوگوں کو ڈر سناتے رہیں

وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَمَنْ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى لِنَفْسِهٖ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ

وَ	اَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	وَ	مَنْ	تَزَكّٰى	فَاِنَّمَا	يَتَزَكّٰى	لِنَفْسِهٖ	وَ	اِلَى	اللّٰهِ
اور	قائم کرتے ہیں	نماز	اور	جو	پاک ہوا	تو وہ	پاک ہوا	اپنی جان کیلئے	اور	طرف	اللہ کی

